UKaid
from the British people

I-SAPS Institute of Social and Policy Sciences
Informing Policies, Reforming Practices

# ملٹی گریڈ ٹیچنگ

## ٹریننگ مینوئل برائے اساتذہ

## گریڈ ECCE-5







گریڈ ECCE-5

# ملٹی گریڈ ٹیچنگ

## ٹریننگ مینوئل برائے اساتذہ

قائداعظم اکیڈمی فار ایجوکیشنل ڈیولپمنٹ پنجاب کے ملٹی گریڈ ٹیچنگ پائلٹ پروگرام

2021-22 سے اخذ شدہ

# فہرست



| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| پیش لفظ | v |
| مقاصد | vii |
| یومیہ ترتیب/ایجنڈا | viii |
| **پہلا دن** | 1 |
| **ماڈیول 1: ملٹی گریڈ ٹیچنگ کا تعارف** | 2 |
| ملٹی گریڈ کا تعارف | 3 |
| مونو گریڈ اور ملٹی گریڈ میں فرق | 3 |
| ملٹی گریڈ کی ضرورت | 4 |
| ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں گریڈز یکجا کرنے کے لیے معیارات | 5 |
| ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے مسائل اور تجاویز | 5 |
| کامیاب ملٹی گریڈ ٹیچنگ | 6 |
| ہینڈآوٹ 1: ملٹی گریڈ صورتحال کی پہچان | 7 |
| ہینڈآوٹ 2: ملٹی گریڈ ٹیچنگ | 8 |
| ہینڈآوٹ 3: ملٹی گریڈ اور مونو گریڈ میں فرق | 9 |
| ہینڈآوٹ 4: ملٹی گریڈ ٹیچنگ کی ضرورت | 10 |
| ہینڈآوٹ 5: ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں گریڈز یکجا کرنے کے لیے معیارات | 12 |
| ہینڈآوٹ 6: کامیاب ملٹی گریڈ ٹیچنگ | 14 |
| **ماڈیول 2: سیکھنے کے طریقے اور سیکھنے کا ماحول** | 15 |
| سیکھنا کسے کہتے ہیں؟ | 16 |
| ہم کیسے سیکھتے ہیں؟ | 17 |
| سیکھنے کے طریقے Learning style | 17 |
| مختلف ذہانتیں/قابلیتیں | 18 |
| سیکھنے کا ماحول | 18 |
| کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی | 19 |
| کمرۂ جماعت کا نقشہ | 19 |
| ورک شیٹ 1: سیکھنے کے مختلف ذرائع | 20 |

| | |
|---|---|
| ورک شیٹ 2: سیکھنے کے مختلف طریقے | 21 |
| ہینڈ آوٹ 1: سیکھنے کے مختلف طریقے | 24 |
| ہینڈ آوٹ 2: مختلف ذہانتیں | 25 |
| ہینڈ آوٹ 3: کمرہ جماعت کی تنظیم سازی | 26 |
| ورک شیٹ 3: کمرۂ جماعت کی طبعی تنظیم سازی کی جانچ کے لیے چیک لسٹ | 27 |
| ہینڈ آوٹ 4: کمرۂ جماعت کا نقشہ | 29 |
| **دوسرا دن** | 34 |
| **ماڈیول 3: اُستاد کا کردار اور ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اصول** | 34 |
| ملٹی گریڈ کلاس میں استاد کا کردار | 34 |
| میرا طریقہ تدریس | 35 |
| ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اصول | 35 |
| ملٹی گریڈ کلاس میں طلبہ کی شمولیت | 36 |
| ہینڈ آوٹ 1: اُستاد کا کردار | 38 |
| ہینڈ آوٹ 2: یہ میرے بارے میں ہے۔ | 42 |
| ورک شیٹ 1: ایکشن پلان | 44 |
| ہینڈ آوٹ 3: ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اصول | 45 |
| ہینڈ آوٹ 4: ملٹی گریڈ کلاس میں طلبہ کا کردار | 48 |
| **تیسرا دن** | 52 |
| **ماڈیول 4: ملٹی گریڈ تعلیمی کیلنڈر** | 52 |
| تعلیمی کیلنڈر کا تعارف اور اہمیت | 53 |
| ملٹی گریڈ تدریس کے لیے اکیڈمک کیلنڈر | 53 |
| ملٹی گریڈز ٹیچنگ میں تعلیمی کیلنڈر تیار کرنے کے لیے بنیادی اصول | 54 |
| ECCE اور گریڈ- 1 اکیڈمک کیلنڈر | 55 |
| گریڈ- 2 اور گریڈ- 3 اکیڈمک کیلنڈر | 55 |
| گریڈ- 4 اور گریڈ- 5 اکیڈمک کیلنڈر | 56 |
| ہینڈ آوٹ 1: تعلیمی کیلنڈر کا تعارف اور اہمیت | 57 |

| | |
|---|---|
| 60 | ہینڈ آوٹ 2: ملٹی گریڈ ٹیچنگ، تعلیمی کیلنڈر کی ضرورت |
| 62 | ہینڈ آوٹ 3: ملٹی گریڈز ٹیچنگ کے لیے تعلیمی کیلنڈر بنانا |
| 65 | ہینڈ آوٹ 4: تعلیمی کیلنڈر بنانے کے لیے فارمٹ |
| 66 | ہینڈ آوٹ 5: تعلیمی کیلنڈر ECCE اور گریڈ-1 (ایک ماہ کی مثال) |
| 73 | ہینڈ آوٹ 6: تعلیمی کیلنڈر گریڈ– 2 اور گریڈ– 3 (ایک ماہ کی مثال) |
| 79 | ہینڈ آوٹ 7: تعلیمی کیلنڈر گریڈ– 4 اور گریڈ– 5 (ایک ماہ کی مثال) |
| 91 | **چوتھا دن** |
| 91 | **ماڈیول 5: منصوبہ سازی کی اہمیت، تدریسی حکمت عملیاں اور سبق کی منصوبہ بندی** |
| 92 | منصوبہ سازی کی اہمیت |
| 92 | روزمرہ کے معمولات اور منصوبہ بندی |
| 92 | گروپ ورک کا تعارف اور اقسام |
| 94 | سبق کی منصوبہ بندی/لیسن پلان |
| 95 | طریقہ تدریس-چند حکمت عملیاں |
| 96 | ہینڈ آوٹ 1: منصوبہ سازی کی اہمیت |
| 100 | ہینڈ آوٹ 2: کلاس روم روٹین/روزمرہ کے معمولات |
| 103 | ہینڈ آوٹ 3: گروپ ورک |
| 104 | ہینڈ آوٹ 4: ورک شیٹ |
| 105 | ہینڈ آوٹ 5: گروپ کی اقسام |
| 108 | ہینڈ آوٹ 6: گروپ ورک کیسے کروائیں۔ |
| 111 | ہینڈ آوٹ 7: لیسن پلان فارمٹ |
| 112 | ہینڈ آوٹ 8: ملٹی گریڈ سبق کی منصوبہ بندی کے لیے رہنمائی |
| 114 | ہینڈ آوٹ 9: طریقہ تدریس |
| **120** | **پانچواں دن** |
| **120** | **ماڈیول 6: سبق کی منصوبہ بندی اور جائزہ کی حکمت عملیاں** |
| 121 | جائزہ/اسیسمنٹ اور اس کی اقسام |
| 121 | دورانِ تدریس جائزہ کی حکمت عملیاں |
| 122 | فیڈبیک اور ٹیچنگ ایڈجسٹمنٹ |
| 122 | سبق کی منصوبہ بندی کی مشق |
| 123 | لیسن پلان چیک لسٹ |

| | |
|---|---|
| ہینڈآوٹ 1: جائزہ اور اس کی اقسام | 124 |
| ہینڈآوٹ 2: دورانِ تدریس جائزہ کی حکمت عملیاں | 126 |
| ہینڈآوٹ 3: فیڈبیک کیسے دیں؟ | 131 |
| ہینڈآوٹ 4: تدریسی ہدایات میں ایڈجسٹمنٹ | 132 |
| ہینڈآوٹ 5: لیسن پلان چیک لسٹ | 134 |
| ہینڈآوٹ 6: ملٹی گریڈ لیسن پلان چیک لسٹ | 153 |
| **چھٹا دن:** | 156 |
| **ماڈیول 7: ملٹی گریڈ ٹیچنگ پریکٹس اور فیڈبیک** | **156** |
| ٹیچرز ایولوشن طریقہ کار | 157 |
| ملٹی گریڈ تدریسی مشق (Teaching Demos) | 157 |
| ہینڈآوٹ 1: ٹیچرز ایولوشن فارم | 159 |

# پیش لفظ

ملٹی گریڈ جماعت کا تدریسی عمل اپنی بیشتر پیچیدگیوں کے باعث نہایت توجہ طلب ہے۔ پاکستان کے بہت سے پرائمری اسکولوں میں اساتذہ کی کمی ہے، جہاں مختلف گریڈز کے طلبہ کو ایک ساتھ پڑھایا جاتا ہے۔ جس کے باعث اساتذہ کو مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایک قابلِ غور بات یہ ہے کہ ا سکولوں میں ملٹی گریڈ کلاسسز شہری علاقوں کے مقابلے میں دیہی علاقوں میں نسبتاً زیادہ تعداد میں واقع ہیں۔ چونکہ ملٹی گریڈ کلاس روم، مونو گریڈ سے مختلف ہوتے ہیں اس لیے اساتذہ کے تدریسی طریقے بھی مختلف ہیں۔ لہذا ملٹی گریڈ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو ملٹی گریڈ ٹیچنگ اینڈ لرننگ پالیسی بنی ہوئی ہے، جس کے مطابق ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں نصاب، نصابی مواد بشمول مطالعہ کی سکیم، ٹائم ٹیبل اور تعلیمی کلینڈر بنیادی طور پر ملٹی گریڈ کے حوالے سے تیار کئے جائیں، تاکہ ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے دوران اساتذہ کی مناسب رہنمائی کی جاسکے۔

اس ضرورت کے پیشِ نظر، پنجاب کے ایسے تمام اسکول جہاں اساتذہ کی تعداد کم ہے اُن کے تعلیمی عمل کو موٴثر انداز میں جاری رکھنے کے لیے ملٹی گریڈ ٹیچنگ کو انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز (I- SAPS) کے ذریعے متعارف کروایا جارہا ہے۔ ان اسکولوں میں تدریس کے فرائض سرانجام دینے والے اساتذہ کرام کی پیشہ ورانہ معلومات اور مہارتوں کی تربیت ڈائریکٹریٹ آف پروفیشنل ڈویلپمنٹ کی ذمہ داری ہے۔ اس ٹریننگ کا بنیادی مقصد اساتذہ کو ایسی تربیت فراہم کرنا ہے جس کو بروئے کار لاتے ہوئے طلباء کی کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔ اس مقصد کے لیے بنایا گیا یہ تربیتی مینوئل ملٹی گریڈ پرائمری اسکولوں کے اساتذہ کرام کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں مزید نکھار پیدا کرنے کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔ اس کو سات حصّوں/ماڈیول میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصّہ میں اساتذہ کو ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے تصور سے متعارف کروایا گیا ہے۔ دوسرا ماڈیول اساتذہ کو سیکھنے کے مختلف طریقوں کے بارے میں آگاہی دینے کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔ جبکہ تیسرا حصّہ اُستاد کے کردار اور ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اصولوں کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ چوتھے اور پانچویں حصّہ میں ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں تعلیمی کیلنڈر بنانا، منصوبہ سازی کی اہمیت، تدریسی حکمتِ عملیوں اور سبق کی منصوبہ بندی کے بارے میں مختلف سرگرمیاں ترتیب دی گئی ہیں۔ تاکہ اساتذہ ان حکمتِ عملیوں کو استعمال کرتے ہوئے طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو بہتر بنا سکیں۔ چھٹے اور ساتویں ماڈیول میں اساتذہ کے لیے موٴثر سبق کی منصوبہ بندی کی مشق اور جائزہ کی حکمتِ عملیوں کے طریقہ کار کو بیان کیا گیا ہے۔ اساتذہ ان طریقوں کو استعمال کرتے ہوئے اپنے کلاس روم کے لیے موثر اسباق کی منصوبہ بندی اور جائزہ کی حکمت عملیوں کو استعمال کر سکیں۔ اساتذہ کی مدد اور رہنمائی کے لیے انگلش، اُردو، سائنس اور ریاضی کے اسباق مہیا کیے گئے ہیں تاکہ اساتذہ اُن کو اصل کلاس روم کے ماحول میں استعمال کر سکیں۔ اس تربیتی مینوئل میں ٹرینرز اور ٹیچرز دونوں کے لیے ہینڈ آؤٹس اور تربیتی مواد مہیا کیا گیا ہے۔

اس تربیتی مینوئل کو قائدِ اعظم اکیڈمی فار ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ، پنجاب کے ملٹی گریڈ ٹیچنگ پائلٹ پروگرام 22-2021 سے اخذ کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ یہ تربیتی پروگرام اساتذہ کو ملٹی گریڈ ٹیچنگ کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

## مقاصد

# شرکاء اس ٹریننگ کو کرنے کے بعد اس قابل ہو سکیں گے کہ :

1. ملٹی گریڈ کے تصور وضاحت کر سکیں گے اور ملٹی گریڈ تدریس کی ضرورت کے مختلف پہلوؤں کی نشان دہی کر سکیں گے۔
2. کامیاب ملٹی گریڈ تدریس کے اہم اصولوں/نکات کو بیان کر سکیں گے۔
3. ملٹی گریڈ میں استاد کے کردار پر بحث کر سکیں گے۔
4. ملٹی گریڈ تدریس کے درج ذیل پہلوؤں پر اپنے علم میں اضافہ کر سکیں گے:
   - طلبہ کی مختلف ذہانتوں اور سیکھنے کے انداز کے مطابق کمرہ جماعت کے ماحول اور ترتیب
   - منصوبہ بندی کی اہمیت اور کلاس روم روٹین
   - ملٹی گریڈ میں استعمال ہونے والی مختلف حکمت عملیاں اور تدریسی طریقے
   - قومی نصاب کے مطابق منصوبہ بندی
   - جائزہ/جانچ اور اس کی مختلف اقسام
   - دورانِ تدریس جانچ: حکمت عملیاں، فیڈ بیک اور تدریسی ہدایات میں ایڈجسٹمنٹ کے طریقے
5. ملٹی گریڈ کلاس کے لیے سبق کی منصوبہ بندی کر سکیں گے۔
6. ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے تعلیمی کیلنڈر بنا سکیں گے۔
7. دیے گئے اسباق کی منصوبہ بندی کے مطابق کلاس روم پریکٹس کر سکیں گے۔
8. کلاس روم مشاہدہ کرنے والوں سے فیڈ بیک لے کر اپنی تدریس بہتر بنا سکیں گے۔

## یومیہ ایجنڈا

| پہلا دن | ماڈیول 1: ملٹی گریڈ ٹیچنگ کا تعارف |
|---|---|
| وقت | سرگرمی |
| 09:00 – 09:30 | تلاوت، رجسٹریشن، حاضری ورکشاپ کے مقاصد، تعارف، مشترک اور مختلف |
| 09:30 – 10:00 | ملٹی گریڈ کا تعارف |
| 10:00 – 10:30 | مونو گریڈ اور ملٹی گریڈ میں فرق |
| 10:30 – 10:45 | ملٹی گریڈ کی ضرورت |
| 10:45 – 11:00 | چائے کا وقفہ |
| 11:00 – 11:15 | ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے مختلف جماعتوں کو اکھٹا کرنا |
| 11:15 – 11:40 | ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے مسائل اور تجاویز |
| 11:40 – 12:00 | کامیاب ملٹی گریڈ ٹیچنگ |
| | ماڈیول 2: سیکھنے کے طریقے اور سیکھنے کا ماحول |
| 12:00 – 12:10 | سیکھنا کسے کہتے ہیں؟ |
| 12:10 – 12:30 | ہم کیسے سیکھتے ہیں؟ |
| 12:30 –01:00 | سیکھنے کے طریقے Learning style |
| 01:00 – 02:00 | نماز اور کھانے کا وقفہ |
| 02:00 – 02:40 | مختلف ذہانتیں/ قابلیتیں |
| 02:40 – 03:10 | سیکھنے کا ماحول |
| 03:10 – 03:30 | کمرۂ جماعت کی طبعی تنظیم سازی |
| 03:30 – 04:40 | کمرۂ جماعت کا نقشہ |
| 04:40 – 05:00 | اعادہ اور اختتام |

| دوسرا دن | ماڈیول 3: اُستاد کا کردار اور ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اصول |
|---|---|
| وقت | سرگرمی |
| 09:00 – 09:30 | تلاوت، پچھلے دن کا اعادہ |
| 09:30 – 10:45 | ملٹی گریڈ کلاس میں استاد کا کردار |
| 10:45 – 11:00 | چائے کا وقفہ |
| 11:00 – 12:00 | میرا طریقہ تدریس |
| 12:00 – 01:00 | ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اصول |
| 01:00 – 02:00 | نماز اور کھانے کا وقفہ |
| 02:00 – 03:00 | ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اصول (جاری) |
| 03:00 – 04: 45 | ملٹی گریڈ کلاس میں طلبہ کی شمولیت |
| 04:45 – 05:00 | اعادہ اور اختتام |
| تیسرا دن | ماڈیول 4: تعلیمی کیلنڈر |
| وقت | سرگرمی |
| 09:00 – 09:30 | تلاوت، پچھلے دن کا اعادہ |
| 09:30 – 10:00 | تعلیمی کیلنڈر کا تعارف اور اہمیت |
| 10:00 – 10:45 | ملٹی گریڈ تدریس کے لیے تعلیمی کیلنڈر |
| 10:45 – 11:00 | چائے کا وقفہ |
| 11:00 – 12:00 | ملٹی گریڈز ٹیچنگ میں تعلیمی کیلنڈر تیار کرنے کے لیے بنیادی اصول |
| 12:00 – 01:00 | ECCE اور گریڈ- 1 تعلیمی کیلنڈر |
| 01:00 – 02:00 | نماز اور کھانے کا وقفہ |
| 02:00 – 03:00 | گریڈ- 2 اور گریڈ- 3 تعلیمی کیلنڈر |
| 03:00 – 04:00 | گریڈ- 4 اور گریڈ- 5 تعلیمی کیلنڈر |
| 03:00 – 04: 45 | گیلری واک |

| | |
|---|---|
| 04:45 – 05:00 | اعادہ اور اختتام |
| **چوتھا دن** | **ماڈیول 5: منصوبہ سازی کی اہمیت، تدریسی حکمت عملیاں اور سبق کی منصوبہ بندی** |
| **وقت** | **سرگرمی** |
| 09:00 – 09:30 | تلاوت، پچھلے دن کا اعادہ |
| 10:15 –10:15 | منصوبہ سازی کی اہمیت |
| 10:15– 10:45 | روزمرہ کے معمولات اور منصوبہ بندی |
| 10:45 – 11:00 | چائے کا وقفہ |
| 11:00 – 12:00 | گروپ ورک کا تعارف اور اقسام |
| 12:00 – 01:00 | سبق کی منصوبہ بندی |
| 01:00 – 02:00 | نماز اور کھانے کا وقفہ |
| 02:00 – 03:00 | طریقہ تدریس- چند حکمت عملیاں |
| 03:00 – 04::45 | سبق کی منصوبہ بندی گروپ ورک |
| 04:45 – 05:00 | اعادہ اور اختتام |
| **پانچواں دن** | **ماڈیول 6: سبق کی منصوبہ بندی اور جائزہ کی حکمت عملیاں** |
| **وقت** | **سرگرمی** |
| 09:00 – 09:30 | تلاوت، پچھلے دن کا اعادہ |
| 09:30–10:45 | جائزہ/اسیسمنٹ اور اس کی اقسام |
| 10:45 – 11:00 | چائے کا وقفہ |
| 11:00 – 12:15 | دورانِ تدریس جائزہ کی حکمت عملیاں |
| 12:15 – 01:00 | فیڈبیک اور ٹیچنگ ایڈجسٹمنٹ |
| 01:00 – 02:00 | نماز اور کھانے کا وقفہ |
| 02:00 – 04:20 | سبق کی منصوبہ بندی کی مشق |
| 04:20 – 4:45 | سبقی منصوبہ چیک لسٹ |

| | |
|---|---|
| 04:45 – 05:00 | اعادہ اور اختتام |
| **چھٹا دن** | **ماڈیول 7: ملٹی گریڈ ٹیچنگ پریکٹس اور فیڈ بیک** |
| **وقت** | **سرگرمی** |
| 09:00 – 09:30 | تلاوت، پچھلے دن کا اعادہ |
| 09:30 – 10:20 | ٹیچرز ایولویشن طریقہ کار |
| 10:20 – 10:45 | ملٹی گریڈ تدریسی مشق |
| 10:45 – 11:00 | چائے کا وقفہ |
| 11:00– 01:00 | ملٹی گریڈ تدریسی مشق (Teaching Demos) |
| 01:00 – 02:00 | نماز اور کھانے کا وقفہ |
| 02:00 – 04:15 | تدریسی مشق-شرکا کے تاثرات اور فیڈ بیک |
| 04:15 – 04:30 | اعادہ |
| 04:30 – 05:00 | پوسٹ ٹیسٹ /جائزہ اور اختتام |

# ملٹی گریڈ ٹیچنگ(ٹریننگ مینوئل برائے اساتذہ)

# ماڈیول 1

# ملٹی گریڈ ٹیچنگ کا تعارف



# پہلا دن

## ماڈیول 1: ملٹی گریڈ ٹیچنگ کا تعارف

### مقاصد

**شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

1. ملٹی گریڈ کی وضاحت کر سکیں۔
2. ملٹی گریڈ اور مونو گریڈ میں فرق بیان کر سکیں۔
3. ملٹی گریڈ تدریس کی ضرورت کے مختلف پہلوؤں کی نشان دہی کر سکیں۔
4. کامیاب ملٹی گریڈ تدریس کے اہم اصولوں/نکات کو بیان کر سکیں۔

### تدریسی مواد

چارٹ پیپرز۔مارکرز، ٹیپ، ملٹی میڈیا، سپیکرز، ٹیچر ٹریننگ ماڈیول

### سرگرمی 1: | 09:00 – 09:30 | تعارف

1. تلاوت اور سلام کے بعد شرکا کو 6 گروپس میں تقسیم کریں۔
2. ہر گروپ سے کہیں کہ وہ آپس میں گفتگو کر کے اپنے بارے میں کوئی تین مشترک اور تین مختلف خوبیاں/کمزوریاں/خوف/عادات/علاقے/مشغلے/زبان وغیرہ کی فہرست بنائیں۔مثال کے طور پر:
3. الف کو سیاحت کا شوق ہے اور ب اور ج کو بھی سیاحت کا شوق ہے (مشترک شوق)
4. الف کو اونچائی سے ب کو اندھیرے سے اور ج کو تیز بارش سے ڈر لگتا ہے (مختلف کمزوریاں یا خوف)
5. 5منٹ کے بعد ہر گروپ کا کوئی ایک فرد وہ فہرست تمام شرکا کو پڑھ کر سنائے۔
6. اس طرح تمام لوگ ایک دوسرے سے جلد متعارف ہو جائیں گے۔

## سرگرمی 2: | 09:30 –10:00 | ملٹی گریڈ کا تعارف

**بورڈ پر درج ذیل سوالات لکھیں:**

1. آپ کے خیال میں ملٹی گریڈ کسے کہتے ہیں؟
2. **ہینڈ آؤٹ 1** میں دی گئی چاروں صورتحال کا انفرادی طور پر موازنہ کریں اور بتائیں کہ ان میں سے ملٹی گریڈ تدریس کس میں ہو رہی ہے؟
3. شرکا سے کہیں کہ ان کے پاس 10 منٹ ہیں۔
4. **ہینڈ آؤٹ 1** پڑھ کر اپنی نوٹ بک میں اہم نکات تحریر کریں۔
5. نکات تحریر کرنے کے بعد اپنے برابر میں بیٹھے ہوئے شخص سے اس پر گفتگو کریں۔
6. شرکا میں سے مختلف جوڑے منتخب کریں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنے سوالات کے جوابات سے سب کو آگاہ کریں۔
7. شرکا کے جوابات کا خلاصہ درج ذیل نکات کی مدد سے کریں:
   - **صورتحال 1:** تینوں جماعتوں اور طلبہ کا آپس میں کوئی ربط نہیں اور تعلیمی عمل مشکل اور استاد کے لیے نہایت پیچیدہ ہے۔
   - **صورتحال 2:** تینوں جماعتوں اور طلبہ کا آپس میں کوئی ربط نہیں۔ تینوں اساتذہ کی بیک وقت جماعت میں موجودگی کافی الجھنوں کا سبب بنتی ہے جس سے تعلیمی عمل مشکل ہو جاتا ہے۔
   - **صورتحال 3:** تینوں جماعتیں ملٹی گریڈ طریقہ تدریس کی مدد سے مل کر تعلیم حاصل کرتی ہیں۔ طلبہ آپس میں مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور تعلیمی عمل استاد کی موثر منصوبہ بندی کی وجہ سے دلچسپ اور آسان ہو جاتا ہے۔
   - **صورتحال 4:** ایک کمرہ جماعت میں تیسری جماعت کے مختلف عمر کے طلبہ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اس جماعت میں طلبہ کی تعداد 50 سے زیادہ ہے جنھیں ایک استاد پڑھا رہا ہے۔
8. ہینڈ آؤٹ 2 کی مدد سے ملٹی گریڈ کا تعارف کروائیں۔

## سرگرمی 3: | 10:00 –10:30 | مونو گریڈ اور ملٹی گریڈ میں فرق

1. شرکاء کے 5 گروپ بنائیں۔
2. ہر گروپ کو چارٹ پیپر اور مارکر فراہم کریں۔

**بورڈ پر درج ذیل سوالات لکھیں:**

- آپ نے کبھی ملٹی گریڈ کے طلبہ کو پڑھایا ہے؟ یا آپ کتنے عرصے سے ملٹی گریڈ پڑھا رہے ہیں؟
- ملٹی گریڈ اور مونو گریڈ کے درمیان کیا فرق ہے؟ درج ذیل نکات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کریں:
  - طریقہ تدریس
  - کمرہ جماعت کی تنظیم

- نصاب
- تربیت/ٹریننگ
- تدریسی وسائل
- مہارتیں
- کمیونٹی کی شمولیت

3. شرکاء کو بتائیں کہ ان کے پاس گروپ میں کام کرنے کے لیے 10 منٹ ہیں۔
4. ان سے کہیں کہ دیے گئے سوالات کے جوابات چارٹ پیپر پر لکھیں اور پھر دیوار پر چسپاں کریں۔
(کمرے کی دیواروں کا انتخاب کریں جہاں چارٹ مناسب فاصلے پر چسپاں کیا جاسکے۔)
5. 10 منٹ کے بعد، ہر گروپ کو اپنا چارٹ مختص کی ہوئی دیوار پر چسپاں کرنے کو کہیں۔
6. شرکاء کو Gallery walk کا کہیں۔
7. شرکا کو 10 منٹ کا وقت دیجیے تاکہ تمام شرکا ایک دوسرے کے جوابات پڑھ سکیں۔
8. **ہینڈ آؤٹ 3** کی مدد سے ان کے جوابات پر روشنی ڈالیں اور مونو گریڈ اور ملٹی گریڈ میں فرق واضح کریں۔

## سرگرمی 4: | 10:30 – 10:45 | ملٹی گریڈ کی ضرورت

**بورڈ پر تحریر کریں۔**

"ملٹی گریڈ تدریس کی ضرورت کیوں پیش آسکتی ہے؟"

1. شرکا کو دو منٹ سوچ کر اپنے خیالات نوٹ بک میں تحریر کرنے کو کہیں۔
2. اس کے بعد سب سے باری باری جوابات سن کر بورڈ پر لکھتے جائیں۔ ان سے درخواست کریں کہ ایک شخص ایک ہی جواب دے اور بورڈ پر لکھے گئے نکات نہ دہرائیں۔
3. اب شرکا سے کہیں کہ وہ **ہینڈ آؤٹ 4** پڑھیں اور اس پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔
4. تمام جوابات کا خلاصہ درج ذیل نکات کی مدد سے کریں:
   - ملٹی گریڈ تدریس کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔

**جغرافیائی عوامل:**

1. ایسے علاقے جہاں دریا، سڑکیں اور پہاڑ ہیں، جو بچوں کے لیے پار کرنا خطرناک ہیں، اور اس لیے اُن کے لیے گاؤں کے سکول میں جانا ضروری ہے۔

2. دوسرے ممالک کی سرحدوں کے قریب سکولوں کی ناقابل رسائی اور خانہ بدوش لوگ، جو ہر وقت سفر میں رہتے ہیں ان کے لیے ایک استاد اس گروپ کے ساتھ رہنا ضروری ہے۔
3. **ثقافتی عوامل:** مختلف ثقافتی گروہوں میں روایات، اقدار اور طریقوں کے مطابق ملٹی گریڈ تدریسی طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔
4. **سماجی و معاشی عوامل:** دور دراز علاقوں میں وسائل کی کمی اور اساتذہ کی عدم دستیابی۔
5. چھوٹے اور بڑھتی ہوئی آبادی والے علاقوں میں کچھ اساتذہ جا کر پڑھانے میں ہچکچاہٹ رکھتے ہیں لہذا ملٹی گریڈ ٹیچنگ ضرورت بن جاتی ہے۔
6. ان تمام باتوں سے ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ملٹی گریڈ ٹیچنگ دنیا کے مختلف حصوں میں استعمال ہو رہی ہے اور اس طریقہ تدریس کی ضرورت ہر جگہ یکساں نظر آتی ہے۔

## چائے کا وقفہ | 10:45 –11:00

## سرگرمی 5: | 11:00 –11:15 | ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے مختلف جماعتوں کو اکٹھا کرنا

1. شرکا کو تعداد کے مطابق مناسب گروپس میں تقسیم کریں۔
2. ہر گروپ کو ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے گریڈز کا اکھٹا کرنے کے معیارات پر رائے دینے کا موقع دیں۔
3. ہر گروپ سے دو یا تین پوائنٹ پوچھیں اور انہیں بورڈ پر تحریر کریں۔
4. **ہینڈ آؤٹ 5** کی مدد سے کچھ وقت اس موضوع کو دیں جس میں اس بات پر غور کیا جائے کہ کس طرح ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے گریڈز کا اکھٹا کیا جائے۔

## سرگرمی 6: | 11:15 –11:40 | ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے مسائل اور تجاویز

5. شرکا کے 3 یا 6 گروپس بنائیں۔
6. ہر گروپ کو درج ذیل مسائل میں سے ایک مسئلہ پڑھنے کو دیں۔
   - **مسئلہ نمبر 1:** زارا کو طلبا کی پڑھنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے۔ اس کے پاس 3 مختلف جماعتوں (اول، دوم اور سوم) کے 50 طلبہ ہیں۔
   - **مسئلہ نمبر 2:** علی اور آصف گاؤں کے ایک سکول میں پانچ جماعتوں کو پڑھاتے ہیں۔ طلبہ کی کل تعداد 70 ہے۔ علی کو 3 دن ٹریننگ کے لیے دوسرے شہر جانا ہے۔
   - **مسئلہ نمبر 3:** زاہدہ چوتھی اور پانچویں کے طلبا کو ان کے علاقے کی تاریخ پڑھاتے ہوئے ہمیشہ پریشان رہتی ہے کیوں کہ اسے اس مضمون پر دسترس حاصل نہیں ہے۔
7. گروپ سے کہیں کہ وہ دیا گیا مسئلہ پڑھیں اور اس کے حل کے لیے آپس میں گفتگو کر کے مختلف تجاویز تحریر کریں۔

8. اپنا گروپ لیڈر منتخب کریں۔
9. 10 منٹ کے بعد اپنے گروپ لیڈر کی مدد سے تجاویز کے لیے تمام شرکا کی رائے لیں:
   - 10 منٹ کے بعد دیے گئے مسائل پر گفتگو کریں۔ اس دوران نشاندہی کیے گئے تمام مسائل بورڈ پر تحریر کرتے جائیں جیسے:
     - منصوبہ بندی
     - تدریسی مواد
     - طلبہ کی تعداد
     - اساتذہ کی کمی
10. لکھے گئے تمام مسائل پر دوبارہ گفتگو کریں۔
11. شرکا کی بتائی گئی تجاویز کے ساتھ ساتھ اور درج ذیل تجاویز کو دہراتے ہوئے سرگرمی کا اختتام کریں:

**تجاویز**

1. زیادہ سے زیادہ وقت پڑھانے اور سیکھنے کے لیے وقف کریں۔
2. طلبہ کو ایک دوسرے سے سیکھنے کے مواقع دیں۔
3. ہر سطح پر تعاون کو فروغ دیں: شاگرد، اساتذہ، والدین اور کمیونٹی کے ارکان۔
4. ملٹی گریڈ کے اساتذہ کا ایک نیٹ ورک قائم کریں تاکہ آپ ایک دوسرے سے سیکھ سکیں۔
5. اپنی کمزوریوں کو پہچانیں اور بہتر بنانے کی کوشش کریں۔

## سرگرمی 7: | 11:40–12:00 | کامیاب ملٹی گریڈ ٹیچنگ

**شرکا کو درج ذیل وڈیو دکھائیں:**

https://www.youtube.com/watch?v=JRvlDUsOVeY

وڈیو کے بعد دیے گئے سوالات پر بحث کریں:

1. آپ اس وڈیو میں کون کون سے تدریسی طریقوں کی نشاندہی کر سکتے ہیں؟
2. کیا آپ کو لگتا ہے کہ یہ ایک کامیاب ملٹی گریڈ ٹیچنگ کی مثال ہے؟ وضاحت کریں۔
3. جوابات سننے کے بعد **ہینڈ آؤٹ 6** کے تمام نکات پر باری باری گفتگو کریں۔ ہر نکتہ پر گفتگو کرتے ہوئے اس بات کو زیرِ بحث لائیں کہ اگر ایسا نہیں ہو گا تو اس سے ملٹی گریڈ کی تدریس پر کیا فرق پڑے گا؟
4. شرکا کے جوابات سنتے ہوئے اور ملٹی گریڈ تدریس کے طریقوں کی دہرائی کرتے ہوئے سرگرمی کا اختتام کریں۔

# ہینڈ آؤٹس

## ہینڈ آؤٹ نمبر 1: ملٹی گریڈ صورتحال کی پہچان

دی گئی چاروں صورتحال کو غور سے پڑھیں اور بتائیے کہ ان میں سے کون سی صورتحال ملٹی گریڈ صورتحال کی وضاحت کرتی ہے۔

### صورتحال نمبر 1:

تین جماعتوں کو ایک استاد ایک کمرہ میں پڑھاتا ہے۔ تمام جماعتوں کو علیحدہ علیحدہ ان کے نصاب اور ٹیکسٹ بک کے مطابق ان کے دیے گئے ٹائم ٹیبل کی مدد سے پڑھایا جاتا ہے۔ عموماً طلبہ اکیلے اکیلے کام کرتے ہیں۔

### صورتحال نمبر 2:

تین جماعتوں کو تین مختلف استاد ایک کمرہ میں پڑھاتے ہیں۔ تمام جماعتوں کو علیحدہ علیحدہ ان کے نصاب اور ٹیکسٹ بک کے مطابق ان کے دیے گئے ٹائم ٹیبل کی مدد سے پڑھایا جاتا ہے۔ طلبہ اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ کبھی گروپ میں اور کبھی اکیلے کام کرتے ہیں۔

### صورتحال نمبر 3:

تین جماعتوں کو ایک استاد ایک کمرہ میں پڑھاتا ہے۔ تمام جماعتوں کو ایک جیسے مضامین ایک ہی وقت میں مشترکہ عنوانات کے مطابق پڑھائے جاتے ہیں۔ استاد کی منصوبہ بندی کے مطابق طلبہ اپنے ہم جماعتوں کے علاوہ دیگر جماعتوں کے دوسرے طلبہ کے ساتھ قابلیتی گروپس میں بھی کام کرتے ہیں۔

### صورتحال نمبر 4:

تیسری جماعت کے 70 طلبہ کو ایک استاد ایک کمرہ میں پڑھاتا ہے۔ کمرہ جماعت میں 7 سال سے لے کر 14 سال تک کے طلبہ پڑھتے ہیں۔ تمام طلبہ کو ایک جیسے مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔ استاد کی منصوبہ بندی کے مطابق طلبہ قابلیتی گروپس میں بھی کام کرتے ہیں۔

## ہینڈآؤٹ نمبر 2: ملٹی گریڈ ٹیچنگ کا تعارف

ملٹی انگلش زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے کافی، بہت سے، یا ایک سے زیادہ۔ لفظ 'گریڈ' کا مطلب ہے سطح یا جماعت، لہذا ملٹی گریڈ کا مطلب ہے بہت سے درجات/جماعتیں۔ جسے اردو میں کثیر الجماعت بھی کہا جاتا ہے۔

ملٹی گریڈ ٹیچنگ سے مراد ایک استاد کا ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ جماعتوں کے طلبہ کو پڑھانا ہے۔ گویا استاد ایک ہی وقت میں دو یا دو سے زیادہ جماعتوں کے حاصلات تعلم کو مد نظر رکھتے ہوئے طلبہ کو ایک ساتھ پڑھاتا ہے۔

کم اساتذہ اور زیادہ جماعتوں والے سکولوں میں یہ طریقہ تدریس عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ بظاہر ایک پیچیدہ اور محنت طلب طریقہ کار نظر آتا ہے جس میں کامیابی کے لیے موثر منصوبہ بندی ایک ستون کا کردار ادا کرتی ہے۔ دوران منصوبہ بندی اس بات کو لازماً مد نظر رکھا جاتا ہے کہ کن عنوانات کی تدریس ایک ساتھ کی جاسکتی ہے اور کن تصورات میں طلبہ ایک دوسرے کی مدد لے سکتے ہیں۔ اس طرح تدریس کے مختلف پہلوؤں پر غور فکر کرتے ہوئے جامع اور تفصیلی منصوبہ تیار کیا جاسکتا ہے۔

اس طریقہ تدریس کی مدد سے دورافتادہ، کم آبادی اور کم وسائل والے علاقوں میں بچوں کے لیے تعلیم کی سہولت کم خرچ کے ساتھ فراہم کی جاسکتی ہے ۔اس طریقہ تدریس کے دوران اس بات کو ذہن میں رکھنا ہوتا ہے کہ ملٹی گریڈ میں تین سے زیادہ جماعتیں نہ ہوں۔ مختلف جماعتوں کے طلبہ مختلف صلاحیتوں کے مالک بھی ہوتے ہیں جن کی تدریس کے لیے زیادہ توجہ، تیاری اور محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔

موثر طریقہ تدریس کے لیے اپنے طلبہ کی صلاحیتوں کو پہچاننا اور اس کے مطابق منصوبہ بندی کرنا بہت ضروری ہے۔ ملٹی گریڈ کی تدریس میں ابتدائی طور پر اساتذہ اور طلبہ دونوں کو مشکلات پیش آسکتی ہیں کیونکہ اساتذہ کو اس طریقہ کے مطابق منصوبہ بندی کے لیے زیادہ وقت درکار ہوتا ہے اور دوسری جانب طلبہ دیگر جماعتوں کے ساتھ سیکھنے کے لیے تیار نہیں ہوتے ہیں۔ لیکن آہستہ آہستہ وہ ایک دوسرے کی مدد سے اپنے سیکھنے کے عمل کو بہتر سے بہتر بنانے لگتے ہیں۔

## ہینڈآوٹ نمبر 3: ملٹی گریڈ اور مونو گریڈ میں فرق

| نمبر شمار | چند خصوصیات | مونو گریڈ | ملٹی گریڈ |
|---|---|---|---|
| 1. | طریقہ تدریس | انفرادی سیکھنے والوں اور ایک جماعت میں موجود مختلف صلاحیتوں کے طلبہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک ہی طریقہ تدریس اپنایا جاتا ہے۔ | انفرادی سیکھنے والوں اور مختلف جماعتوں میں موجود مختلف صلاحیتوں کے طلبہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کئی طریقوں استعمال کیا جاتا ہے۔ |
| 2. | کمرہ جماعت کی تنظیم | اساتذہ کا مرکز صرف ایک جماعت کی تدریس کی منصوبہ بندی ہوتی ہے۔ | مختلف جماعتوں کی منصوبہ بندی اور تنظیم کے لیے زیادہ وقت درکار ہے۔ |
| 3. | نصاب | نصاب مونو گریڈ کو مد نظر رکھ کر بنایا گیا ہے۔ | ملٹی گریڈ کے لیے کوئی الگ سے نصاب نہیں بنایا گیا ہے۔ |
| 4. | تربیت/ٹریننگ | عام طور پر تمام اساتذہ کو حکومت کی طرف سے باقاعدہ ٹریننگ کرائی جاتی ہے۔ | زیادہ تر اساتذہ کی ملٹی گریڈ ٹریننگ نہیں ہوئی نہ ہی انھیں کوئی ٹیکنکل سپورٹ حاصل ہے۔ |
| 5. | تدریسی وسائل | حکومت کی طرف سے اکثر تدریسی وسائل فراہم کیے جاتے ہیں۔ مثلاً: سبقی منصوبہ بندی وغیرہ۔ | تدریسی وسائل کی کمی ہے۔ |
| 6. | مہارتیں | اساتذہ کو اپنی جماعت کے مطابق مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ | مختلف جماعتوں کو ہینڈل کرنے کے لیے اساتذہ کو مزید مہارتوں کی ضرورت ہے۔ |
| 7. | کمیونٹی کی شمولیت | مخصوص جماعت کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ | پورے کی تدریس میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ |
| 8. | جانچ | سبق اور عنوان کے مطابق اساتذہ تشخیصی یعنی تدریس سے پہلے جانچ Diagnostic Assessment، تشکیلی یعنی دورانِ تدریس جانچ Formative Assessment اور تکمیلی یعنی تدریس کے بعد جانچ Summative Assessment کے طریقے استعمال کرتے ہیں۔ | سبق اور عنوان کے مطابق اساتذہ تشخیصی یعنی تدریس سے پہلے جانچ Diagnostic Assessment، تشکیلی یعنی دورانِ تدریس جانچ Formative Assessment اور تکمیلی یعنی تدریس کے بعد جانچ Summative Assessment کے طریقے استعمال کرتے ہیں۔ |
| 9. | تعداد طلبہ | STR پالیسی کے مطابق طلبہ اور اُستاد کا تناسب 40:1 ہوتا ہے۔ | ملٹی گریڈ کلاس روم میں طلبہ کی کوئی مقرر تعداد کا تعین نہیں کیا جاتا۔ تمام گریڈز (G1-G5) میں طلبہ کی تعداد مختلف ہونے کی وجہ سے کل تعداد میں فرق ہو سکتا ہے۔ |

## ہینڈ آؤٹ نمبر 4: ملٹی گریڈ ٹیچنگ کی ضرورت

دنیا کے بہت سارے ممالک بشمول پاکستان کے ملٹی گریڈ طریقہ تدریس کو پرائمری کے اساتذہ استعمال کرتے ہیں مثلاً افریقہ کے بہت سے ممالک اور اس کے علاوہ دنیا کے درج ذیل ممالک میں بھی یہ طریقہ استعمال کیا جاتا ہے:

1. **پرتگال:** اس ملک کے 80 فیصد طلبہ ایسے سکولوں مین پڑھتے ہیں جو دو کمروں پر مشتمل ہیں۔
2. **فلپائن:** 8 فیصد سکولوں میں ملٹی گریڈ ٹیچنگ کی جاتی ہے۔
3. **میکسیکو:** 22 فیصد سکول ایسے ہیں جہاں ایک اُستاد میسر ہے۔
4. **بھارت:** 77 فیصد پرائمری سکولوں میں ملٹی گریڈ کا طریقہ استعمال ہوتا ہے۔
5. **آئرلینڈ:** 42 فیصد سکولوں میں دو یا دو سے زیادہ جماعتوں کو ایک ساتھ پڑھایا جاتا ہے اور 16 فیصد سکولوں مین تین یا تین سے زیادہ جماعتوں میں ایک ساتھ تدریس ہوتی ہے۔
6. ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان میں 30 فیصد سے زائد پرائمری سکولوں میں ایک استاد متعین کیا جاتا ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کے سکولوں کی صورت حال اور اساتذہ کی تعداد کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ پرائمری سکولوں میں ملٹی گریڈ کے طریقہ تدریس پر عمل درآمد کے لیے اساتذہ کی تربیت نہایت اہم ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ حکومتی اور نجی اداروں کی سطح پر ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے حوالے مواد ترتیب دیا جائے۔

اس صورت حال کو سمجھنے کے لیے آپ کو کچھ منظر نامے بھی پڑھنے کے لیے دیے جا رہے ہیں جن کی مدد سے آپ اندازہ لگا سکیں گے کہ دنیا بھر کے دور دراز علاقوں میں یہ طریقہ تدریس سالوں سے استعمال ہو رہا ہے۔

## منظر نامہ 1:

دریا کے کنارے ایک جو ضلع کے تعلیمی دفتر سے 40 میل کی دوری پر واقع ہے۔اس میں تقریباً 40 طلبہ پڑھتے ہیں اور ان کو پڑھانے کے لیے ہیڈ ماسٹر کے پاس کل تین اساتذہ موجود ہیں۔ تمام اساتذہ غیر تربیت یافتہ ہیں۔اس میں پہلی تا ساتویں جماعت کے طلبہ پڑھتے ہیں۔ ہیڈ ماسٹر چھٹی اور ساتویں جماعت کے طلبہ کو پڑھاتا ہے۔ایک استاد پہلی اور دوسری جماعت کے طلبہ کو پڑھاتا ہے اور تیسرا استاد تیسری تا پانچویں جماعت کے طلبہ کو پڑھاتا ہے ۔پورے علاقے میں بجلی کی سہولت میسر نہیں ہے اور گاؤں کے ایک شخص کے پاس ٹیلیفون دستیاب ہے۔ طلبہ پیدل اور کشتی پر آتے ہیں۔ بارش کے موسم میں راستے چلنے کے قابل نہیں رہتے ہیں۔ طلبہ اور اساتذہ کیچڑ میں سے گزر کر آتے ہیں۔

## منظر نامہ 2:

یہ ایک چھوٹے شہر میں واقع ہے جس میں 130 طلبہ پہلی سے بارھویں جماعتوں میں پڑھتے ہیں۔اس میں بشمول ہیڈ ماسٹر چھ اساتذہ متعین ہیں۔ پہلی اور دوسری جماعتوں میں 30 اور تیسری اور چوتھی جماعتوں میں بھی 30 طلبہ ہیں جبکہ پانچویں سے ساتویں جماعت کے طلبہ کی کل تعداد صرف 20 ہے۔ پہلی سے چوتھی جماعتوں کے طلبہ کو ایک استاد پڑھاتا ہے جبکہ پانچویں تا ساتویں جماعتوں کو ایک استانی پڑھاتی ہے۔ آٹھویں تا بارھویں جماعتوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ سائنس کے مضامین ہیڈ ماسٹر صاحب پڑھاتے ہیں جبکہ ایک اور استاد دوسرے مضامین کو پڑھانے کی مہارت رکھتا ہے۔

## منظر نامہ 3:

ایک پرائمری جو چار مختلف گاؤں کے طلبہ کی تعلیم کے لیے تعمیر کیا گیا ہے۔اس میں طلبہ کی تعداد 88 ہے جن میں 45 لڑکے اور 43 لڑکیاں ہیں جبکہ اساتذہ کی تعداد دو اور کمرے بھی دو ہیں۔ایک استاد پہلی اور دوسری جماعت کو صبح اور تیسری اور چوتھی جماعت کو دوپہر کے وقت پڑھاتا/پڑھاتی ہے۔ جبکہ دوسرا استاد پانچویں، چھٹی اور ساتویں جماعتوں کے طلبہ کو ایک ہی ساتھ پڑھاتا/پڑھاتی ہے۔اساتذہ اور دیگر سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے صرف نصابی عنوانات کی تدریس پر توجہ دی جاتی ہے اور طلبہ کی تخلیقی اور دوسری مہارتوں کو اجاگر کرنے میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔

## ہینڈآؤٹ نمبر 5: ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں گریڈز کو یکجا کرنے کے لیے معیارات

پرائمری اسکولوں میں جہاں ملٹی گریڈ ٹیچنگ کروانا وقت کی ضرورت ہے، وہاں گریڈز کو یکجا کرنے کے لیے دو یا دو سے زیادہ ملحقہ گریڈز کو تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے ملایا جاتا ہے۔ درج ذیل وہ معیار ہیں جو عام طور پر ملٹی گریڈز کو یکجا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

### نصاب کی ترتیب:

اس بات کو یقینی بنائیں کہ مشترکہ درجات کے نصاب کے مقاصد ایک جیسے یا ملتے جلتے ہیں۔ مشترکہ موضوعات، عنوانات، اور سیکھنے کے نتائج کی شناخت کریں جو ایک ساتھ مؤثر طریقے سے سکھائے جا سکتے ہیں۔

### نشوونما کے ادوار:

مشترکہ گریڈز میں طلباء کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے مراحل اور سیکھنے کی صلاحیتوں پر غور کریں۔ ان گریڈز کے طلبہ کو اکھٹا کریں جہاں طلباء کو موثر تدریس اور سیکھنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے یکساں علمی، سماجی اور جذباتی ضروریات پوری کی جا سکیں۔

### کلاس کا سائز اور ساخت:

ہر گریڈ کی سطح میں طلباء کی کل تعداد اور مختلف عمر کے گروپوں میں ان کی تقسیم کا اندازہ لگائیں۔ گریڈز کو یکجا کرنے کا نتیجہ یہ ہونا چاہیے کہ قابلیت، دلچسپیوں، اور سیکھنے کے انداز کے لحاظ سے ایک ایسی ملٹی گریڈ کلاس تشکیل پائے جو کہ متوازن طلبہ کی تعداد اور تنظیم کے لیے بہتر ہو۔

### اساتذہ کی صلاحیت:

ایک ملٹی گریڈ کلاس روم کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے کے لیے استاد کی صلاحیت کا اندازہ کریں۔ اساتذہ کے پاس ضروری تدریسی مہارتیں، وسائل، اور ہدایات میں فرق کرنے، طلباء کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے، اور سیکھنے کی سرگرمیوں کو منظم کرنے کے لیے معاونت ہونی چاہیے۔

## وسائل کی دستیابی:

ملٹی گریڈز میں تدریس اور سیکھنے میں معاونت کے لیے تدریسی مواد، وسائل، اور سہولیات کی دستیابی کا تعین کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اساتذہ کو مناسب نصابی کتب، معاونات، ٹیکنالوجی، اور سیکھنے کے آلات تک رسائی حاصل ہو، تاکہ تدریس اور طالب علم کے سیکھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

## والدین اور کمیونٹی کی شمولیت:

والدین، دیکھ بھال کرنے والوں، اور کمیونٹی کے اراکین کو گریڈز کو یکجا کرنے کی فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کریں۔ گریڈز کو یکجا کرنے کے پیچھے دلیل کو بیان کریں اور ان سے تعاون کی درخواست کریں تاکہ ملٹی گریڈ تدریسی طریقوں کو نافذ کرنے میں تعاون کو یقینی بنایا جا سکے۔

## مناسب (لچکدار) گروپ بندی:

ملٹی گریڈ کلاس روم میں طالب علم کی مختلف صلاحیتوں، دلچسپیوں، اور سیکھنے کی رفتار کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے لچکدار گروپ بندی کی حکمت عملیوں کو اختیار کریں۔ مختلف گریڈز میں طلباء کے درمیان تعامل اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے ساتھی طلبہ کی ٹیوشن، کو آپریٹو لرننگ، اور باہمی تعاون کے منصوبوں کے مواقع فراہم کریں۔

ان معیارات پر غور کرنے سے، پرائمری اسکول ملٹی گریڈ تدریس کے لیے درجات کو مؤثر طریقے سے یکجا کر سکتے ہیں، جو طلباء کی ضروریات اور صلاحیتوں کے مطابق ایک معاون اور جامع تعلیمی ماحول فراہم کر سکتا ہے۔

## ہینڈ آؤٹ نمبر 6: کامیاب ملٹی گریڈ ٹیچنگ




### کامیاب ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے

| | |
|---|---|
| تمام موجود ممکنہ وسائل کی شناخت کریں۔ | طلبا کو خود سے سیکھنے کی مہارت اور تکنیک کی تربیت دیں۔ |
| اپنا زیادہ سے زیادہ وقت پڑھانے کے لیے وقف کریں۔ | بنیادی تصورات اور مہارتیں، مقامی کمیونٹی اور علاقے کی ثقافت اور روزمرہ زندگی کے مطابق سیکھیں/ سمجھیں۔ |
| طلبا کا زیادہ سے زیادہ وقت سیکھنے کے لیے وقف کروائیں۔ | کمیونٹی کے اندر موجود وسائل اور مہارتوں کا فائدہ اٹھائیں۔ |
| سپورٹ اور ڈویلپمنٹ کے لیے انٹر سکول سسٹم بنائیں۔ | تعلیمی وسائل کو ملٹی گریڈ کی جماعتوں کے مطابق زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ |

# ماڈیول
# 2

## سیکھنے کے طریقے اور سیکھنے کا ماحول



# پہلا دن

## ماڈیول 2: سیکھنے کے طریقے اور سیکھنے کا ماحول

### مقاصد

شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

1. سیکھنے کے انداز سے واقف ہو سکیں۔
2. سیکھنے کے لیے ضروری سپورٹ کی اہمیت سمجھ سکیں۔
3. مختلف ذہانتوں اور سیکھنے کے انداز کے مطابق کمرہ جماعت کے ماحول کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
4. کمرہ جماعت کی ترتیب کے موثر طریقوں پر گفتگو کر سکیں۔
5. طلبہ کی مختلف ذہانتوں سے آگاہ ہو سکیں۔

### تدریسی مواد

چارٹ پیپرز۔مارکرز، ٹیپ، ملٹی میڈیا، سپیکرز۔ہینڈ آؤٹس، مربع شیٹس

### سرگرمی 1: | 12:00 – 12:10 | سیکھنا کسے کہتے ہیں؟

ذہنی مشق: Brain storming

1. بورڈ پر لکھ کر شرکا سے پوچھیں "سیکھنا کسے کہتے ہیں؟
2. ان کے جوابات بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔
3. شرکا کے جوابات کو دہراتے ہوئے درج ذیل انداز میں خلاصہ کریں:

"سیکھنا کسی بھی نئے علم، تفہیم، طرز عمل، مہارت، اقدار، رویوں اور ترجیحات کو حاصل کرنے کا عمل ہے۔"

## سرگرمی 2: | 12:10 – 12:30 | ہم کیسے سیکھتے ہیں؟

- شرکا سے کہیں کہ وہ **ورک شیٹ 1** کو انفرادی طور پر مکمل کریں۔
- ورک شیٹ مکمل کرنے کے لیے 10 منٹ کا وقت دیں۔

**ہدایت:**

1. کالم میں سیکھنے کے مختلف ذرائع درج ہیں۔ ہر ایک کے سامنے ایک مثال تحریر کریں۔
2. **ہینڈ آؤٹ** مکمل کرنے کے بعد اپنے قریب بیٹھے ساتھی سے اس پر گفتگو کریں۔
3. چند مختلف شرکا سے ان کے جوابات سنیں اور درج ذیل طریقے سے خلاصہ کریں:

"آپ نے دیکھا کہ سیکھنے کا عمل کبھی بھی ختم نہیں ہوتا اور ہم سب سے کچھ نہ کچھ سیکھ رہے ہوتے ہیں۔ اسی طرح طلبہ بھی مختلف ذرائع سے سیکھتے ہیں۔ بہترین آموزش کے لیے ضروری ہے کہ ان کے سیکھنے کے عمل کو موثر بنایا جائے۔"

## سرگرمی 3: | 12:30 – 01:00 | سیکھنے کے طریقے (Learning Style)

1. شرکا سے کہیں کہ **ورک شیٹ 2** پڑھیں اور دیا گیا ٹیبل مکمل کریں۔
2. شرکاء سے کہیں کہ ان کے پاس 15 منٹ ہیں۔ تمام جوابات دینے کے بعد آخر میں دی گئی کیلکولیشن بھی کریں۔
3. بورڈ پر تحریر کریں:
   - دیکھ کر سیکھنے والے (بصری): ________
   - سن کر سیکھنے والے (سمعی): ________
   - جسمانی حرکات کے ساتھ سیکھنے والے: ________
4. سب شرکا سے پوچھ کر ہر لرننگ سٹائل کے آگے ان (شرکا) کی تعداد لکھتے جائیں۔ اس بات کو ضرور واضح کریں کہ پورے گروپ میں بھی مختلف لرننگ سٹائل کے لوگ موجود ہیں۔
5. **ہینڈ آؤٹ 1** کی مدد سے تینوں طریقوں کی وضاحت کریں۔ اور دیئے گئے تین سیکشن کو مکمل کریں۔

**نوٹ:۔** آخر میں یہ ضرور باور کروایا جائے کہ جس طرح آپ کے سیکھنے کے مختلف انداز ہیں ویسے ہی، طلباء کے بھی سیکھنے کے مختلف انداز ہوتے ہیں اور بطور اساتذہ اس فرق کو سمجھنا اور اس کے مطابق اپنے طریقہ تدریس کو تبدیل کرنا ہر طالب علم کی پڑھائی کی ضرورت ہے۔

## نماز اور کھانے کا وقفہ | 01:00 – 02:00

## سرگرمی 4: | 02:00 – 02:40 | مختلف ذہانتیں / قابلیتیں

1. درج ذیل صورتحال شرکاء کو پڑھ کر سُنائیں۔

"ایک جنگل میں پہلی مرتبہ ایک ڈائنوسار آیا۔ سارے جانور پریشان ہو کر اِدھر اُدھر بھاگنے لگے۔ شیر کو ابھی تک نہیں معلوم تھا کہ جنگل میں ڈائنوسار آیا ہے لیکن جانوروں کو پریشان دیکھ کر اس نے سب کو بلا لیا۔ جانوروں نے اسے بتایا کہ جنگل میں ایک نیا جانور آیا ہے۔ ہر کسی نے اپنے اپنے طریقے سے ڈائنوسار کے بارے میں بتایا۔ "

**سوال:** "اگر شیر آپ سے پوچھتا تو آپ اسے کس طرح بتاتے؟ آپ کوئی بھی طریقہ استعمال کر سکتے ہیں۔"

2. شرکا کے 3 گروپس بنائیں۔ ہر گروپ سے کہیں کہ وہ کوئی بھی طریقہ منتخب کریں اور اس پر رول پلے کریں۔
3. تمام گروپس کو رول پلے کی تیاری کے لیے 5 منٹ کا وقت دیں۔
4. ہر گروپ سے رول پلے کروائیں۔
5. 10 منٹ بعد ہر گروپ سے پیشکش کروائیں۔
6. رول پلے میں مختلف طریقے پیش کیے جائیں گے۔ ان طریقوں پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے **ہینڈ آؤٹ 2** کی مدد سے مختلف ذہانتوں کا تعارف کروائیں۔

## سرگرمی 5: | 02:40 – 03:10 | سیکھنے کا ماحول

شرکا کے 5 گروپس بنائیں اور درج ذیل ہدایت دیں:

1. "ملٹی گریڈ کلاس میں مختلف ذہانتوں والے طلبہ اور مختلف طریقے سے سیکھنے والے طلبہ کے لیے کس طرح کا ماحول ہونا چاہیے" اپنے گروپ کے ساتھ اس موضوع پر تبادلہ خیال کریں۔
2. گروپ لیڈر منتخب کریں جو تمام گروپ ممبرز کے اہم نکات ایک چارٹ پر تحریر کرے اور تمام شرکا کے سامنے وہ نکات پیش کرے۔ اس کام کے لیے 10 منٹ کا وقت دیں۔
3. کوئی سے دو گروپس منتخب کریں اور پریزینٹیشن کے لیے 10 منٹ کا وقت دیں۔
4. ہر پیشکش کے اختتام پر شرکا سے ان کی رائے لیں۔
5. **ہینڈ آؤٹ 3** کی مدد سے ملٹی گریڈ کلاس کو منظم کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

## سرگرمی 6: | 03:10 – 03:30 | کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی

1. **ورک شیٹ 3** پڑھیں اور اپنی جماعت کے بارے میں سوچتے ہوئے کالم پُر کریں۔
2. شرکا کے گروپس بنائیں ان سے کہیں کہ وہ اپنے نکات اپنے گروپ ممبرز کے ساتھ ڈسکس کریں۔
3. ہر گروپ سے اس کا ایک نمائندہ بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ مشترک نکات بتائیں جس پر تمام گروپ ممبرز نے 'انہیں' پر نشان لگایا ہے۔
4. ان نکات پر باری باری گفتگو کریں۔
5. ورک شیٹ پر شرکا کے ساتھ بحث و مباحثہ کریں۔

## سرگرمی 7: | 03:30 – 04:40 | کمرۂ جماعت کا نقشہ

1. شرکا کو موزوں گروپس میں تقسیم کریں اور اُنہیں گروپس میں **ہینڈ آؤٹ 4** پڑھنے کے لیے کہیں۔
2. شرکا کو ہدایت دیں کہ اب وہ گروپ کے ساتھ مل کر ایک ملٹی گریڈ کلاس کا نقشہ بنائیں۔

   پہلے آپس میں گفتگو کریں کہ:
   - آپ اپنی ملٹی گریڈ کلاس کو کس طرح منظم کریں گے؟
   - کیا آپ جماعت میں اس کے کے لیے مختلف گوشے مخصوص کریں گے؟
   - بیٹھنے کے لیے کس طرح کلاس ترتیب دیں گے؟
3. ہر گروپ کو ایک چارٹ پیپر اور مار کر دیجیے۔
4. گروپس اپنے چارٹس کو دیوار پر آویزاں کریں اور ان نقشوں پر بحث کریں۔
5. نقشہ بنانے کے بعد مختلف گوشوں میں رکھے جانے والے تدریسی مواد کی فہرست بنوائیں۔
   - کس مضمون کے لیے کون سا مواد ضروری ہے؟
   - تدریسی مواد کہاں سے ملے گا؟ خود بنائیں گے؟ خریدیں گے؟ فنڈز کہاں سے آئیں گے؟
6. 8-15 منٹ کے بعد تمام گروپس کو پیشکش کے لیے ایک ساتھ بلائیں۔
7. گروپ پیشکش کے دوران اہم نکات بورڈ پر لکھتے جائیں۔ تعمیری تنقیدی رائے دیں جیسے: زبان کا گوشہ ایسی جگہ ہو جہاں شور کم ہو، چھوٹے بچے کہاں بیٹھیں گے؟
8. **ہینڈ آؤٹ** 4 کی مدد سے اہم نکات دہرائیں۔

## سرگرمی 8: | 04:40 – 05:00 | اختتام اور اعادہ

دن کے اختتام پر تبادلہ خیال کیے گئے تمام موضوعات کو دہرائیں، شرکا کی شمولیت پر ان کا شکریہ ادا کریں۔

# ہینڈ آؤٹس/ورک شیٹس

## ورک شیٹ نمبر 1: سیکھنے کے مختلف ذرائع

درج ذیل کالم میں سیکھنے کے مختلف ذرائع دیے گئے ہیں۔ اپنے تجربے کی بنیاد پر ہر ایک کی کوئی ایک مثال تحریر کریں۔

| سیکھنے کے مختلف ذرائع | میں نے ان سے کیا سیکھا؟ |
|---|---|
| اخبار | |
| والدین | |
| دادا/نانا/دادی/نانی | |
| بہن/بھائی | |
| بچے | |
| پڑوسی | |
| استاد | |
| دوست | |
| دکان دار | |
| درزی | |
| ڈاکٹر | |
| سیاستدان | |
| ساتھی اساتذہ | |
| سکول لیڈرز | |
| سوشل میڈیا | |

# ورک شیٹ نمبر 2: سیکھنے کے مختلف طریقے

## اپنے سیکھنے کا طریقہ معلوم کریں:

دی گئی مشق سے ہم اپنے سیکھنے کا طریقہ معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ طریقہ **(1985)** O'Brien میں تجویز کیا تھا۔

اس میں کل 3 سیکشن ہیں۔ ہر سیکشن میں اپنے بارے میں سوچتے ہوئے دیے گئے جملے کے آگے اس طرح اسکور لکھیں کہ اگر آپ کا جواب "**ہمیشہ** " ہے تو اس کی جگہ 3، "**کبھی کبھی**" ہے تو اس کی جگہ 2 اور "**کبھی نہیں**" ہے تو اس کی جگہ 1 لکھیں۔

| | ہمیشہ | کبھی کبھی | کبھی نہیں |
|---|---|---|---|
| سکور | 3 | 2 | 1 |

## سیکشن 1:

| نمبر شمار | طریقہ کار | اسکور |
|---|---|---|
| 1 | مجھے ڈوڈلنگ (ڈیزائن بنانا/لکیرے کھینچنا) کرنے میں بہت مزہ آتا ہے۔ میرے نوٹس میں جگہ جگہ مختلف ڈیزائن بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ | |
| 2 | میں لکھ کر زیادہ اچھا یاد کر لیتا/لیتی ہوں۔ | |
| 3 | اگر کوئی مجھے کسی جگہ کا ایڈریس زبانی بتائے اور میں نہ لکھوں تو میں راستہ بھُول جاتا/جاتی ہوں۔ | |
| 4 | کسی کا ٹیلیفون نمبر یا کوئی نئی بات یاد کرنی ہو، تو اس کی تصویر سے مجھے اسے یاد رکھنے میں آسانی رہتی ہے۔ | |
| 5 | امتحانات کے دوران کتاب کا وہ صفحہ میری نظروں کے سامنے آجاتا ہے جہاں اس کا جواب لکھا ہوتا ہے۔ | |
| 6 | دوسرے شخص کو دیکھ کر بات کرنے سے مجھے اپنی بات پر فوکس کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔ | |
| 7 | فلیش کارڈ کے استعمال سے مجھے ٹیسٹ کے لیے سوالات یاد رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ | |
| 8 | اگر لوگ شور یا باتیں کر رہے ہوں یا پھر میوزک چل رہا ہو تو مجھے دوسروں کی کہی ہوئی بات سمجھ نہیں آتی۔ | |
| 9 | مجھے لطیفے دیر سے سمجھ آتے ہیں۔ | |
| 10 | مجھے خاموشی میں کام کرنا پسند ہے۔ | |

ٹوٹل اسکور:----------------

## سیکشن 2:

| نمبر شمار | طریقہ کار | اسکور |
|---|---|---|
| 1 | مجھے اپنا لکھا ہوا کام صاف نہیں لگتا۔ میرے پیپرز میں الفاظ کٹے یا مٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ | |
| 2 | الفاظ پر انگلی رکھنے سے مجھے ریڈنگ پر فوکس کرنے میں مدد ملتی ہے۔ | |
| 3 | ہلکے اور چھوٹے پرنٹ والے پیپرز پڑھنا میرے لیے بہت مشکل ہے۔ | |
| 4 | پڑھنے کے بجائے مجھے یہ بہتر لگتا ہے کہ کوئی مجھے ساری ہدایات زبانی سنا دے۔ | |
| 5 | مجھے سن کر باتیں زیادہ جلدی سمجھ آتی ہیں۔ | |
| 6 | لکھنا ایک تھکا دینے والا عمل ہے۔ مجھے پین یا پنسل کے ساتھ بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔ | |
| 7 | میری آنکھیں تھک جاتی ہیں حالانکہ میرے ڈاکٹر نے بتایا ہے کہ یہ بالکل ٹھیک ہیں۔ | |
| 8 | میں ایک جیسے نظر آنے والے الفاظ غلط پڑھ دیتی/دیتا ہوں جیسے<br>Them and Then; dad and bad | |
| 9 | دوسروں کی ہینڈ رائٹنگ پڑھنا مجھے بہت مشکل لگتا ہے۔ | |
| 10 | نئی معلومات جاننے کے لیے اگر مجھے لیکچر سننے یا کتاب پڑھنے میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہو تو میں سننا زیادہ پسند کروں گی/کروں گا۔ | |

ٹوٹل اسکور:-----------------

## سیکشن 3:

| نمبر شمار | طریقہ کار | اسکور |
|---|---|---|
| 1 | میں ہدایات پڑھنے کی بجائے سیدھا کام شروع کرنا پسند کروں گا/گی۔ | |
| 2 | مجھے اس وقت زیادہ اچھی طرح سمجھ آتا ہے جب مجھے کوئی کام کرکے دکھائے اور پھر مجھے وہ کام کرنے کا موقع بھی ملے۔ | |
| 3 | مجھے ڈیسک پر بیٹھ کر پڑھنا پسند نہیں۔ | |
| 4 | مجھے درجہ بادرجہ کے بجائے ٹرائل اینڈ ایرر کے ذریعے مسئلے حل کرنا زیادہ بہتر لگتا ہے۔ | |
| 5 | ہدایات پر عمل کرنے سے پہلے مجھے اس کا عملی مظاہرہ دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔ | |
| 6 | مجھے پڑھتے ہوئے بار بار وقفہ/بریک چاہیے۔ | |
| 7 | میں کسی کو زبانی راستہ نہیں سمجھا سکتی/سکتا۔ | |
| 8 | میں نئی جگہوں پر بھی سہولت سے چلی جاتی/جاتا ہوں۔ مجھے راستے یاد رہتے ہیں۔ | |
| 9 | میں چہل قدمی کرتے ہوئے زیادہ اچھا سوچ سکتی/سکتا ہوں۔ | |
| 10 | جب میں کوئی مخصوص لفظ بولتے بولتے بھول جاؤں تو میں اپنے ہاتھوں کو زیادہ استعمال کرتی ہوں اور اس طرح کے الفاظ بولتی/بولتا ہوں۔<br>“what-cha-ma-call-it” or a “thing-a-ma-jig.” | |

ٹوٹل سکور:-----------------

تینوں سیکشنز کے اسکورز کا موازنہ کریں۔ جس سیکشن میں آپ کے سب سے زیادہ اسکور آئے وہ آپ کا لرننگ سٹائل ہوگا۔

سیکشن 1: دیکھ کر سیکھنے والے (بصری)

سیکشن 2: سُن کر سیکھنے والے (سمعی)

سیکشن 3: جسمانی حرکات کے ساتھ سیکھنے والے

# ہینڈ آؤٹ نمبر 1: سیکھنے کے مختلف طریقے

## دیکھ کر سیکھنا:

چارٹ، گراف، نقشے اور بصری محرک کی دوسری شکلوں کی مدد سے دیکھ کر سیکھنے کی معلومات کو موثر طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے. ایسے لوگ جن چیزوں کو دیکھتے اور ان کا مشاہدہ کرتے ہیں اس میں تصاویر، ڈائی گرام، تحریری سمت شامل ہے۔ جو طلبہ اس انداز سے سیکھتے ہیں وہ مشاہدے کے ذریعے بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔ اس قسم کے سیکھنے والوں کو تعلیم دیتے وقت تدریسی معاونات استاد کے لیے بہت مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ طلبہ کو بورڈ پر تصویریں بنانے کے مواقع فراہم کرنے سے ان کی اس صلاحیت سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔۔ دیکھ کر سیکھنے والے طلبہ کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے اساتذہ کو باقاعدگی سے پڑھنے کا مواد تیار اور استعمال کرنا چاہیے۔ اس طرح کے طلبہ کو مواد کی تفہیم کے لیے زیادہ وقت درکار ہو سکتا ہے تاکہ وہ پہلے بصری اشارے پر مشاہدہ کا کام مکمل کریں۔

## سُن کر سیکھنا:

سن کر سیکھنے والوں کے لیے موضوع کے ساتھ اگر لیکچر آواز کی صورت میں ہو تو وہ بہتر طریقے سے سیکھتے ہیں۔ یہ طلبہ تحریر پڑھنے کی بجائے لیکچر سننے کو ترجیح دیتے ہیں اور اکثر نئے تصورات اور نظریات کو تقویت دینے کے لیے سننے اور بولنے کی مہارتوں کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ اونچی آواز میں پڑھنا پسند کرتے ہیں۔ یہ طلبا کلاس میں بولنے سے نہیں ڈرتے اور زبانی طور پر چیزوں کی وضاحت کرنے میں بہت اچھے ہوتے ہیں اور اکثر ان چیزوں کو دہرا سکتے ہیں جو استاد انھیں بتاتے ہیں۔

چونکہ عام طور پر یہ طلبہ گفتگو کرنا پسند کرتے ہیں، لہذا ان طلبہ کو لیکچر میں شامل کریں اور ان کو نئے تصورات دہرانے کا موقع دیں، سوالات پوچھیں اور جواب دیں۔ تبادلہ خیال کے مواقع پیدا کریں تاکہ یہ طلبہ مناسب طریقے سے معلومات کو سمجھ سکیں۔ سمعی و بصری کے استعمال سے بھی اس گروپ کو بہت مدد ملتی ہے۔

## عملی سرگرمیوں/اعضائے حرکت کی مدد سے سیکھنا:

یہ طلبہ سننے یا دیکھنے کی بجائے اعضائے حرکت کی مدد سے سرگرمیوں کے ذریعے سیکھنا پسند کرتے ہیں۔ یہ طلبہ تجربات یا کام کرنے کے ذریعے سیکھتے ہیں اور تصورات کو سمجھنے کے لیے واقعات پر عمل کرنے یا ہاتھوں کے استعمال کو پسند کرتے ہیں۔ یہ کمرہ جماعت میں متحرک رہتے ہیں اور خاموشی سے بیٹھنا ان کے لیے مشکل ہوتا ہے۔ اکثر کھیلوں میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ پڑھتے وقت انھیں زیادہ وقفہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ان طلبہ کو سیکھنے میں مدد دینے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ انھیں سرگرمیوں میں شامل کیا جائے اور ہمیشہ مصروف رکھا جائے۔ ان طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ اعضائے حرکت کو اسباق کا حصہ بنا لیں۔ ان طلبہ کو جب مختلف سرگرمیوں سے جب یہ سمجھ آجائے کہ وہ کیا پڑھ رہے ہیں تو ان کے لیے پیچیدہ تصورات اور خیالات کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

# ہینڈ آوٹ نمبر 2: مختلف ذہانتیں

Howard Gardner نے مختلف ذہانتوں (Multiple Intelligences) کا نظریہ پیش کیا۔ گارڈنر نے نفسیات کے ابتدائی کام میں پہلے انسانی ادراک اور صلاحیت کے نتیجے میں پیدا ہونے والی چھ ذہانتوں کی نشو ونما کی وضاحت کی۔ اب ان ذہانتوں کی تعداد 9 ہو چکی ہے اور امکان ہے کہ یہ فہرست بڑھ سکتی ہے۔

ذیل میں ان نو ذہانتوں کی مختصر وضاحت موجود ہے؛

1. **زبان یا لسانیات کی ذہانت (Linguistic-Verbal)** : زبان کی عمدہ مہارات اور آوازوں کا بہتر علم، معنی اور ترنم کا علم
2. **منطق یا ریاضی کی ذہانت (Logical-mathematical)**: سادہ اور پیچیدہ تصورات پر سوچنے کی صلاحیت، منطقی اور عددی نمونوں کو سمجھنے کی صلاحیت
3. **بصری ذہانت (Visual-spatial)** : تصوراتی اور تصویری لحاظ سے سوچنے کی صلاحیت، درست انداز میں تصور کرنے کی صلاحیت
4. **جسمانی ذہانت (Body-kinesthetic)**: جسم کی نقل و حرکت پر قابو رکھنے اور اشیاء کو مہارت سے سنبھالنے کی صلاحیت
5. **موسیقی کی ذہانت (Musical)**: مناسب ترنم، آواز کا اتار چڑھاؤ پیدا کرنے اور تعریف کرنے کی صلاحیت
6. **باہمی تعلق اور تعاون کی ذہانت (Interpersonal)**: دوسروں کے مزاج، محرکات اور خواہشات کو معلوم کرنے اور مناسب طور پر جواب دینے کی صلاحیت
7. **خود شناسی کی ذہانت (Intrapersonal)**: اپنے اندرونی احساسات، اقدار، عقائد اور سوچ، سمجھنے اور خود سے آگاہ ہونے کی صلاحیت
8. **فطری ذہانت (Naturalistic)**: کائنات میں موجود پودوں، جانوروں اور دیگر اشیاء کو پہچاننے اور ان کی درجہ بندی کرنے کی صلاحیت
9. **وجودی ذہانت (Existential intelligence)**: انسان کے وجود سے متعلق گہرے سوالوں کو سمجھنے اور حساس انداز میں جواب دینے کی صلاحیت جیسے، "زندگی کا مفہوم کیا ہے؟ ہم کیوں مرتے ہیں؟ ہم یہاں کیسے پہنچے؟"



# ہینڈ آؤٹ نمبر 3: ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی

ایک ہی وقت میں مختلف جماعتوں کے طلبہ کو مختلف سرگرمیاں ایک ساتھ سہولت سے کروانے کے لیے ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ طلبہ کو کمرۂ جماعت کی ترتیب، طریقہ کار اور روٹین سے مکمل آگاہی ہونی چاہیے۔ کمرۂ جماعت کے بارے میں فیصلہ سازی کرنے کے عمل میں طلبہ کی شمولیت، انھیں اس جماعت کو اپنا سمجھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کی مدد سے ہر گریڈ کے ساتھ ساتھ ایک جیسی قابلیت والے بچے اُستاد کی انفرادی توجہ باآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔

ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت میں کروائی جانے والی چند سرگرمیاں درج ذیل ہیں:

i. پوری جماعت کو سبق دینا
ii. جوڑوں میں کام کروانا
iii. گروپ ورک
iv. انفرادی طور پر یا خاموشی سے پڑھنا/لکھنا
v. رول پلے
vi. پریزینٹیشن
vii. پروجیکٹ ورک
viii. بحث و مباحثہ
ix. اسیسمنٹ/جائزہ

ان سرگرمیوں کو منظم طریقے سے انجام دینے کے لیے بحیثیت اُستاد ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت مرتب کرتے ہوئے درج ذیل باتوں کا خیال رکھیں:

1. طلبہ کے لیے مثبت سیکھنے کا ماحول ترتیب دیں اور ان کی (طلبہ) کی عزت نفس کا خیال رکھیں۔
2. اس بات کو یقینی بنائیں کہ کمرہ جماعت میں سیکھنے کے واضح مقاصد کا تعین ہو۔
3. ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت کا ماحول دلچسپ ہو تا کہ ہر گریڈ کے طلبہ خوشی اور توجہ سے تعلیم حاصل کر سکیں۔
4. ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت میں ایسا ماحول پیدا کریں کہ مختلف پس منظر، علاقوں اور جماعتوں کے طلبہ ایک دوسرے کی قدر کریں اور عزت کرنا سیکھیں اور سیکھنے کے عمل میں ایک دوسرے کو مدد فراہم کریں۔
5. طلبہ کے رویوں کو بہتر کرنے کے لیے کمرہ جماعت کے طریقے اور اُصول وضع (Norms and Principles) کریں اور طلبہ کو تاکید کریں کہ وہ ان اصولوں پر عمل کریں تاکہ طلبہ کے رویوں کے مسائل کو کم کر کے تعلیم کے عمل کو بہتر کیا جاسکے۔
6. چھوٹے بچوں کے سیکھنے کے عمل میں بڑے بچوں کو مثبت رویہ پیدا کرنے پر زور دیں۔
7. ملٹی گریڈ طلبہ کو تدریسی سرگرمیوں میں متحرک رکھنے کے لیے تدریسی مواد کو تیار کریں اور بہتر انداز میں استعمال کریں۔
8. مختلف مضامین کی نوعیت کے مطابق کم قیمت والا یا بنا قیمت ادا کیے (low cost, no cost)، تیار کیے جانے والے تدریسی مواد کا انتخاب کریں خصوصاً وہ جو طلبہ کو سکھانے کے لیے ارد گرد کے ماحول سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔
9. مسلسل جائزے کی بنیاد پر ہر ملٹی گریڈ کے ہر طلبہ کو انفرادی طور پر مدد فراہم کریں۔

## ورک شیٹ نمبر3: ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی کی جانچ کے لیے چیک لسٹ

ذیل میں دی گئی ہدایات کو استعمال کرتے ہوئے اپنے کمرۂ جماعت کی طبعی تنظیم سازی کی جانچ کریں۔

| نمبر شمار | تنظیم سازی کے اہم نکات | ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
| 1 | آپ کا ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت ترتیب شدہ ہے۔ | | |
| 2 | آپ نے اپنے ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت میں بچوں کو مضمون سے متعلق سرگرمیاں کروانے کے لیے گوشے بنائے ہیں۔ | | |
| 3 | آپ ہمیشہ بچوں کو سرگرمیوں کے گوشوں میں قریب بٹھا کر ہدایات دیتے ہیں۔ | | |
| 4 | سرگرمیوں کے گوشوں میں بچے آپ کو آسانی سے دیکھ سکتے ہیں۔ | | |
| 5 | آپ ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت میں بنائے گئے تمام گوشوں اور اس میں کام کرنے والے بچوں کو آسانی سے دیکھ سکتے ہیں۔ | | |
| 6 | سرگرمیوں کے گوشوں میں کام کرنے والے بچوں کو آپ آسانی سے سن سکتے ہیں۔ | | |
| 7 | اگر بچے قطار میں بیٹھے ہوں تو وہ زیادہ سے زیادہ اپنے کام پر توجہ دیتے ہیں۔ | | |
| 8 | آپ نے بچوں کو اپنی نشستوں پر بیٹھنے اور ان کی جگہ مختص کرنے کے لیے چارٹ وغیرہ بنایا ہوا ہے۔ | | |
| 9 | آپ نے ملٹی گریڈ کے بچوں کو سکھایا ہوا ہے کہ مختلف سرگرمیوں کے لیے اپنے ڈیسک کی ترتیب کیسے بدلنی ہے۔ | | |
| 10 | آپ کے پوچھے گئے سوالات کے جوابات پر بچے اپنے ساتھی یا گروپس میں آسانی سے تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ | | |
| 11 | آپ اپنا تدریسی مواد آسانی سے دوبارہ استعمال کر سکتے ہیں۔ | | |
| 12 | بچوں کو کام کرنے کے دوران مطلوبہ مواد آسانی سے فراہم کیا جاتا ہے۔ | | |
| 13 | آپ طلبہ کو بھی ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی کی مہارتیں سکھاتے ہیں۔(مثلاً جلد سازی، فولڈر بنانا، سرگرمیوں کا کیلنڈر وغیرہ) | | |
| 14 | آپ ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت میں تیزی اور آسانی سے گھوم پھر سکتے ہیں۔ نیز اپنے بچوں کے کام کی نگرانی کر سکتے ہیں۔ | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 15 | آپ ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت کی دیواروں پر ایسے مواد کی آرائش کرتے ہیں جو بچوں کو سکھانے میں آپ کو معاونت فراہم کرے۔ جیسے جماعت کا ٹائم ٹیبل، ذخیرۂ الفاظ، پوسٹر ز، امدادی مواد، اُصول وضوابط، توقعات اور ضروری خبریں وغیرہ۔ | | |
| 16 | کیاآپ بچوں کے کیے گئے کام کی ملٹی گریڈ کمرۂ جماعت میں نمائش کرتے ہیں؟ | | |

## ہینڈ آؤٹ نمبر 4: کمرۂ جماعت کا نقشہ

ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے کمرۂ جماعت کی ترتیب مختلف طریقوں کی مدد سے کی جاسکتی ہے۔ کلاس روم میں سیکھنے کے لیے گوشے بنانا بہت ضروری ہیں۔ ایسے گوشوں سے بچوں کے مختلف گروپس کو نیم ذاتی جگہیں میسر آتی ہیں تاکہ بچے آزادانہ کام کر سکیں۔ مثال کے طور پر ایک گوشہ جغرافیہ یا سائنس کے اسباق کے لیے ہو سکتا ہے۔ دوسرا پڑھنے کے لیے اور **"تجرباتی قسم کی سرگرمیوں"** کے لیے مثلاً کاٹنا، چپکانا، رنگ کرنا، نمونے بنانا، سادہ تجربات کرنے کے لیے بھی ہو سکتا ہے۔ ہر گوشہ ایسی جگہ پر مشتمل ہو سکتا ہے جہاں بچوں کو مطلوبہ مواد باآسانی دستیاب ہو اور مختلف جماعتوں کے بچے ان سے مستفید ہو سکیں۔ کمرۂ جماعت میں بنائے گئے مختلف سیکھنے کے گوشوں پر باقاعدہ نام لکھیں جیسے اُردو کا گوشہ، انگریزی کا گوشہ، بچوں کے کام کی نمائش کا کارنر، سائنس کارنر وغیرہ۔

تختہ سیاہ یا وائٹ بورڈ سامنے والی دیوار پر نصب ہو تو اُستاد کمرے میں آسانی سے چل پھر سکتا ہے۔ اُستاد کو مخصوص تختہ سیاہ لگانے یا بچوں کے گروپ کی جگہ بنانے اور آسانی سے رکھا جانے والا فرنیچر، میز کرسیاں، چھوٹے بڑے بینچ اور معیاری سائز کے ڈیسک اس انداز سے رکھے جائیں کہ کمرۂ جماعت میں زیادہ سے زیادہ جگہ بن سکے اور بچے آسانی اور سہولت سے پڑھ سکیں جتنی آسانی سے فرنیچر کی جگہ کو بدلا جاسکتا ہو اُتنی آسانی سے اُستاد جماعت کو ترتیب دے سکتا ہے۔ کمرے میں جس حد تک ممکن ہو، روشنی اور ہوا کے نظام کو بھی مدِ نظر رکھنا چاہیے تاکہ اس میں مختلف درجوں کے بچے بیٹھ سکیں اور اس بات کا بھی خیال رکھا جائے کہ بچے براہِ راست سورج کی روشنی اور بہت زیادہ اندھیرے سے محفوظ رہیں۔ مختلف درجوں کے لیے بنائے گئے کمروں میں اس بات کا یقین کرلیں کہ بچے اور اُستاد آسانی سے کمرۂ جماعت میں گھوم سکیں۔ ایسی جگہوں کا بھرپُور فائدہ اُٹھائیں جہاں بچوں کے کام اور چارٹ کی نمائش کی جاسکے۔ نمائشی اشیاء کے لیے کمرۂ جماعت کی دیوار کے ساتھ کیلیں، کھونٹیاں اور ہینگرز وغیرہ استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ تمام چیزوں پر نفاست اور احتیاط سے ان کے نام / عنوان (Labels) تحریر کریں اور انھیں باقاعدگی سے تبدیل کرتے رہیں۔

## ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں دو گریڈز کو اکٹھا کرنے کے لیے کمرۂ جماعت کا نقشہ









**ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں تین گریڈز کو اکٹھا کرنے کے لیے کمرۂ جماعت کا نقشہ**





الماری
ریکارڈز/رجسٹر
بورڈ
دروازہ
پہلی جماعت
تیسری جماعت
دوسری جماعت
لائبریری کورنر
بچوں کا کام چسپاں کریں
(Display Corner)
زبان گوشہ
ریاضی کا گوشہ
طلبہ کا نام




بورڈ
دروازہ
پہلی جماعت
دوسری جماعت
تیسری جماعت
لائبریری کورنر
ریاضی کا گوشہ
زبان گوشہ
سائنس
کا گوشہ
الماری
ریکارڈز/رجسٹر
طلبہ کا نام

# ماڈیول
# 3

## اُستاد کا کردار اور ملٹی گریڈ کے بنیادی اُصول



# دوسرا دن

## ماڈیول 3: اُستاد کا کردار اور ملٹی گریڈ کے بنیادی اُصول

### مقاصد

شرکا اس قابل ہو جائیں گے کہ:

1. ملٹی گریڈ میں استاد کے کردار کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
2. ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اُصول
3. ملٹی گریڈ کلاس میں طلبہ کی شمولیت

### تدریسی مواد

چارٹ پیپرز، مارکرز، ٹیپ، ملٹی میڈیا، سپیکرز۔ ہینڈ آؤٹس

### سرگرمی 1: | 09:00 – 09:30 | تلاوت اور پچھلے دن کا اعادہ

**شرکا کے تاثرات**

درج ذیل سوالات پر گفتگو کریں:

1. کل میں نے کیا نئی بات سیکھی؟
2. کل کے سیشن میں کیئے گئے طریقہ تدریس کو ملٹی گریڈ درس و تدریس میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے؟
3. ملٹی گریڈ کے حوالے سے کس موضوع پر ہمیں مزید گفتگو کرنے کی ضرورت ہے؟

### سرگرمی 2: | 09:30 – 10:45 | ملٹی گریڈ کلاس میں اُستاد کا کردار

1. شرکا کے 5 گروپس بنائیں۔ جگ سا Jig saw ریڈنگ کی حکمت عملی اپناتے ہوئے **ہینڈ آؤٹ 1** کے عنوانات تقسیم کریں۔
2. عنوانات پر مہارت حاصل کرنے کے بعد نئے گروپس اس طرح بنائیں کہ ہر گروپ میں پرانے گروپس کا ایک ایک ممبر شامل ہو۔

3. ہر گروپ میں ہینڈ آوٹ کے تمام نکات کو ساتھی شرکاء کے ساتھ بحث کرنے اور نکات کو چارٹ پر اپنے الفاظ میں لکھنے کو کہیں۔
4. ہر پیشکش کے اختتام پر اہم نکات دہرائیں۔

**جگ سا ریڈنگ (Jig saw reading)**

ایک مخصوص وقت میں ہر گروپ ایک پیرا گراف پڑھ کر سمجھتا ہے۔ مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد پانچوں گروپ کے تمام ممبرز نئے گروپ اس طرح سے بناتے ہیں کہ ہر گروپ میں پچھلے گروپس کا ایک نمائندہ موجود ہوتا ہے۔ ہر نمائندہ اپنے پڑھے ہوئے پیرا گراف کے اہم نکات باقی گروپ ممبرز سے ڈسکس کرتا ہے۔ اس طرح گروپ کے پانچوں لوگ **ہینڈ آوٹ** کو اچھی طرح سمجھ لیتے ہیں۔"

**چائے کا وقفہ** | 10:45 – 11:00

## سرگرمی 3: | 11:00 – 12:00 | میرا طریقہ تدریس

1. شرکا سے کہیں کہ وہ اپنے تدریسی تجربے کو ذہن میں رکھتے ہوئے **ہینڈ آوٹ 2** میں دیے گئے بیان کے مطابق اپنے آپ کو اسکور زدیں۔
2. آخر میں دی گئی کیلکولیشن کے مطابق اپنے areas for improvement کی فہرست بنائیں۔
3. **ورک شیٹ 1** کے مطابق اپنا ایکشن پلان تیار کریں۔
4. اب شرکا کے گروپس بنائیں جس میں وہ اپنے ایکشن پلان ڈسکس کریں اور ان سے فیڈ بیک لیں۔
5. ہر گروپ سے ایک یا دو شرکا سے ان کے پلان کی پیشکش کروائیں۔

## سرگرمی 4: | 12:00 – 01:00 | ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اُصول

1. شرکا کے 5 گروپس بنائیں۔
2. گروپ ورک کے اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے انھیں **ہینڈ آوٹ 3** پڑھنے کے لیے 15 منٹ دیں۔
3. ہر اصول پر کسی ایک گروپ سے تبادلہ خیال کریں اس طرح تمام اصولوں پر باری باری گفتگو کریں۔

**نماز اور کھانے کا وقفہ** | 01:00 – 02:00

## سرگرمی :5 | 02:00 – 03:00 | ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اُصول (جاری)

1. پرچیاں لکھنے کے لیے ہدایت لکھیں۔
2. ہر گروپ کو کوئی 3 پرچیاں اٹھانے کو کہیں۔ گروپ سے کہیں کہ وہ اپنے اصول دوسرے گروپس کو نہ دکھائیں۔
3. پرچیوں پر لکھے گئے اصول کے مطابق وہ 3 مختلف رول پلے بنائیں گے جس میں وہ اس اصول کے خلاف صورتحال دکھائیں گے۔ جیسے فرض کریں کہ ایک گروپ کے پاس یہ تین اصول آئے ہیں:
   - میری تیاری مکمل ہے۔
   - واضح طور پر اپنی توقعات بیان کریں۔
   - مستقل مزاج رہیں۔
4. اس گروپ نے رول پلے میں دکھانا ہے کہ:
   - اگر تیار نہیں ہوں گے تو کیا ہو گا؟
   - اگر ہدایات واضح طور پر نہ دیں تو کس طرح کی صورتحال ہو سکتی ہے؟
   - مستقل مزاجی نہ ہوئی تو کیا ہو سکتا ہے؟
5. ہر گروپ اپنے تینوں رول پلے 20 منٹ میں تیار کرے گا۔ اس دوران گروپ میں جا کر ان کا بنایا گیا پلاٹ ڈسکس کریں تا کہ اصول واضح ہو سکے۔
6. رول پلے 3 راؤنڈز میں پیش کیے جائیں گے۔ ہر راؤنڈ میں باری باری تمام گروپس اپنے رول پلے پیش کریں گے۔
7. شرکا رول پلے دیکھ کر اس بات کا جائزہ لیں گے کہ رول پلے کے استاد نے کس اصول کو نظرانداز کیا ہے۔
8. درست اصول کی شناخت کے بعد اسے درست کرنے کے طریقوں پر گفتگو کریں۔
9. اسی طرح راؤنڈ 2 اور 3 بھی مکمل کیا جائے گا۔ ہر مرتبہ درست اصول کی شناخت کے بعد اسے درست کرنے کے طریقوں پر گفتگو کریں۔

## سرگرمی :6 | 03:00 – 04:00 | ملٹی گریڈ کلاس میں طلبہ کی شمولیت

**بورڈ پر لکھیں:** "ملٹی گریڈ کلاس میں طلبہ کی شمولیت"

1. شرکا سے پوچھیں کہ آپ ملٹی گریڈ کے تدریسی عمل میں طلبہ کو کن کن کاموں کی ذمہ داریاں دے سکتے ہیں؟ ان کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں۔ مثلاً:
   - کمرۂ جماعت کی دیکھ بھال۔
   - جماعت میں سامان/کاپیوں کو تقسیم کرنا اور اکٹھا کرنا۔
   - تدریسی مواد بنانا

- دیے گئے کاموں کو چیک کرنا۔
- ساتھیوں کو پڑھانا۔

2. **ہینڈ آؤٹ 4** پڑھنے کا موقع دیجیے۔
3. 10 منٹ بعد ہینڈ آؤٹ کے اہم نکات اپنے برابر میں بیٹھے ہوئے ساتھی سے ڈسکس کرنے کو کہیں۔
4. مزید 10 منٹ بعد منتخب شرکا سے ان کے خیالات پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔
5. اب شرکا کے 5 گروپس بنائیں۔
6. ہر گروپ کو ایک رول پلے بنانے کہیں جس میں وہ کسی بھی مضمون کے کسی بھی عنوان پر طلبہ کو ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے دوران مختلف کاموں میں شامل کریں۔

## سرگرمی 7: | 04:00 – 04:45 | رول پلے

1. شرکا کو بتائیں کہ اب تمام گروپ باری باری رول پلے پیش کریں گے۔
2. شرکا اپنی نوٹ بک میں درج ذیل نکات کے بارے میں اپنے مشاہدات تحریر کریں گے جو رول پلے کے آخر میں ڈسکس کریں گے:
   - کام کی نوعیت
   - ہدایات
   - سرگرمی کا آغاز
   - سرگرمی کے دوران طلبہ کی مصروفیت
   - سرگرمی کا اختتام
   - طلبہ کی آموزش
3. تمام گروپس کے رول پلے کی باری باری پیشکش کروائیں۔
4. رول پلے کے اختتام پر دیے گئے 6 نکات پر شرکا کا فیڈبیک لیں۔ **ہینڈ آؤٹ 4** کے نکات کو دہراتے ہوئے ڈسکشن کا اختتام کریں۔

## سرگرمی 8: | 04:45 – 05:00 | اختتام اور اعادہ

دن کے اختتام پر تبادلہ خیال کیے گئے تمام موضوعات کو دہرائیں، شرکا کی شمولیت پر ان کا شکریہ ادا کریں۔

# ہینڈ آؤٹس / ورک شیٹس

## ہینڈ آؤٹ نمبر 1: اُستاد کا کردار

ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں استاد ایک اہم ستون ہے جو نہ صرف مختلف جماعتوں کے طلبہ کو سیکھنے اور سکھانے کا موثر ماحول فراہم کرتا ہے بلکہ اپنے تدریسی عمل میں مختلف سرگرمیوں اور عملی کام کے ذریعے ان سب کو ایک ساتھ علم سکھاتا ہے۔استاد کی چند چیدہ چیدہ ذمہ داریاں درج ذیل ہیں:

ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں استاد کا کردار سب سے زیادہ اہم ہے کیوں کہ اس کا طلبہ سے براہ راست واسطہ پڑتا ہے۔یہ استاد ہی ہوتا ہے جو اپنے تدریسی عمل کے ذریعے مختلف جماعتوں کے طلبا کے سیکھنے اور سکھانے کے لیے نہ صرف سازگار ماحول فراہم کرتا ہے بلکہ دلچسپ اور عملی سرگرمیوں کی بدولت آموزش کے عمل کو آگے بڑھانے میں طلبہ کے لیے ہمہ وقت تیار رہتا ہے۔استاد کی کئی ذمہ داریاں ہوتی ہیں جن میں سے چند ایک کا ہم یہاں ذکر کریں گے۔

### 01 کمرۂ جماعت کا محفوظ ماحول:

استاد کا رویہ کمرہ جماعت میں طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو محفوظ یا غیر محفوظ بنا سکتا ہے۔استاد اگر جماعت میں خوشگوار ماحول پیدا کرے تو طلبہ کے سیکھنے کی رفتار میں دگنا اضافہ ہو سکتا ہے۔لیکن اگر استاد بلاوجہ کی سختی اور ناراضگی سے پیش آئے اور استاد کا یہ ناخوشگوار رویہ طلبا محسوس کریں تو ان کی آموزش میں واضح فرق نظر آتا ہے۔استاد کا مثبت یا منفی رویہ، طلبا میں بھی ایسے ہی رجحانات کو جنم دیتا ہے اور ان کی آموزش کو متاثر کرتا ہے۔لہذا کمرہ جماعت کے ماحول کو طلبا کے لیے محفوظ اور خوش گوار بنانا استاد کی سب سے اہم ذمہ داری ہے۔

### 02 کردار سازی

اساتذہ کسی بھی معاشرے کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ عمومی طور پر اساتذہ کا خیال یہ ہوتا ہے کہ کردار سازی ان کا کام نہیں ہے بلکہ وہ صرف تدریس کے ذمہ دار ہیں۔جب کہ ایسا نہیں ہے۔طلبہ اپنے دن کا ایک بڑا حصہ میں اساتذہ کی زیر نگرانی گزارتے ہیں اور وہ ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں اس طرح وہ اپنے کردار میں تبدیلیاں لاتے ہیں جو ان کی شخصیت کا مستقل حصہ بن جاتی ہیں۔اس لیے یہ ضروری ہے کہ استاد اپنے طلبہ کے ساتھ محبت اور شفقت سے پیش آئے کیوں کہ استاد طلبا کے لیے رول ماڈل ہوتا ہے اور ان کا معاشرے میں ایک اعلیٰ مقام ہوتا ہے۔اس لیے ان کا مثبت یا منفی رویہ طلبا کے کردار میں تبدیلی لانے کا اہم سبب بن سکتا ہے۔

## 03 معاونت اور رہنمائی کرنا:

اس طریقے میں استاد طلبہ کی حوصلہ افزائی کرکے اور سیکھنے کے عمل میں ان کو مدد دے کر، تدریس کے مقاصد کو بہترین طریقے سے حاصل کر سکتا ہے۔ معاونت کا کام یوں تو ہر استاد کسی نہ کسی انداز سے کر ہی رہا ہوتا ہے لیکن اگر وہ طلبہ میں خوشدلی سے کسی بھی کام کو سیکھنے کی رغبت پیدا کرے تو وہ آموزش دیرپا ثابت ہوتی ہے۔ استاد کو چاہیے کہ وہ طلبہ کی باتوں کو غور سے سنے اور ان کی ضروریات کو حتی الامکان پورا کرنے کی کوشش کرے کیوں کہ یہ بھی معاونت کا ایک طریقہ ہے۔ جب طلبہ میں استاد یہ احساس اجاگر کر دے کہ کمرہ جماعت ان کی ملکیت ہے اور وہ اس کے کسی بھی گوشے کو استعمال کر سکتے ہیں تو اس سے طلبہ میں نہ صرف اعتماد پیدا ہوتا ہے بلکہ استاد اور طلبہ کے مابین خوشگوار تعلقات کی وجہ سے مثبت ماحول میں موثر اور منظم تدریسی عمل قائم کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔

## 04 کمرۂ جماعت کا انتظام و انصرام:

کمرۂ جماعت کو منظم رکھنے کے لیے مختلف تراکیب، اور حکمت عملیوں سے کام لیا جاتا ہے تا کہ جماعت میں سیکھنے کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جا سکے اور طلبہ کے منفی رویوں پر قابو پایا جا سکے۔ اس انتظام کے لیے مقاصد کا تعین اور اس پر عمل درکار ہوتا ہے۔ ذیل میں چند چیدہ مقاصد پیش کیے جاتے ہیں

**<u>سیکھنے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا جو</u>**

1. طلبا کے سیکھنے کے عمل پر مثبت اثرات پیدا کرے
2. طلبہ کی تعلیمی، نفسیاتی اور معاشرتی آموزش میں مدد کرے
3. جماعت کو منظم رکھنے میں مدد کرے
4. طلبہ کے اچھے کاموں کی حوصلہ افزائی کرے اور ان کے رویوں کی اصلاح میں مدد دے

کمرہ جماعت کی موثر تنظیم سازی اور تعلیمی توقعات کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اسے طلبہ کے نقطہ نظر اور شراکت کے اصول کے تحت ترتیب دیا جائے۔ اس طرح سیکھنے کا عمل زیادہ بہتر طور پر سر انجام دیا جا سکتا ہے۔

ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں جس بات کا سب سے زیادہ خیال رکھنا ضروری ہے وہ یہ کہ جماعت کے ہر حصّے کو کس طرح کام میں لایا جائے۔ جماعت میں مختلف گوشے اس طرز پر تیار کیے جائیں کہ تمام اہم مضامین کی سرگرمیاں آسانی سے کی جا سکیں۔ جیسے ایک اردو کو گوشہ ہو تو ایک ڈرائنگ کا، یا ایک سائنس کا ہو تو ایک ریاضی کا گوشہ ہو تا کہ سیکھنے کے عمل میں کمرہ جماعت کو موثر طریقے سے استعمال کیا جا سکے۔ ایک سے زیادہ جماعتوں کی ایک کمرے میں تدریس کے لیے یہ انتظام ایک مشکل کام ہوتا ہے اور اساتذہ کو اس پر خصوصی توجہ دینی پڑتی ہے۔

## 05 کمرۂ جماعت کے انتظام و انصرام کی حکمت عملیاں:

1. اساتذہ شروع سے ہی کچھ اصول متعین کرلیں اور بہترین رول ماڈلنگ کریں۔ طلبہ سے اپنی توقعات شیئر کریں۔ ایک دوسرے کی رائے کا احترام کریں۔ بات چیت کے دوران مہذب الفاظ کا استعمال کریں۔ جماعت میں اظہار رائے کی آزادی کو لحاظ کے دائرے میں رہتے ہوئے فروغ دیں۔
2. رہنما اصول طلبا کی مدد سے طے کریں اور انھیں خود وہ اصول لکھنے دیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں
3. جماعت کے اصول و قوانین بھی طلبا پر واضح کریں اور طے کریں۔
4. جماعت میں طلبہ پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں، کسی ایک طالب علم کی غلطی پر پوری جماعت کو سزا دینے کے بجائے اس مسئلے کو حل کرنے پر توجہ دیں
5. طلبہ کے نئے تخلیقی کام کی حوصلہ افزائی کریں۔ نئی سوچ اور جدت کو پروان چڑھانے میں طلبا کا ساتھ دیں
6. طلبہ کے اچھے رویوں اور کارکردگی کی تعریف کریں ایسا کرنے سے وہ تعلیمی میدان میں زیادہ بہتر کام کرتے ہیں۔
7. کسی بھی منفی رویے پر بنا ہچکچاہٹ فوری ایکشن لیں۔ اگر کوئی اصول طلبہ کی جانب سے توڑا گیا ہو تو اس کا فوری سدّباب کریں اس طرح جماعت کا ماحول بہتر رہے گا۔

**ایک سے زیادہ جماعتوں کی تدریس کے لیے موضوعات اور عنوانات کی نشان دہی:**

یہ ایک نہایت مشکل، پیچیدہ اور مہارت طلب کام ہے۔ اس کے لیے اساتذہ کو نہ صرف تمام نصاب کا باریک بینی سے مطالعہ کرنا پڑتا ہے بلکہ مشترکہ موضوعات کا تعین بھی اس کا اہم ترین مرحلہ ہوتا ہے۔ پھر اس کے مطابق وہ اسباق کی منصوبہ بندی اور حکمت عملیاں طے کرتے ہیں۔ عمومی طور پر زیادہ تر ممالک میں ایک جماعت کے لحاظ سے نصاب تیار کیا جاتا ہے لیکن اساتذہ کی کمی کے باعث ملٹی گریڈ ٹیچنگ کا بھی بہت رجحان پایا جاتا ہے اور اس کے لیے ان اساتذہ کو ایسے موضوعات کا انتخاب کرنا ہوتا ہے جو ایک سے زیادہ جماعتوں میں پڑھایا جاسکے۔ اسی لیے موضوعات کا چناؤ بہت مہارت سے کیا جانا چاہیے۔

## 06 مختلف جماعت کے طلبا کے لیے تدریسی مواد ترتیب دینا:

ملٹی گریڈ ٹیچنگ کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں طلبہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر خود سے کام کرسکتے ہیں۔ لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ اساتذہ ایسی ورک شیٹس اور تعلیمی مواد تیار کریں جن کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے طلبہ اپنا کام خود کرسکیں۔ طلبہ کی صلاحیتوں اور کارکردگی کو نکھارنے کے لیے ضروری ہے کہ اساتذہ ان ورک شیٹس کی ایسی ترتیب رکھیں کہ طلبہ اسے اساتذہ کی مدد کے بغیر بھی کرسکیں۔ اس کے علاوہ جماعت میں موجود تعلیمی مواد بھی نہ صرف طلبہ کے لیے مددگار ثابت ہوتا ہے بلکہ وہ خود بھی اس مواد کی تیاری میں اساتذہ کی مدد کرسکتے ہیں۔

## 07 طلبہ کو موثر طریقے سے منظم کرنا:

ایک، استاد کے لیے، ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں گروپ بندی سب سے دُشوار مرحلہ ہوتا ہے۔ کیوں کہ جماعت میں مختلف صلاحیتوں کے حامل طلبہ ہوتے ہیں اسی لیے گروپ بندی کبھی ایک ہی جماعت کو مدِ نظر رکھ کر کی جاتی ہے تو کبھی مختلف طلبہ کی ترجیحی بنیادوں پر کی جاتی ہے۔ اس لیے استاد اگر مہارت سے گروپ بندی کرے تو مختلف درجوں کے طلبہ کو ایک دوسرے سے سیکھنے کے زیادہ مواقع میسر آسکیں گے۔

## 08 طلبہ کے حاصلاتِ تعلّم کی نگرانی کرنا:

کثیر الجماعتی تدریس میں ایک اور مشکل مرحلہ طلبہ کے حاصلات تعلّم کی نگرانی کرنا ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اساتذہ مختلف جماعتوں کے طلبہ کی ایک وقت میں تدریس اور نگرانی کرتے ہیں اور پھر ان کی تدریس اور آموزش کے حوالے سے جائزے کے سوالات تیار کرتے ہیں جو کہ کسی قدر مشکل اور وقت طلب کام ہے۔

## 09 وقت کا موثر استعمال:

اس طریقہ تدریس میں وقت کا موثر اور درست استعمال نہایت ضروری ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک کمرہ جماعت میں مختلف جماعتوں کے طلبہ کی تدریس کی وجہ سے استاد کے لیے اس بات کا تعین کرنا بہت اہم ہے کہ کس جماعت یا کس گروپ کو کتنا وقت دے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہر سرگرمی کے لیے بھی مختص وقت کو بھی سمجھداری سے استعمال کرے۔ جیسے چھوٹے بچوں کو ہدایات سمجھانے اور ان پر عمل کروانے میں زیادہ وقت لگتا ہے جب کہ بڑی جماعتوں کے بچے خود ہدایات کو صرف سمجھ کر یا پڑھ کر سرگرمی انجام دے سکتے ہیں۔ اس طرح کوئی استاد اپنے وقت کا موثر اور بہتر استعمال کر سکتا ہے۔

## 10 اسکول کی سرگرمیوں میں والدین کی شمولیت:

والدین کے اسکول کے ساتھ مثبت روابط بچے کی تربیت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اُستاد اگر والدین کی صلاحیتوں کا ریکارڈ رکھے تو وہ جماعت میں تدریس کے عمل میں ان کے معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس سے طلبہ کی کارکردگی اور تعلیمی نشو و نما بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ اس لیے والدین کا ادارہ کے ساتھ وقتاً فوقتاً رابطے میں رہنا ضروری ہے۔

## 11 ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد:

بچوں کے لیے نصابی کے ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کا بھی انعقاد کرواتے رہنا چاہیے جن سے طلبہ کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا ہوتا ہے اور تعلیمی عمل بہترین انداز میں پروان چڑھتا ہے۔

## ہینڈآؤٹ نمبر 2: یہ میرے بارے میں ہے۔

ہر جملے کو پڑھ کر 5 میں سے اپنے آپ کو اسکور دیں۔ جن میں 5 کا مطلب سب سے زیادہ اور 1 کا مطلب سب سے کم ہے۔ اگر آپ نہیں کرتے ہیں تو '0' لکھیں۔

| نمبر شمار | کیا میں یہ کرتا/کرتی ہوں؟ | اسکور |
|---|---|---|
| 1 | میں تمام مضامین کے بنیادی تصورات سے آگاہ ہوں۔ | |
| 2 | میں مختلف جماعتوں کے نصاب میں تصورات کے بتدریج پیچیدہ ہونے کے مختلف لیولز کو سمجھتا/ سمجھتی ہوں۔ | |
| 3 | میں جانتا/جانتی ہوں کہ بچے کیسے سیکھتے ہیں۔ | |
| 4 | مجھے طلبہ کے انفرادی طور پر سیکھنے کے انداز سے واقفیت ہے۔ | |
| 5 | میں اپنی جماعت کو مختلف سر گرمیاں کراتے ہوئے منظم رکھتا/رکھتی ہوں۔ | |
| 6 | میں طلبہ کے سیکھنے کے عمل کا باقاعدہ مشاہدہ کرتا/کرتی ہوں۔ | |
| 7 | میں طلبہ سے کیوں اور کیسے کے سوالات کرتا/کرتی ہوں۔ | |
| 8 | میں سوالات کے جوابات کے لیے طلبہ کو مناسب وقت دیتا/دیتی ہوں۔ | |
| 9 | میں سوالات پوچھنے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتا/کرتی ہوں۔ | |
| 10 | میں ایک بہت اچھا سننے والا/والی ہوں۔(سامع ہوں) | |
| 11 | میں طلبہ کے ساتھ مل کر مختلف سر گرمیوں کی منصوبہ بندی کرتا/کرتی ہوں۔ | |
| 12 | میں تصورات کو واضح کرنے کے لیے مختلف تدریسی معاونات کا استعمال کرتا/کرتی ہوں۔ | |
| 13 | میں باقاعدگی سے طلبہ کی قابلیتوں، مہارتوں اور کارکردگی کا جائزہ لے کر انھیں فیڈبیک دیتا/دیتی ہوں۔ | |
| 14 | مجھے معلوم ہوتا ہے کہ میرے کس طالب علم کو میری کس طرح کی مدد درکار ہے۔ | |
| 15 | میں اپنے طلبہ کو ان کی ضرورت کے مطابق سپورٹ کرتا/کرتی ہوں۔ | |
| 16 | میں اپنے تمام طلبہ کی صلاحیتوں اور قابلیت سے اچھی طرح واقف ہوں۔ | |
| 17 | میں اپنے تمام طلبہ کے پس منظر سے اچھی طرح واقف ہوں۔ | |
| 18 | میرے پاس طلبہ کے کرنے، بولنے، سوچنے اور لکھنے کے لیے کافی مواد موجود ہے۔ | |
| 19 | میرے تمام طلبہ سے دوستانہ تعلقات ہیں۔ | |
| 20 | طلبہ مجھ سے اپنے مسائل بلا جھجک ڈسکس کرتے ہیں۔ | |

| | | |
|---|---|---|
| 21 | میری موجودگی میں طلبہ اپنے آپ کو محفوظ محسوس کرتے ہیں۔ | |
| 22 | میں کمیونٹی میں ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہ ہوں۔ | |
| 23 | کمیونٹی کے لوگ مجھ پر بھروسہ کرتے ہیں۔ | |
| 24 | میں کمیونٹی میں موجود وسائل سے اچھی طرح واقف ہوں۔ | |
| 25 | میں جانتا/جانتی ہوں کہ اور کمیونٹی کے رابطوں کو کس طرح موثر بنایا جاسکتا ہے۔ | |
| 26 | میں جانتا/جانتی ہوں کہ اور ڈیپارٹمنٹ کے رابطوں کو کس طرح موثر بنایا جاسکتا ہے۔ | |
| 27 | مجھے معلوم ہے کہ مختلف مسائل میں مجھے ڈیپارٹمنٹ سے کون سپورٹ کر سکتا ہے۔ | |
| 28 | میں ڈیپارٹمنٹ کے فیڈبیک کے مطابق اپنی تدریس کو بہتر بناتا/بناتی ہوں۔ | |
| 29 | میں اپنے سکول لیڈرز سے بلا جھجک مدد لیتا/لیتی ہوں۔ | |
| 30 | میں اپنے ساتھی اساتذہ سے بلا جھجک مدد لیتا/لیتی ہوں۔ | |
| 31 | میں ساتھی اساتذہ سے بچوں کے مسائل پر بات کرتا/کرتی ہوں۔ | |
| 32 | میں بوقت ضرورت/گاہے بگاہے والدین کے ساتھ بچوں کی کارکردگی پر بات کرتا/کرتی ہوں۔ | |

**کیلکولیشن:**

| اسکورز | اسٹیٹمنٹس کی تعداد |
|---|---|
| 5 | |
| 4 | |
| 3 | |
| 2 | |
| 1 | |
| 0 | |

## ورک شیٹ نمبر 1: ایکشن پلان

| نمبر شمار | 4 سے کم اسکور والے اسٹیٹمنٹس | کیسے بہتر کریں گے؟ | کس سے مدد لیں گے؟ | کب تک کریں گے؟ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

# ہینڈ آؤٹ نمبر 3: ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اُصول

ملٹی گریڈ تدریس کے چند بنیادی اصول درج ذیل ہیں:

## 1. میری سبق کی تیاری مکمل ہے۔

بغیر تیاری کے سبق سکھانے نہ آئیں۔ اگر استاد بغیر تیاری کے کلاس پڑھانے آئے تو آپ کے خیال میں کیا ہو گا؟ ایک ملٹی گریڈ کلاس روم میں، اس کے نتیجے میں افرا تفری پیدا ہو سکتی ہے۔ اگر آپ تیار نہیں ہیں تو آپ سیکھنے والوں کی انفرادی ضروریات، دلچسپیوں اور صلاحیتوں کو پورا نہیں کر سکیں گے۔ اور نہ ہی آپ ان کی پیش رفت کی نگرانی کر سکیں گے۔ پہلے سے کی گئی منصوبہ بندی کا فائدہ یہ ہے کہ آپ نے سبق کے بارے میں تفصیل سے سوچا ہو گا اور مواد کے بارے میں ضروری تحقیق مکمل کی ہو گی۔ پھر آپ اس کے مطابق منصوبہ بندی کریں گے۔ کامیاب ملٹی گریڈ تدریس کے لیے ایک لازمی عنصر استاد کی سبق کی منصوبہ بندی اور تیاری کرنے کی صلاحیت ہے۔ ہمیشہ احتیاط سے مکمل منصوبہ بندی کریں۔

## 2. واضح طور پر اپنی توقعات بیان کرنا۔

مسلسل اور بے مقصد بات کر کے وقت ضائع نہ کریں۔ جب آپ اپنا سبق پیش کریں تو واضح طور پر بتائیں کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔ جب آپ خود کلئیر نہیں ہوں گے تو آپ سیکھنے والوں کو اور الجھا دیتے ہیں اور وہ دلچسپی کھو دیتے ہیں۔ آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے سیکھنے والے آپ کے سبق میں فعال طور پر شامل ہوں۔ لہذا واضح ہدایات دیں اور طلبا کو فعال شراکت دار بننے کے مواقع فراہم کریں۔

## 3. اپنے مضمون کا متن جانیں۔

اپنے سبق سے پہلے، اپنے مواد کو غور سے پڑھیں اور یہ وضاحت کرنے کے لیے تیار رہیں کہ کلاس کے وقت متن کا کیا مطلب ہے اب سیکھنے والوں کو اپنے لیے چیزیں دریافت کرنی پڑتی ہیں اور استاد کا کردار سیکھنے کی ہدایت دینا اور سہولت فراہم کرنا ہے۔

## 4. تدریسی مواد کا استعمال کرنا۔

تدریسی مواد آپ کے استعمال اور سیکھنے والوں کو ان کے سیکھنے میں مدد کرنے کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دینے کے لیے موجو دہوتا ہےں۔ مثال کے طور پر، اگر اسکول میں کمپیوٹر ہے تو اس کے بارے میں بات نہ کریں کہ وہ کیا کر سکتا ہے۔ اسے یہ دکھانے کے لیے استعمال کریں کہ یہ کیا کر سکتا ہے اور سیکھنے والوں کو دکھائیں کہ اسے کیسے استعمال کرنا ہے تاکہ وہ سیکھ سکیں۔

## 5. طلبہ کی ان کی تحریر میں مدد کریں

طلبہ سے یہ مت کہیں کہ اپنی کتابیں کھولو اور لکھنا شروع کرو۔ لکھنا ایک مشکل مہارت ہے۔ طلبہ کو اچھی طرح لکھنے کے لیے رہنمائی کی ضرورت ہے۔ انھیں سننے، بولنے یا پڑھنے کی ضرورت ہے کہ وہ کیا لکھنے جا رہے ہیں۔ طلباء کو لکھنے کے لیے کہنے سے پہلے تحریری تفویض پر تبادلہ خیال کرنے کا موقع دیں تاکہ انھیں ایک بنیاد مل سکے۔

## 6. مثال قائم کریں۔

آپ کو اپنے طلبا کے لیے ایک مثال قائم کرنی چاہیے اور آپ کو دیکھ بھال کرنے والے طرز عمل کا نمونہ پیش کرنا چاہیے۔ اپنے سیکھنے والوں کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں، مسکرائیں اور ہنسیں۔ سیکھنے والوں کو اساتذہ سے سوالات بلا جھجک پوچھنے چاہیں۔ سیکھنے والوں کو کلاس روم میں آرام دہ محسوس کرنا چاہئے۔ یاد رہے! آپ ان سیکھنے والوں کے سامنے جو کچھ بھی کریں، وہ مثالی ہونا چاہیے۔

## 7. واضح طور پر بات کریں۔

بہت تیزی سے بات نہ کریں. ایک ملٹی گریڈ کلاس روم میں، سیکھنے والے ایک ہی کلاس میں ہوتے ہیں، لیکن ان کی صلاحیتیں مختلف ہوتی ہیں۔ اگر آپ بہت جلدی بات کریں گے تو کچھ سیکھنے والے آپ کو نہیں سمجھ پائیں گے۔ اس بات کا نوٹس لیں کہ آپ اپنے سیکھنے والوں سے کس طرح بات کرتے ہیں اور وہ آپ کی آواز کے استعمال پر کیا ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔

## 8. طلباء کو سوالات کے جوابات دینے میں مدد کریں۔

تدریس کا مقصد سیکھنے والوں سے سوالات کے لامتناہی سلسلے کے جوابات فراہم کرنے کے لیے نہیں کہنا ہے۔ لیکن اگر آپ سوالات پوچھتے ہیں تو آپ کو سوال کی تشریح، اشارے فراہم کرکے، دیگر علم کا حوالہ دے کر اور سوال کے مواد یا ڈھانچے کو آسان بنانے کے مختلف طریقے استعمال کرنے کی ضرورت ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبا اس کو حل کر سکیں۔

## 9. اپنے تمام سیکھنے والوں کی مدد کریں۔

کسی ایسے بچے کو نظر انداز نہ کریں جو الجھا ہوا نظر آتا ہے۔ اکثر، سیکھنے والوں کو نظر انداز کیا جاتا ہے جو بڑی کلاسوں میں الجھے ہوئے اور کھوئے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ایک اچھا استاد یہ جاننے کی کوشش کرے گا کہ بچہ کیوں الجھا ہوا نظر آتا ہے اور بچے کی مدد کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

## 10. وقت پر پہنچیں۔

کمرۂ جماعت میں دیر سے نہ آئیں۔ کلاس وقت پر شروع کریں اور وقت پر اپنا سبق ختم کریں۔ اگر آپ کے سیکھنے والے آپ کو اپنے وقت کو موثر طریقے سے استعمال کرتے ہوئے دیکھیں گے تو وہ بھی ایسا ہی کریں گے۔

## 11. مستقل مزاج رہیں۔

ایک استاد کی حیثیت سے ہر روز، آپ کو ایک ہی معیار اور ترتیب کی سطح کو برقرار رکھنا چاہیئے۔ معمولات قائم کریں اور ذمہ داریاں تفویض کریں۔ ایک کلاس روم میں جہاں کوئی طے شدہ معمولات یا قواعد نہیں ہیں، سیکھنے والے یہ محسوس کر سکتے ہیں کہ وہ جو چاہیں کرنے کے لیے آزاد ہیں۔

دوسری طرف قواعد یہ واضح کرتے ہیں کہ طرز عمل کا قابل قبول معیار کیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اساتذہ خود مستقل مزاج رہیں۔ آپ کو تمام سیکھنے والوں کے ساتھ یکساں سلوک کرنا چاہیئے۔۔

## 12. ان معمولات پر عمل کریں جو آپ نے اور آپ کے سیکھنے والوں نے طے کیے ہیں۔

سال کے آغاز میں کلاس روم کے معمولات قائم کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ اپنے سیکھنے والوں کو ان معمولات کے قیام میں حصہ لینے کی اجازت دیتے ہیں تو وہ ان پر عمل کرنے کے لیے زیادہ تیار ہوں گے۔ انھیں ملکیت کا احساس بھی ہوگا۔ پوچھ گچھ، کمرے سے نکلنے اور وسائل کا استعمال کرنے کے لئے معمولات قائم کریں۔ ایک بار جب یہ معمولات قائم ہو جائیں تو سیکھنے والوں سے مشاورت کے بغیر انھیں تبدیل نہیں کیا جانا چاہیئے۔

## 13. اپنے طلبا کی تعریف کریں۔

بچے فطرتاً خوش ہونے کے لیے بے چین ہوتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ جب ایسا موقع ہو تو ان کی تعریف کریں۔ آپ اپنی تعریف کی حد کی نشاندہی کرنے کے لیے مختلف الفاظ استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ بہت اچھے، زبردست اور شاباش جیسے الفاظ استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کو سیکھنے والوں کو بتانا چاہیے کہ انہوں نے کب اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور کب آپ ان کے طرز عمل کو منظور نہیں کرتے ہیں۔

## 14. سیکھنے والوں کی ضروریات کو پورا کرنا۔

سیکھنے والوں کو سیکھنے میں مدد دیں اور ان کی ضروریات کو نظر انداز نہ کریں۔ ایک ملٹی گریڈ کلاس روم میں، سیکھنے والوں کی مختلف ضروریات ہوتی ہیں۔ کچھ کو اعتماد حاصل کرنے اور دوسروں کے ساتھ موثر طریقے سے بات چیت کرنے کا طریقہ سیکھنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ کچھ کو پڑھنا یا ریاضی کرنا مشکل لگ سکتا ہے۔ چند لوگوں کو صحت کے مسائل ہو سکتے ہیں یا وہ مختلف والدین والے خاندانوں سے آ سکتے ہیں۔ آپ کی کلاس مختلف ضروریات اور پس منظر والے افراد کے مرکب پر مشتمل ہوگی۔ تمام سیکھنے والوں کی ضروریات کو ان کی متعلقہ ہدایاتی سطح پر پورا کرنے کے لیے، ایک ملٹی گریڈ استاد کو مختلف طریقہ تدریس استعمال کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ چونکہ استاد ہر جگہ یا ہر سیکھنے والے کے ساتھ بیک وقت نہیں ہو سکتا، اس لئے استاد واضح قواعد وضوابط اور معمولات کے تناظر میں دوسرے سیکھنے والوں یا والدین کے ساتھ ہدایاتی ذمہ داریاں بانٹتا ہے۔ سیکھنے والے سیکھتے ہیں کہ ایک دوسرے کی اور اپنی مدد کیسے کرنی ہے۔ یہ آزادی انتہائی اہم ہے کیونکہ یہ استاد کو انفرادی سیکھنے والوں کے ساتھ کام کرنے اور ان کی انفرادی ضروریات کو ادا کرنے کے قابل بناتی ہے۔

## 15. اپنے فیصلے خود کریں۔

ایک ملٹی گریڈ استاد کی حیثیت سے، آپ اپنے سیکھنے والوں کو سب سے بہتر جانتے ہیں۔ پیشہ ورانہ طور پر مناسب ہے کہ آپ اپنی ہدایت کے بارے میں فیصلے کریں۔ یاد رکھیں کہ آپ جو بھی فیصلے کرتے ہیں وہ آپ کو اور آپ کے سیکھنے والوں کو متاثر کرتے ہیں۔

## ہینڈ آؤٹ نمبر 4: ملٹی گریڈ کلاس میں طلبہ کا کردار

ایک ملٹی گریڈ کلاس کے استاد پر کام کا دباؤ اور بوجھ ایک عام جماعت کے استاد کی نسبت زیادہ ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مختلف صلاحیتوں کے حامل طلبا کثر سرگرمیاں مختلف سطح پر کرتے ہیں۔ اس کے لیے استاد کی تیاری مکمل اور اسے منظم ہونا چاہیے۔ اس دباو کو طلبا کو ذمہ داریاں دے کر کم کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح سے طلبا کو بھی اپنی جماعت سے زیادہ قریبی تعلق اور انسیت محسوس ہوتی ہے۔ ذمہ داریوں کی وجہ سے طلبا زیادہ منظم ہوتے ہیں کیوں کہ وہ اپنے کام خود سرانجام دے رہے ہوتے ہیں۔ وہ استاد پر انحصار نہیں کرتے اور کسی حد تک خود مختار ہو جاتے ہیں۔

**ملٹی گریڈ جماعت کا مقصد طلبہ کی حوصلہ اِفزائی کرنا ہے تا کہ وہ:**

- فعال سامعین/فعال سُننے والے بنیں۔
- جماعت میں جواب دینے والے/ردِ عمل کرنے والے بنیں۔
- جماعت کی بہت سی ذمہ داریاں ادا کر سکیں
- سوال کرنے کے لئے پُر اعتماد ہوں۔
- فعال ہوں۔
- اپنے ہم جماعتوں/ساتھیوں کے مددگار ہوں۔
- فیصلہ لینے کے قابل ہوں/پہل کرنے کے قابل ہوں۔

**طلبہ کو کن ذمہ داریوں میں شریک کیا جائے؟**

1. استاد کو چاہیے کہ وہ طلبا کو بطور معاون انتخاب کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھے کہ وہ جماعت کے دیگر طلبا کو منظم رکھنے، ان کے سیکھنے کے عمل میں استاد کے لیے مددگار کے طور پر کام کریں اور جماعت کو کنٹرول کرنے میں مدد کر سکیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ذمہ داریوں کی تقسیم میں طلبا کی پسند اور ناپسند کا خیال رکھیں اس طرح وہ خود سیکھنے کے لیے زیادہ ذمہ دار اور خود مختار ہو جائیں گے۔
2. جماعت میں مختلف مزاج کے طلبا ہوتے ہیں اس لیے استاد کا پُرسکون رویہ جماعت کے ماحول کو محفوظ اور سیکھنے کے لیے کار آمد جگہ بناتا ہے۔ خاص طور پر ایسے طلبہ جو غیر مناسب رویہ رکھیں، ان کے ساتھ معاملہ فہمی کا رویہ اختیار کریں اور انھیں پُرسکون ہونے میں مدد دیں۔ اس طرح طلبہ میں سیکھنے کی سرگرمیوں میں تجسس اور دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔

جب باقاعدہ طریقہ کار قائم ہو جائیں تو درج ذیل تنظیمی اور تدریسی پہلوؤں کو تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

- کمرۂ جماعت کی دیکھ بھال۔
- جماعت میں سامان/کاپیوں کو تقسیم کرنا اور اکٹھا کرنا۔
- دیے گئے کاموں کو چیک کرنا۔
- ساتھیوں کو پڑھانا۔

## کمرۂ جماعت کی دیکھ بھال

کمرہ جماعت کی دیکھ بھال کے لیے عموماً اساتذہ مختلف طریقے وضع کرتے ہیں۔ یہ کام بچوں کو باآسانی تفویض کیا جا سکتا ہے جیسے جماعت کے مختلف گوشوں کے سامان کی ترتیب، بک شیلف اور لائبریری کی کتابوں کی چیکنگ اور ان کی تعداد گن کر رکھنے اور میزوں کی ترتیب وصفائی کا کام ان سے لیا جا سکتا ہے۔

## جماعت میں کتابوں اور سامان کو بانٹنا اور اکٹھا کرنا

جماعت میں سامان اور کتابیں بانٹنے اور اکٹھا کرنے کے کام میں طلبا بہت پُرجوش دکھائی دیتے ہیں۔ اساتذہ کسی حد تک یہ کام بچوں سے لیتے ہیں لیکن اگر ان تمام چیزوں کی جگہ پہلے سے طے ہو تو طلبا کو مکمل ذمہ داری دی جا سکتی ہے کہ وہ خود یہ کام سرانجام دیں۔ استاد اس سلسلے میں واضح ہدایت دے اور اس مشق کو تسلسل سے جاری رکھے تو بچوں کو بار بار یاد دہانی کی ضرورت نہیں پڑتی۔

طلبہ درج ذیل چیزیں بانٹ سکتے ہیں/اکٹھا کر سکتے ہیں:

- مشقی کاپیاں
- آرٹ کا سامان (مومی رنگ، قینچی)
- تصاویر/ٹیسٹ/کہانی کے لیے کاغذ
- پڑھنے کی کتابیں

## دیے گئے کاموں کو چیک کرنا

- کام کی چیکنگ استاد کے لیے ہمیشہ سے ایک مسئلہ رہی ہے کیوں کہ اس میں اس کا بہت سا وقت صرف ہوتا ہے۔ اگر جماعت بڑی ہو تو یہ مسئلہ گھمبیر ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے کچھ چیک کرنے کا کام طلبا کو دیا جا سکتا ہے لیکن ان طلبا کو اس کام میں مہارت اور کسی حد تک تربیت درکار ہوتی ہے۔
- انھیں پہلے بہت واضح راہنمائی اور خاص ہدایات دی جانی چاہیے۔ کچھ اچھے/قابل طلبہ کو منتخب کیا جا سکتا ہے کہ وہ دوسرے طلبہ کو کام چیک کریں۔ ہر اچھے باصلاحیت بچے کو چار یا پانچ اوسط قابلیت والے بچے دیے جا سکتے ہیں جو رضامندی سے اس ذمہ داری کو قبول کریں۔ تب یہ بچے دوسرے بچوں سے اپنے کاموں کو چیک کروائیں۔ یہ بچوں کے لیے بہتر اور فائدہ مند ہو گا جس میں ایک بچہ چیک کرنے کی مہارت سیکھتا ہے اور اپنی غلطی کو درست کرے گا۔ اس طرح دونوں بچے اہم سماجی مہارت سیکھیں گے۔
- دیے گئے کاموں کو گروپس میں بھی چیک کیا جا سکتا ہے۔ جب طلبہ اپنا کام مکمل کرتے ہیں تو وہ مل جل کر اپنے کاموں کو چیک کر سکتے ہیں۔ ان میں جو جواب ایک جیسے ہوں انھیں درست جواب سمجھا جائے گا۔ اگر ایک طالب علم کا جواب مختلف ہو گا تو اسے غلط سمجھا جائے گا۔

## دیے گئے کام کو خود چیک کرنا۔

چھوٹی عمر سے ہی اپنا کام خود چیک کر کے اس کی اصلاح کرنا، طلبا کی تربیت کا ایک اہم حصہ ہے۔ اگر دیے گئے کام کو صحیح طریقے سے بچے خود چیک کریں تو وہ اپنی غلطیاں خود پہچان کر درست کر دیں گے۔

**طلبہ کو اپنا کام چیک کرنا سکھایا جائے** اور ان سے یہ اُمید رکھی جائے کہ وہ اپنے کام اپنے ساتھی سے بھی چیک کروالیں یا خود ایسا کریں۔ ان میں یہ عادت مندرجہ ذیل طریقوں سے ڈالی جا سکتی ہے:

- جوڑے بنا کر کہانی نویسی اور لکھائی کی دوسری سرگرمیاں کروانا۔
- ہدایات دیتے وقت اُستاد کو چاہیے کہ وہ بچوں کو اپنے کام چیک کرنے کی یاد دہانی کروائے۔

- اُستاد ایسی جگہ کا تعین کرے جہاں طلبہ اپنے کام کو چیک کر سکیں۔
- کام چیک کرنے کے لیے جن مہارتوں کی ضرورت ہے وہ بچوں کو سکھائی جائیں۔

### ساتھیوں کو پڑھانا

جماعت کا ماحول اگر محفوظ اور خوشگوار ہے تو طلبا اضافی ذمہ داریوں کو بخوشی نبھاتے ہیں جن میں ایک کام اپنے ساتھیوں کو پڑھانا ہے۔ پڑھائی میں ایک دوسرے کی مدد کرنا اور ایک دوسرے کو پڑھانا ایک اچھا طریقہ ہے جس سے کمرۂ جماعت میں بچوں کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوتا ہے اور اُستاد پر کام کے بوجھ میں کمی ہوتی ہے۔

### ساتھیوں کی تدریس میں مدد

- کسی بھی نئی تصویر یا سبق کو متعارف کروانے میں حوصلہ افزائی کا انداز اپنایا جائے۔ اس کی تربیت ضروری ہے
- غلطیوں کی اصلاح میں اتنی تاخیر کریں کہ پڑھنے والے کو خود اپنی اصلاح کا وقت مل سکے۔
- ایک پیرا گراف پڑھیے اور اس پر تبادلہ خیال کیجیے۔
- اُستاد کی بنائی ہوئی چیک لسٹ/پڑتالی فہرست کو استعمال کریں۔
- طلبا کے پڑھانے کا انداز ایسا ہو کہ چھوٹے طلبا گھر جیسا ماحول محسوس کریں۔ جس طرح گھر کے بڑے چھوٹوں کو پڑھاتے ہیں۔ اس میں تمام مضامین شامل ہیں جن میں طلبا اپنے استاد کی معاونت کر سکتے ہیں۔ لیکن ان کی بنیادی تربیت ضروری ہے۔

### <u>اُستاد درج ذیل طریقوں سے طلبہ میں باہمی تعاون کو فروغ دے سکتے ہیں:</u>

- بچوں کے گروپ کو آزادی کے ساتھ کام کرنے کا موقع دیا جائے۔ ان کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ مسئلے کو لے کر اُستاد کے پاس آنے کی بجائے ایک دوسرے کے ساتھ مسئلے پر بات کریں اور ایک دوسرے کی مدد کریں۔ اُستاد جب سر گرمی کے لیے ہدایات دے رہا ہو تو وہ بچوں کو ایک دوسرے کی مدد کرنے کی ہدایات دے جس سے اُن کی عملی حوصلہ افزائی ہو گی۔
- بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ جوڑوں اور گروپس میں پڑھائی کریں۔ اس طرح باآوازِ بلند پڑھنے کی مشق ہو گی جبکہ سننے والے بھی پڑھی جانے والی کہانی کو دُہراتے ہوئے سیکھیں گے۔
- روز مرہ کام کے پروگرام میں جوڑے بنائیں۔ جب طلبہ کہانی نویسی یا دیگر سر گرمیوں پر اکٹھے کام کرتے ہیں تو ان کی کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اگر گروپ لچکدار ہوں تو بچے دوستوں کے ساتھ کام کرتے ہوئے زیادہ تعاون کریں گے۔

# ماڈیول
# 4

## ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے تعلیمی کیلنڈر



# تیسرا دن

## ماڈیول 4: ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے تعلیمی کیلنڈر

### مقاصد

شرکا اس قابل ہو جائیں گے کہ:

1. تعلیمی کیلنڈر کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔
2. ملٹی گریڈ ٹیچنگ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تعلیمی سال کے لیے ایک منظم ٹائم لائن کو ترتیب دے سکیں۔
3. تعلیمی کیلنڈر بنانے کے لیے اہم موضوعات، عنوانات، ذیلی عنوانات اور سرگرمیوں کا احاطہ کر سکیں۔
4. ریاضی، انگریزی اور اُردو مضامین کے نصاب کی تکمیل کے لیے ہر ماہ کی ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں مشترکہ SLOs کی نشاندہی کر سکیں۔
5. ملٹی گریڈ ٹیچنگ کو موثر طریقے سے انجام دینے کے لیے تعلیمی کیلنڈر کا استعمال کر سکیں۔

### تدریسی مواد

چارٹ پیپرز، مارکرز، ٹیپ، ملٹی میڈیا، سپیکرز۔ ہینڈ آوٹس۔ درسی کتب انگریزی، ریاضی اور اردو کچی تا جماعت پنجم KP بورڈ، اور ملٹی گریڈ پر مبنی تعلیمی کیلنڈر کے نمونے

### سرگرمی 1: | 09:00 – 09:30 | تلاوت اور گزشتہ دن کا اعادہ

**شرکا کے تاثرات**

1. تربیتی سیشن شروع ہونے سے پہلے، انڈیکس کارڈز یا کاغذ کے چھوٹے ٹکڑوں کا ایک سیٹ تیار کریں۔ ہر کارڈ پر پچھلے دن کے سیشن کے دوران زیر بحث ایک اہم تصّور، موضوع، یا سیکھنے کا نقطہ لکھیں۔ ایک ہی تصور کے ساتھ کارڈز کے جوڑے بنا دیں، یعنی ایک تصور کے دو کارڈز بنائیں۔ ایک ہی تصور کو مختلف انداز میں لکھا جا سکتا ہے۔
2. **تعارف:** شرکاء کو یہ بتاتے ہوئے سیشن کا آغاز کریں کہ آپ پچھلے دن کا اعادہ میموری گیم (Memory Game) کھیل کر کریں گے۔

**ہدایات:**

شرکاء کی تعداد کے لحاظ سے انہیں مناسب گروپوں یا جوڑوں میں تقسیم کریں۔ کھیل کے قواعد کی وضاحت کریں:

- تمام انڈیکس کارڈز یا کاغذ کے ٹکڑوں کو میز پر یا فرش پر اُلٹا پھیلا دیں۔
- گروپ سے پہلا شریک اپنے کارڈز پر لکھے تصّورات کو ظاہر کرنے کے لیے اپنی مرضی کے کوئی سے دو کارڈز کو پلٹیں۔
- ایک کارڈز پر لکھے ہوئے تصور کا دوسرا تصور والا کارڈ ساتھی شرکا کے کارڈز میں ڈھونڈیں۔
- اگر مماثل تصورات کے ساتھ ایک جوڑا مل جاتا ہے، تو وہ کارڈ اپنے پاس رکھ لیں۔
- اگر کارڈز مماثل نہیں ہیں، تو انہیں ان کو واپس پلٹنا ہوگا، اور اب اگلے شریک کی باری ہوگی۔
- شرکاء کو گیم کھیلنے کے لیے کچھ وقت دیں، انہیں ایک دوسرے کے ساتھ تصورات پر بات کرنے کی ترغیب دیں جب وہ مماثل جوڑے تلاش کرنے کی کوشش کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر اہم تصورات دہرائیں۔

## سرگرمی 2: | 09:30 – 10:00 | تعلیمی کیلنڈر کا تعارف اور اہمیت

شرکا کو مندرجہ ذیل ہدایات دیں:

1. تعلیمی کیلنڈر کی تعریف چارٹ پر تحریر کریں۔
2. تعلیمی کیلنڈر کس طرح تدریس میں معاون ہوتا ہے۔
3. شرکا سے اہم نکات تحریر کرنے کو کہیں اور چند شرکا کو رائے دینے کا موقع دیں۔
4. ہینڈآؤٹ 1 کی مدد سے تعلیمی کیلنڈر کے تعارف اور اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

## سرگرمی 3: | 10:30 – 10:45 | ملٹی گریڈ تدریس کے لیے تعلیمی کیلنڈر

1. شرکا سے درجہ ذیل سوالات پوچھیں:

   i. ملٹی گریڈ کو پڑھاتے ہوئے ہر گریڈ کے لیے تعلیمی کیلنڈر کو کیسے استعمال کریں گے؟

   ii. کیا آپ نے کبھی ملٹی گریڈ تدریس کے لیے اکیڈمک کیلنڈر تیار کیا ہے؟ اپنے

   iii. تعلیمی کیلنڈر قومی نصاب سے کس طرح مختلف ہے۔

   iv. کیا آپ ہر گریڈ کے لیے الگ الگ سبق کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں؟ یا ملٹی گریڈ کو موثر طریقے سے پڑھانے کے لیے کوئی دوسری حکمت عملی استعمال کر رہے ہیں؟

2. **ہینڈ آؤٹ 2** کو پڑھ کر باری باری گفتگو کریں اور یہ واضح کریں کہ تعلیمی کیلنڈر کا کردار اس وقت اور بھی اہم ہوتا ہے جب ملٹی گریڈ کے کلاس رومز کو پڑھایا جاتا ہے، جہاں مختلف عمروں اور صلاحیتوں کے طلباء کو ایک ساتھ اکٹھا پڑھایا جاتا ہے۔ یہ تعلیمی کیلنڈر ملٹی گریڈ کی سطحوں پر نصاب کی منصوبہ بندی اور نفاذ کے لیے ایک منظم فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ اساتذہ کیلنڈر کا استعمال ہر گریڈ لیول کے لیے تدریسی منصوبوں کو ترتیب دینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ وہ ملٹی گریڈ کلاس روم میں طلباء کی مختلف ضروریات، صلاحیتوں اور تیاری کی سطح کی بنیاد پر ہدایات میں فرق بھی کر سکتے ہیں۔

| چائے کا وقفہ | 10:45 – 11:00 |
|---|---|
| سرگرمی 4: | 11:00 – 12:00 |

## ملٹی گریڈز ٹیچنگ میں تعلیمی کیلنڈر تیار کرنے کے لیے بنیادی اُصول

1. شرکا کو واضح کیا جائے کہ اب ہم ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے تعلیمی کیلنڈر تیار کرنے کے مشق میں بقیہ دن گزاریں گے۔
2. ایسا کرنے کے لیے ہم درج ذیل ترتیب میں مختلف گریڈ کے نصاب کو یکجا کریں گے تاکہ ملٹی گریڈ کو پڑھانے میں اساتذہ کو ایک روڈمیپ یا رہنمائی مل سکے۔
   - ECCE اور گریڈ 1
   - گریڈ 2 اور گریڈ 3
   - گریڈ 4 اور گریڈ 5
3. شرکا ریاضی، سائنس، اردو، اور انگریزی کے نصاب سے SLOs کو ترتیب دینے کے لیے گروپس میں کام کریں گے۔
4. تعلیمی کیلنڈر کو ڈیزائن کرنے سے پہلے شرکاء کے پاس قومی نصاب، اساتذہ کی رہنمائی کے لیے بنائی گئی گائیڈز (اگر میسر ہوں) اور نصابی کُتب ہونی چاہیے تاکہ اہم معلومات جیسے SLO، تدریسی حکمت عملی، جائزہ صفحہ نمبر وغیرہ کو لکھا جا سکے؟
5. ملٹی گریڈز تعلیمی کیلنڈر تیار کرنے کے بنیادی اصولوں کے بارے میں تبادلہ خیال کرنے کے لیے **ہینڈ آؤٹ 3** کا استعمال کریں۔
6. ہینڈ آؤٹ کو انفرادی طور پر پڑھنے کے لیے 10 منٹ دیں۔
7. شرکا سے اہم نکات اخذ کروائیں۔
8. تعلیمی کیلنڈر نظر ثانی شدہ نصاب 2020 کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے۔
9. پرائمری سطح پر تعلیمی ادارے تعلیمی کیلنڈر کا استعمال طلباء کے سیکھنے کے نتائج میں بہتری کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
10. گروپ کی تشکیل کے لیے شرکاء سے کہیں کہ وہ اپنے آپ کو ریاضی، انگریزی اور اردو کے تین گروپس میں تقسیم کریں۔
11. **ہینڈ آؤٹ 4** کی مدد سے شرکا کو ریاضی، اردو اور انگریزی کے تعلیمی کیلنڈر کے فارمٹ سے متعارف کروائیں۔

## سرگرمی 4: (جاری) | 12:00 – 01:00 | ECCE اور گریڈ- 1 اکیڈمک کیلنڈر

1. شرکا کو ریاضی، انگریزی اور اردو کے تین گروپس کے مطابق ہی کام کرنے کی تلقین کریں۔
2. ECCE اور گریڈ- 1 تعلیمی کیلنڈر بنانے کے لیے شرکا کو مثال کے ذریعے رہنمائی کریں۔
3. مثال کے لیے **ہینڈ آؤٹ 5** تمام شرکا کو دکھائیں۔
4. متعلقہ نصابی کتب اور نظر ثانی شدہ نصاب 2020 ہر گروپ میں مضمون کے لحاظ سے تقسیم کریں۔
5. ہر گروپ کو کم سے کم دس SLOs کو دونوں گریڈ کے متعلقہ مہینے میں فارمیٹ کے مطابق ڈالنے کے لیے ۴۰ منٹ کا وقت دیں۔
6. شرکا کو مشترکہ SLOs اکھٹا کرنے کی ہدایت کریں۔
7. ہر گروپ کو اپنا کام پیش کرنے کے لیے مناسب وقت دیں۔
8. ہر پیشکش کے اختتام پر اہم نکات اخذ کروائیں۔

## نماز اور کھانے کا وقفہ | 01:00 – 02:00

## سرگرمی 4: (جاری) | 02:00 – 03:00 | گریڈ- 2 اور گریڈ- 3 تعلیمی کیلنڈر

1. شرکا کو ریاضی، انگریزی اور اردو کے انھی تین گروپس میں کام جاری رکھیں۔
2. گریڈ-2 اور گریڈ- 3 اکیڈمک کیلنڈر بنانے کے لیے شرکا کی مثال کے ذریعے رہنمائی کریں۔
3. مثال کے لیے ہینڈ آؤٹ 6 تمام شرکا کو دکھائیں۔
4. متعلقہ نصابی کتب اور نظر ثانی شدہ نصاب 2020 ہر گروپ میں مضمون کے لحاظ سے تقسیم کریں۔
5. ہر گروپ کو کم سے کم دس SLOs کو دونوں گریڈ کے متعلقہ مہینے میں فارمٹ کے مطابق بنانے کے لیے ۴۰ منٹ کا وقت دیں۔
6. شرکا کو مشترکہ SLOs اکھٹا کرنے کی ہدایت کریں۔
7. ہر گروپ کو اپنا کام پیش کرنے کے لیے مناسب وقت دیں۔
8. ہر پیشکش کے اختتام پر اہم نکات اخذ کروائیں۔

## سرگرمی 5: 03:00 – 04:00 گریڈ- 4 اور گریڈ- 5 اکیڈمک کیلنڈر

1. شرکا اب اس سرگرمی کے لیے ۴ گروپس میں کام کریں گے۔ گریڈ-4 اور گریڈ- 5 اکیڈمک کیلنڈر کے لیے سائنس، ریاضی، انگریزی اور اردو کے مضامین پر کام کریں گے۔
2. گریڈ-4 اور گریڈ- 5 اکیڈمک کیلنڈر بنانے کے لیے شرکا کی مثال کے ذریعے رہنمائی کریں (ہینڈ آؤٹ 7)۔
3. متعلقہ نصابی کتب اور نظرثانی شدہ نصاب 2020 ہر گروپ میں مضمون کے لحاظ سے تقسیم کریں۔
4. ہر گروپ کو کم سے کم دس SLOs کو دونوں گریڈ کے متعلقہ مہینے میں فارمٹ کے مطابق بنانے کے لیے ۴۰ منٹ کا وقت دیں۔
5. شرکا کو مشترکہ SLOs اکھٹا کرنے کی ہدایت کریں۔
6. ہر گروپ کو اپنا کام پیش کرنے کے لیے مناسب وقت دیں۔
7. مکمل تعلیمی کیلنڈر بنانے کے لیے شرکا سے تمام بنائے گئے نمونوں کو دیوار پر چسپاں کرنے کو کہیں۔
8. ہر پیشکش کے اختتام پر اہم نکات اخذ کروائیں۔

## سرگرمی 6: 04:00 – 04:45 گیلری واک

1. شرکا کو بتائیں کہ اب وہ ہر ماہ اور تعلیمی سرگرمیوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے پورے سال کا یا ایک ایک ماہ کا تعلیمی کیلنڈر بنانے کا کام سرانجام دیں۔
2. اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر تفویض کیے ہوئے کام کو دیوار پر آویزاں کریں۔
3. شرکا کو گیلری واک کی سرگرمی کے ذریعے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
4. اس دوران ہر گروپ کے تعلیمی کلینڈر کو مضمون کے مطابق اچھی طرح بحث میں لائیں۔ شرکا سے اپنی نوٹ بک میں اہم نکات نوٹ کرنے کے لیے بھی کہیں۔
5. آخر میں شرکا کو سالانہ تعلیمی کیلنڈر بنانے کا حدف اور وقت تفویض کریں۔

## سرگرمی 7: 04:45 – 05:00 اختتام اور اعادہ

دن کے اختتام پر تبادلہ خیال کیے گئے تمام موضوعات کو دہرائیں، شرکا کی شمولیت پر ان کا شکریہ ادا کریں۔

# ہینڈ آؤٹس

## ہینڈ آؤٹ نمبر 1: اکیڈیمک کیلنڈر کا تعارف اور اہمیت

جس طرح ایک ہی وقت میں مختلف جماعتوں کے طلبہ کو مختلف سر گرمیاں ایک ساتھ سہولت سے کروانے کے لیے کمرہ جماعت کی تنظیم سازی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ اسی طرح مختلف جماعتوں کے طلبہ کو مؤثر انداز میں نصاب مکمل کروانے کے لیے اس کی منصوبہ بندی بھی اہم ہے۔

اکیڈیمک کیلنڈر ایک منظم ٹائم ٹیبل ہے جو کسی تعلیمی ادارے، جیسے کہ اسکول کے اندر اہم تاریخوں اور تعلیمی سر گرمیوں کی تفصیل کے لیے ڈیزائن کیا جاتا ہے۔ یہ ایک جامع فریم ورک ہے جس میں عنوانات یا ذیلی عنوانات، متعلقہ سر گرمیاں، صفحہ نمبر کے ساتھ نصابی کتاب کے حوالہ جات، اور مخصوص درجات سے متعلقہ نصاب مکمل کرنے کے لیے تجویز کردہ وقت دیا جاتا ہے۔ تعطیلات، امتحانی ادوار، اور موسم گرما اور موسم سرما کی چھٹیوں جیسے اہم واقعات کو مد نظر رکھتے ہوئے ہر تعلیمی سال کا منصوبہ احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔

تعلیمی کیلنڈر تنظیمی امداد کے طور پر طلباء، اساتذہ اور عملے کو اپنے تعلیمی فرائض کو موثر طریقے سے نبھانے میں سہولت فراہم کرتا ہے اور سیکھنے کے عمل کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

تعلیمی کیلنڈر عام طور پر درج ذیل اجزاء کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بنایا جاتا ہیں:

- تعلیمی سال کی شروعات اور اختتامی تاریخیں۔
- متلقہ ماہ میں پڑھائے جانے والے SLOs کی معلومات اور پیریڈ نمبر
- وقفے اور تعطیلات کے ادوار کی معلومات۔
- امتحانی ادوار بشمول مڈ ٹرم اور فائنل امتحانات۔
- تدریسی سر گرمیوں یا پڑھانے کے طریقہ کار اور جائزے کی معلومات
- قومی نصاب یا ٹیکسٹ بُک کا حوالہ
- تعلیمی نظام الاوقات اور انتظامیہ سے متعلقہ پالیسیاں اور طریقہ کار۔
- تعلیمی سال سے متعلق کوئی دوسری متعلقہ معلومات یا اپ ڈیٹس۔

مجموعی طور پر، تعلیمی مقاصد کے لیے ایک تعلیمی کیلنڈر تعلیمی کمیونٹی کے اندر موثر منصوبہ بندی، مواصلات اور ہم آہنگی کو آسان بنانے کے لیے ایک منظم فریم ورک فراہم کرتا ہے۔

## اکیڈیمک کیلنڈر کی اہمیت:

تعلیمی کیلنڈر تعلیمی اداروں میں کئی اہم مقاصد کو پورا کرتا ہے:




## تنظیمی ڈھانچہ:

یہ تعلیمی سال کے لیے ایک منظم ٹائم لائن فراہم کرتا ہے، جس میں پیریڈز، وقفوں، امتحانات اور دیگر اہم واقعات کے لیے آغاز اور اختتامی تاریخیں لکھی ہوئی ہوتی ہیں۔ یہ کیلنڈر طلباء، فیکلٹی، اور عملے کو اپنے اوقات کار اور سرگرمیوں کی مؤثر طریقے سے پلان کرنے میں مدد کرتا ہے۔

## کوآرڈینیشن:

ایجوکیشن ادارے کے اندر مختلف شعبہ جات اور اسکولوں میں مختلف تعلیمی سرگرمیوں اور واقعات کی کوآرڈینیشن فراہم کرتا ہے۔ یہ ہم آہنگی اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ وسائل جیسے کہ کلاس رومز، فیکلٹی کی دستیابی، اور معاون خدمات کا موثر استعمال کیا جائے۔

## مواصلات:

تعلیمی کیلنڈر ایک مواصلاتی ٹول کے طور پر کام کرتا ہے، جو طلباء، فیکلٹی، عملہ، والدین، اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو اہم تاریخوں اور آخری تاریخوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس سے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ ایجوکیٹرز تعلیمی حاصلات کے سنگ میل (نتائج) سے باخبر اور آگاہ ہیں۔

## تعمیل:

اکیڈمک کیلنڈرز میں ہر ماہ میں مکمل کیے جانے والے نصاب کی معلومات شامل ہوتی ہیں۔اس معلومات کو درج ذیل عنوانات کے اندر تفصیل سے درج کیا جاتا ہے، جس سے اساتذہ کو لیسن پلاننگ میں مدد ملتی ہے۔

I. گریڈ کا نام (ملٹی گریڈ کی صورت میں یکجا کیے گئے گریڈز کے نام)

II. متعلقہ ماہ، سال اور پیریڈز کا اندراج

III. سبق کا نام اور پڑھائے جانے والے عنوانات کی تفصیلات

IV. متعلقہ ماہ میں پڑھائے جانے والے حاصلاتِ تعلم کی پیریڈ کے لحاظ سے انٹری

V. سبق پڑھانے کے لیے سرگرمیوں یا حکمتِ عملیوں کی فہرست

VI. جائزہ لینے کی حکمت عملیوں کا نام

VII. قومی نصاب یا ٹیکسٹ بک کا حوالہ

ان لائنز پر عمل کرنا اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ڈیپارٹمنٹ، اسکول اور استاد معیارات کی تعمیل میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔

## منصوبہ بندی اور فیصلہ سازی:

تعلیمی کیلنڈر طلباء اور اداروں دونوں کے لیے طویل مدتی منصوبہ بندی اور فیصلہ سازی میں مدد کرتے ہیں۔ طلباء اپنی تعلیمی سرگرمیوں اور نصاب کی تیاری کے لیے اپنے ٹائم ٹیبل بنا سکتے ہیں۔ ادارے آئندہ سالوں میں اس کا استعمال کورس کی تربیت کی منصوبہ بندی کرنے، وسائل مختص کرنے اور اسٹریٹیجک اقدامات تیار کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔

## تسلسل اور استحکام:

تعلیمی سال کے لیے ایک مستقل فریم ورک فراہم کر کے، کیلنڈر ادارے کے اندر تسلسل اور استحکام کو فروغ دیتا ہے۔ اس سے طلباء، فیکلٹی، اور عملے کو اپنے تعلیمی اور ذاتی مہارتوں کو زیادہ مؤثر طریقے سے منظم کرنے میں مدد بھی ملتی ہے۔

مجموعی طور پر، تعلیمی کیلنڈر کا استعمال تعلیمی اداروں کے ہموار آپریشن کو برقرار رکھنے، مؤثر مواصلات اور منصوبہ بندی کی سہولت فراہم کرنے اور ریگولیٹری تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے۔

# ہینڈآؤٹ نمبر 2: ملٹی گریڈ ٹیچنگ، میں تعلیمی کیلنڈر کی ضرورت

ایک تعلیمی کیلنڈر کا کردار اس وقت اور بھی اہم ہوتا ہے جب ملٹی گریڈز کو ایک ساتھ پڑھایا جاتا ہے، جہاں مختلف عمروں اور صلاحیتوں کے طلباء کو ایک ساتھ گروپ کیا جاتا ہے۔ یہاں یہ جاننا ضروری ہے کہ تعلیمی کیلنڈر اس تناظر میں کیسے کام کرتا ہے۔

## نصاب کی منصوبہ بندی:

ایک تعلیمی کیلنڈر متعدد درجات کی سطحوں پر نصاب کی منصوبہ بندی اور نفاذ کے لیے ایک منظم فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ اساتذہ اپنے تدریسی منصوبوں کو ترتیب دینے کے لیے تعلیمی کیلنڈر کا استعمال کرتے ہیں، جو انہیں ہر گریڈ لیول کے لیے SLOs کے تعین اور پڑھانے کے طریقہ میں مدد فراہم کرتا ہے۔ اساتذہ ملٹی گریڈ کلاس روم میں طلباء کی مختلف ضروریات اور صلاحیتوں کی بنیاد پر ہدایات میں فرق بھی کر سکتے ہیں۔

## وسائل کی تقسیم:

مختلف گریڈ کی سطحوں پر طلباء کی متنوع ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تعلیمی کیلنڈر اساتذہ کو مؤثر طریقے سے وسائل مختص کرنے جیسا کہ تدریسی ہدایات کے لیے طریقہ کار، کلاس روم کی جگہ، اور تدریسی معاونات میں مدد کرتا ہے۔ تعلیمی سال کا نقشہ پہلے سے بنا کر، اساتذہ وسائل کو اس طرح سے ترتیب دے سکتے ہیں، جس سے ان کی افادیت زیادہ سے زیادہ ہو اور ہر گریڈ کی سطح پر طلباء کو سیکھنے کے مقاصد میں مدد ملے۔

## لائحہ عمل میں لچک:

ملٹی گریڈ ٹیچنگ میں اکثر مختلف گریڈ کی سطحوں پر طلباء کے سیکھنے کے انداز اور رفتار کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے لچکدار شیڈولنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ تعلیمی کیلنڈر تدریسی ہدایات، جائزے، اور سرگرمیوں کو اس طرح سے شیڈول کرنے کا فریم ورک فراہم کرتا ہے جو ملٹی گریڈ کے تمام طلبہ کے لیے یکساں سیکھنے کے مواقع فراہم کرتا ہے، اور یہ ایک ہی وقت میں طلباء کے سیکھنے کے عمل میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ اساتذہ اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ نصاب کے اہداف پورے ہوں، انفرادی اور گروہی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ضرورت کے مطابق شیڈول کو ایڈجسٹ کر سکتے ہیں۔

## تعاون اور مواصلات:

تعلیمی کیلنڈر اساتذہ، منتظمین، اور کثیر درجے کی تعلیم میں شامل دیگر اسٹیک ہولڈرز کے درمیان تعاون اور رابطے کے لیے ایک اہم ٹول کے طور پر کام کرتا ہے۔ ایک مشترکہ کیلنڈر کا اشتراک کر کے، اساتذہ اپنی کوششوں کو مربوط کر سکتے ہیں، وسائل کا اشتراک کر سکتے ہیں، اور گریڈ کی سطحوں پر تدریس کے لیے

بہترین طریقوں کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔ یہ تعاون نصاب کو موثر انداز میں پڑھانے کے لیے ایک اہم نقطہ نظر کو فروغ دیتا ہے اور طلباء کے لیے مجموعی طور پر سیکھنے کے تجربے کو بھی بڑھاتا ہے۔

## جائزہ اور نگرانی:

تعلیمی کیلنڈر میں جائزے، بینچ مارکس، اور پیشرفت کی نگرانی کی سرگرمیوں کی اہم تاریخیں شامل کی جاتی ہیں جو اساتذہ کو وقت کے ساتھ ساتھ طالب علم کی ترقی اور کامیابیوں کو ٹریک کرنے کے لیے الرٹ رکھتی ہیں۔ کیلنڈر میں نصاب کے ساتھ جائزہ لینے کا شیڈول شامل کر کے، اساتذہ طلباء کی کارکردگی پر ڈیٹا اکٹھا کر سکتے ہیں، جس سے سیکھے گئے اور مزید بہتری والے (کمزور) تصورات کی نشاندہی بآسانی ہو جاتی ہے۔ اس ڈیٹا کی مدد سے اساتذہ م اپنی تدریسی ہدایات کو ایڈجسٹ کر سکتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ تمام طلباء گریڈ لیول کے معیارات میں مہارت حاصل کرنے کی طرف پیش رفت کر رہے ہیں۔

# ہینڈ آؤٹ نمبر 3: ملٹی گریڈز ٹیچنگ کے لیے اکیڈیمک کیلنڈر بنانا

ایسی صورتحال جہاں ایک ہی استاد کو ایک وقت میں دو یا تین یا پانچ کلاسوں کو سنبھالنے کی صورت حال کا سامنا کرنا پڑے وہاں سبق کی منصوبہ بندی کے لیے کوئی روڈ میپ / لائحہ عمل ہونا چاہیے، تعلیمی سال کے آغاز سے پہلے ملٹی گریڈ تعلیمی کیلنڈر کی تیاری ایک روڈ میپ کا کام دیتا ہے۔ جس سے اساتذہ ملٹی گریڈ تدریس میں مختلف طریقوں پر عمل کر کے جیسے براہ راست مشاہدہ، ہم مرتبہ گروپ کے طلباء کی رہنمائی، سبق پر مبنی تدریس، گروپ لرننگ اور نگرانی کا طریقہ اپنا کر تدریسی عمل کو آسان بنا سکتے ہیں۔

ملٹی گریڈ تعلیمی کیلنڈر کی تیاری کے لیے درج ذیل اصولوں سے مدد لیں۔

1. سب سے پہلے تعلیمی سال کے وقت کا حساب لگائیں۔ ہر مضمون کے لیے وقت کا حساب اسکول کے باقاعدہ اوقات اور منظور شدہ اسکیم آف اسٹڈیز کے مطابق مختص کردہ ادوار کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ دی گئی مثال تعلیمی سال 22-2021 کے دنوں کے حساب سے ہے۔

**مثال تعلیمی سال 22-2021**

| | |
|---|---|
| Days in a Calendar year | 365 |
| Winter/Summer/ Spring vacations | 106 |
| Gazetted Holidays and Sundays | 49 |
| Days in an academic session | 210 |

مندرجہ بالا جدول کو مدنظر رکھتے ہوئے، تعلیمی سیشن کے لیے آٹھ ماہ ہیں، اس لیے تعلیمی کیلنڈر کو اسی کے مطابق ڈیزائن کیا جائے گا۔

نوٹ: شرکا متعلقہ تعلیمی سال کے مطابق دنوں کا حساب لگائیں۔

2. تعلیمی کیلنڈر بنانے کے لیے اگلا مرحلہ گریڈز کو اکٹھا کرنے کا ہے۔ ہم درج ذیل ترتیب میں مختلف گریڈ کے نصاب کو یکجا کریں گے تاکہ ملٹی گریڈ کو پڑھانے میں اساتذہ کو ایک روڈ میپ یا رہنمائی مل سکے۔

- ECCE اور گریڈ 1
- گریڈ 2 اور گریڈ 3
- گریڈ 4 اور گریڈ 5

3. تعلیمی کیلنڈر کو ڈیزائن کرنے سے پہلے شرکاء کے پاس قومی نصاب ۲۰۲۰، اساتذہ کی رہنمائی کے لیے بنائی گئی گائیڈز (اگر میسر ہوں) اور نصابی کتاب ہونی چاہیے تا کہ اہم معلومات جیسے SLOs، تدریسی حکمت عملی، تشخیص، صفحہ نمبر وغیرہ کو لکھا جا سکے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تعلیمی کیلنڈر ہر گریڈ کی سطح کے لیے نصاب کے معیارات اور سیکھنے کے مقاصد کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔ ان کلیدی تصورات، مہارتوں اور علمی تصوارت کی نشاندہی کریں جن میں طلباء نے اس سال میں عبور حاصل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

4. تعلیمی کیلنڈر کے لیے جدول کا استعمال کیا جاتا ہے، جس کو ہر ماہ کے مطابق ایسے ترتیب دیتے ہیں کہ، مہینہ کا نام، ٹوٹل پڑھائے جانے والی کلاسوں کی تعداد، دونوں گریڈز کے نام، اور پھر سبق، عنوان اور ذیلی عنوان، حاصلاتِ تعلم، جائزے کا طریقہ، اور ٹیکسٹ بک کا صفحہ نمبر لکھا جاتا ہے۔

**Academic Calendar** — **Multigrade**

| Month: 1 (December – 2021) | | Number of Periods: | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| Grade | Chapter/Unit Name | Topic/Sub-topic | SLOs | Proposed Formative Assessment Strategies | Curriculum/ Textbook Page # |

| | | | • اپنے خیالات، جذبات اور احساسات کا خط کی صورت میں تحریری اظہار کر سکیں۔<br>○ دوستوں کو خط ، دعوت نامے اور کارڈ تحریر کر سکیں۔ | لکھنا، پڑھنا | اشاروں کی مدد سے خط لکھنا | صفحہ نمبر ۹۴ |
| | | | • متن(نظم)پڑھ کر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں ۔<br>○ نظم و نثر کو فہم کے ساتھ بلند خوانی/ خاموش مطالعہ پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جوابات دے سکیں ۔<br>○ عبارت کے خاص خاص نکات تحریر کر سکیں۔ | سُننا، بولنا اور پڑھنا | تحریری سوال وجواب | صفحہ نمبر ۹۴ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | • مرکب جملے بنا سکیں۔<br>○ کسی بھی عنوان پر مختصر مضمون ربط اور تسلسل کے ساتھ لکھ سکیں۔Repeated | | تحریری سوال وجواب | صفحہ نمبر ۹۶<br>صفحہ نمبر ۹۱-۱۰۲ |
| گریڈ پنجم | سبق نمبر ۱۵ | آئیں! مدد کریں | • حروف ندا، استعجاب اور افسوس کا استعمال کر سکیں ۔ | پڑھنا | قواعد پر مبنی سوالات | صفحہ نمبر ۱۰۷ |
| | | | • قدرتی آفات اور ہنگامی صورت حال میں اپنے اور دوسروں کے بچاؤ کی تدابیر کر سکیں۔ | بولنا، پڑھنا، روزمرّہ زندگی کی مہارتیں | زبانی وتحریری سوال و جواب | صفحہ نمبر ۱۰۵-۱۰۸ |
| گریڈ چہارم | سبق نمبر ۱۵ | صبح کی آمد (نظم) | • سُن کر غلط اور صحیح تلفظ میں فرق کر سکیں۔ | سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا اور زبان شناسی | زبانی سوال وجواب | |
| | | | • نظم کو سُن کر خاص خاص نکات بیان کر سکیں۔ | | زبانی سوال وجواب | |
| | | | • اپنے اِرد گرد کے ماحول سے متعلق (اہم عمارات ، قدرتی مناظر ، تفریحی مقامات ) وغیرہ پر بات کر سکیں۔ | | زبانی سوال وجواب | |
| | | | • نظم کا مفہوم سمجھتے ہوئے لے اور آہنگ کے ساتھ پڑھ سکیں۔ | | نظم کو ترنم کے ساتھ پڑھنا | صفحہ نمبر ۱۰۲ |
| | | | • اِکہتّر (۷۱) تا اَسّی (۸۰) گنتی کو اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔<br>○ ایک سے سو تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں ۔ | | خالی جگہیں پُر کرنا، املا | صفحہ نمبر ۱۰۰ |
| | | | • لغت میں الف بائی ترتیب سے الفاظ کے معنی تلاش کر سکیں۔<br>○ لغت میں الف بائی ترتیب سے الفاظ تلاش کر سکیں | | جوڑوں میں جائزہ peer assessment) | صفحہ نمبر ۱۰۱ |
| | | | ○ لغت کی مدد سے الفاظ کے معنی تلاش کر سکیں۔<br>• متن کی تفہیم کے لیے اسے درست تلفظ اور ادائی سے پڑھ سکیں ۔ Repeated<br>○ اشعار کو نثر میں تبدیل کر کے لکھ سکیں ۔Repeated | | | |
| گریڈ پنجم | سبق نمبر ۱۶ | رکھیں میرا خیال | • اپنی تقریر کو اشعار کے استعمال سے مؤثر بنا سکیں ۔<br>○ تقریر کے مراحل (آغاز ،عروج ، اختتام ) کا خیال رکھ سکیں۔<br>○ پہلے سے دیے گئے موضوع پر کم از کم دومنٹ تک اظہار خیال /تقریر کر سکیں ۔ | سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا، زبان شناسی ،روزمرّہ زندگی کی مہارتیں، تقریر، امتحان اور تنقیدی اور تخلیقی لکھائی۔ | تقریری مقابلہ | صفحہ نمبر ۱۱۰-۱۱۵ |
| | | | • اشارات اور تصاویر کی مدد سے کہانی لکھ سکیں ۔<br>○ عبارت پڑھ کر اس کے خاص خاص نکات تحریر کر سکیں | | جوڑوں میں جائزہ peer assessment)<br>خلاصہ نویسی | صفحہ نمبر ۱۱۵ |
| | | | • اسکول کی تقریبات میں میزبانی کے فرائض انجام دے سکیں ۔<br>○ بچوں کی تقریبات میں میزبان/ کمپیئر کے فرائض انجام دے سکیں۔ | | رول پلے | صفحہ نمبر ۱۱۰-۱۱۵ |
| | | | • تصاویر دیکھ کر کسی بھی منظر کے بارے میں اپنے خیالات کا درست اظہار کر سکیں ۔<br>○ خطبہ ، تقریر ،ہدایات وغیرہ پڑھ کر سمجھ سکیں اور پیغام دوسروں تک پہنچا سکیں۔ | | زبانی سوال وجواب | صفحہ نمبر ۱۱۵ |
| گریڈ چہارم | سبق نمبر ۱۶ | حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا | • اُردو میں سُنی گئی گفت گو کا مفہوم سمجھ کر یاد رکھ سکیں اور بیان کر سکیں۔<br>○ سنی ہوئی چیزوں کی تفہیم کر کے بتا سکیں۔<br>○ عبارت (نظم)پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصوّرات کو اخذ کر سکیں ۔ | سُننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا، روزمرہ زندگی کی مہارتیں، زبان شناسی اور تقریر | زبانی سوال وجواب | صفحہ نمبر ۱۰۴-۱۰۹ |
| | | | • ایک منٹ میں کم از کم اَسّی (۸۰) الفاظ درست پڑھ سکیں۔ | | ایک منٹ میں الفاظ پڑھنا | صفحہ نمبر ۱۰۴-۱۰۹ |
| | | | • محاوروں کو جُملوں میں استعمال کر سکیں۔<br>○ موقع محل کے مطابق محاورات کو اپنی تحریر میں شامل کر سکیں ۔ | | خالی جگہیں پُر کرنا | صفحہ نمبر ۱۰۸ |

Academic Calendar

Multigrade

# GRADE 4 AND GRADE 5

# ENGLISH

Month: 1 (December – 2021) Number of Periods:

| Grade | Chapter/Unit Name | Topic/Sub-topic | SLOs | Proposed Formative Assessment Strategies | Curriculum/ Textbook Page # |
|---|---|---|---|---|---|
| Grade 4 | Chapter 7<br>Colours of Pakistan | Reading and Critical Thinking Skills (Pre-reading) | • Use pre-reading strategies to:<br>○ Predict the content/ vocabulary of a text from pictures and title etc., by using prior knowledge. | Questioning | SNC page # 32<br>Textbook page # 2 |
| Grade 5 | Unit 5:<br>Amazing Planet | Reading & Critical Thinking (Pre-reading) | • Use pre-reading strategies to:<br>○ **predict the content of a text from topic / picture, title / headings etc. by using prior knowledge.**<br>○ **guess the meaning of difficult words through context.**<br>○ **Scan a simple text for specific information.** | Think Pair Share/ KWL Chart/Discussion | SNC page # 32<br>Textbook page # 46-47 |
| Grade 4 | Unit 8:<br>Good Study Habits | Reading and Critical Thinking Skills (While-reading) | • Apply while reading strategies to interact with text to:<br>○ locate/ scan specific information to answer short questions<br>○ follow instructions in maps, short public notices and signs | Questioning/ Think-Pair-Share/ Discussions | SNC page # 34, 35<br>Textbook page # 79, 80, 81 |
| Grade 5 | Unit 5:<br>Amazing Planet | Reading & Critical Thinking (While-reading) | • Apply while reading strategies to interact with text to:<br>○ skim common graphical features such as pictures, tables, illustrations, maps and graphs etc. in texts to increase understanding<br>○ locate/ scan specific information **to answer short questions**<br>○ **make simple inferences using context of the text and prior knowledge**<br>○ **guess meaning of difficult words from context**<br>○ **use context to infer missing words**<br>○ identify facts in the text (as indicated through these words; day, date, place, etc.)<br>○ identify an opinion in the text (as indicated through these words; think, feel, believe, etc.) | Questioning | SNC page # 34<br>Textbook page # 46-47 |
| Grade 4 | Unit 7:<br>Colours of Pakistan | Reading and Critical Thinking Skills (Post-reading) | • Read simple keys/legends on maps, | Discussions | SNC page # 37<br>Textbook page # 73 |
| | Unit 8:<br>Good Study Habits | | • Use post reading strategies to respond to the text by:<br>○ relating what is read to their own feelings and experiences | Observations | SNC page # 36<br>Textbook page # 82 |
| Grade 5 | Unit 5:<br>Amazing Planet | Reading & Critical Thinking (Post-reading) | • Use post reading strategies to respond to the text by:<br>○ Applying world knowledge and own opinion to the text read<br>○ Relate their feelings and experiences to what is read. | Questioning | SNC page # 34<br>Textbook page # 46-47 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **Grade 4** | **Unit 8:** **Good Study Habits** | Oral Communication Skills | • Use appropriate expressions in conversation to express regret | Role Play | SNC page # 27 Textbook page # 82 |
| **Grade 5** | **Unit 5:** **Amazing Planet** | Oral Communication | • Use appropriate expressions in conversation to:<br>o express and respond to opinion<br>o offer and accept apology<br>o request and respond to requests<br>o give and respond to simple instructions and directions. | Role Play/ One Minute Fluency | SNC page # 27 Textbook page #48 |
| **Grade 4** | **Unit 7:** **Colours of Pakistan** | Oral Communication Skills | • Use appropriate expressions in conversation to respond to instructions and directions. | Role Play | SNC page # 27 Textbook page # 72 |
| | | | • Demonstrate conventions and dynamics of oral interactions in group to describe local events. | Discussions | SNC page # 28 Textbook page # 72 |
| **Grade 5** | **Unit 6** **A fit & Healthy Life** | Oral Communication | • Demonstrate conventions and dynamics of oral interactions in group to:<br>o introduce self and others<br>o **engage in conversation**<br>o take turns<br>o **use polite expressions to seek attention**<br>o agree/ disagree politely<br>o **lead and follow**<br>o express needs, feelings, and ideas<br>o express joy, sadness and anger<br>o make polite requests for personal reasons | Role Play | SNC page # 28 Textbook page # 57 |
| **Grade 4** | **Unit 7:** **Colours of Pakistan** | Oral Communication | • Pronounce long vowel sounds, /i/ as in 'kite', /o/ as in 'boat', /u/ as in cute. | One minute fluency | SNC page # 25 Textbook page # 72 |
| **Grade 5** | **Unit 5:** **Amazing Planet** | Oral Communication | • Pronounce and practice with reasonable accuracy, common three-consonant clusters in initial and final positions. | One Minute Fluency /Questioning | SNC page # 24 Textbook page #48 |
| **Grade 4** | **Unit 7:** **Colours of Pakistan** | Formal and Lexical Aspects of Language | Pronouns<br>• Illustrate use of pronouns learnt earlier. | I can, I cannot/ Think-Pair-Share | SNC page # 42 Textbook page # 75 |
| **Grade 5** | **Unit 7** **What Goes Around Comes Around** | Formal & Lexical Aspects of Language | • Use the pronouns as subject, object and for possession | Cloze Procedure/ Exit cards | SNC page # 43 Textbook page # 72 |
| **Grade 4** | **Unit 7:** **Colours of Pakistan** | Formal and Lexical Aspects of Language | • Illustrate the use of different positive and negative forms of the be, do and have with their corresponding pronouns (I, we, you, he, she, it, they | Discussions/ Think-Pair-Share | SNC page # 45 Textbook page # 75, 76 |
| **Grade 5** | **Unit 5:** **Amazing Planet** | Formal and Lexical Aspects of Language | • Recognize and identify common gender used for both males and females. | Discussions/ Think-Pair-Share | SNC page # 45 Textbook page # 52 |
| **Grade 4** | **Unit 7:** **Colours of Pakistan** | Formal and Lexical Aspects of Language | • Recognize and locate some compound words from various text sources e.g. butterfly, football, bus stop, homework, classroom and white board. | Peer-Assessments/ Matching Activities | SNC page # 40 Textbook page # 74, 75 |
| **Grade 5** | **Unit 5:** | Formal and Lexical | • Locate, provide, connect and use words | Observations | SNC page # 39 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | **Amazing Planet** | Aspects of Language | similar and opposite in meanings. | | Textbook page # 51 |
| **Grade 4** | **Unit 7:** **Colours of Pakistan** | Formal and Lexical Aspects of Language | • Classify items (e.g. vocabulary) required for a given task/topic. | Observations | SNC page # 52<br>Textbook page 76 |
| **Grade 5** | **Unit 5:** **Amazing Planet** | Formal and Lexical Aspects of Language | Classify more nouns as common and proper nouns (names of people, pets, places, mountains, lakes, rivers, etc.) , countable /uncountable nouns. | Questioning<br>Peer Assessment | SNC page # 42<br>Textbook page # 52 |
| **Grade 4** | **Unit 8:** **Good Study Habits** | Formal and Lexical Aspects of Language | • Recognise and use:<br>○ I, we, you, they, it, etc. as subjective case<br>○ Me, us, you, them, it, etc. as objective case, and<br>○ Mine, ours, yours, them, etc. as possessive case of personal pronouns. | Cloze Procedures/<br>Think-Pair-share | SNC page # 42, 43<br>Textbook page # 84, 85 |
| **Grade 5** | **Unit 6** **A fit & Healthy Life** | Formal & Lexical Aspects of Language | • Recognize that pronouns agree with their nouns in gender and number. | Cloze Procedure/ One Sentence summaries | SNC page # 43<br>Textbook page # 61-62 |
| **Grade 4** | **Unit 8:** **Good Study Habits** | Formal and Lexical Aspects of Language | • Distinguish between and use the pronouns as subject, object and for possession. | Choral Response | SNC page # 43<br>Textbook page # 84, 85 |
| | | | • Practice use of words my, our, your, his, her, etc. to show possession. | Peer-Assessments /<br>Show of hands | SNC page # 43<br>Textbook page # 84, 85 |
| | | | • Use punctuation according to the rules learnt earlier | Peer-Assessments | SNC page # 48<br>Textbook page # 86 |
| **Grade 5** | **Unit 5:** **Amazing Planet** | Formal &Lexical Aspects of Language | • Recall the rules of punctuation learnt earlier. | Cloze Procedure/ One Sentence summaries | SNC page # 48<br>Textbook page # 53 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **Grade 4** | **Unit 9:** **Manners** | Writing Skills | • Use some strategies to gather ideas for writing, such as brainstorming, mind mapping, etc. | PMI | SNC page # 51<br>Textbook page # 95 |
| **Grade 5** | **Unit 5:** **Amazing Planet** | Writing Skills | • Select and use some strategies, e.g. brainstorming, mind mapping, or making outlines, etc. to gather and organize ideas for their own writing | Concept Maps/ Placement mats | SNC page # 51<br>Textbook page # 53 |
| **Grade 4** | **Unit 7:** **Colours of Pakistan** | Writing Skills | • Use appropriate vocabulary and tense to write a simple paragraph by:<br>• narrating an activity from immediate surroundings | Concept Maps | SNC page # 53<br>Textbook page # 77 |
| **Grade 5** | **Unit 5:** **Amazing Planet** | Writing Skills | • Complete a simple paragraph using the given words, phrases and sentences | Peer Assessment | SNC page # 53<br>Textbook page # 53 |
| **Grade 4** | **Chapter 8** **Good Study Habits** | Reading and Critical Thinking Skills (While-reading) | • Apply while reading strategies to interact with text to:<br>• locate/ scan specific information to answer short questions<br>• identify facts in the text( as indicated through these words: day, date, place, etc.) (book) | Questioning/<br>Think-Pair-Share/<br>Discussions | SNC page # 34, 35<br>Textbook page # 79, 80, 81 |
| **Grade 5** | **Chapter 8** **Do What's Right** | | • Apply while reading strategies to interact with text to:<br>○ **skim common graphical features such as pictures, tables, illustrations, maps and graphs etc. in texts to increase understanding** | Questioning<br><br>Discussions | SNC page # 34<br>Textbook page # 76, 77, 78 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | ○ **locate/ scan specific information to answer short questions**<br>○ make simple inferences using context of the text and prior knowledge<br>○ guess meaning of difficult words from context<br>○ use context to infer missing **words**<br>○ identify facts in the text (as indicated through these words; day, date, place, etc.)<br>○ identify an opinion in the text (as indicated through these words; think, feel, believe, etc.) | | |
| **Grade 4** | **Chapter 8**<br>**Good Study Habits** | Reading and Critical Thinking Skills (Post-reading) | • Use post reading strategies to respond to the text by:<br>○ relating what is read to their own feelings and experiences | Questioning | SNC page # 35<br>Textbook page # 81 |
| **Grade 5** | **Chapter 8**<br>**Do What's Right** | Reading & Critical Thinking (while-reading) | • Use post reading strategies to respond to the text by:<br>○ Applying world knowledge and own opinion to the text read<br>○ Relate their feelings and experiences to what is read. | Discussions/ Hotseat/ Open Ended Questioning | SNC page # 35<br>Textbook page # 78 & 79 |
| | | | • Pronounce and practise long and short vowels and diphthongs as they occur as practice items and sentences in reading lessons and in speech. | Individual Whiteboards/ Show of Hands | SNC page # 22<br>Textbook page # 78 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **Grade 4** | **Chapter 8**<br>**Good Study Habits** | Oral Communication Skills | • Pronounce short vowel sounds /i/as in bit, /o/ as in cot, /u/ as in sun. | Choral Response / Teach a friend | SNC page # 25<br>Textbook page # 81 |
| **Grade 5** | **Chapter 8**<br>**Do What's Right** | Oral Communication | • Identify and practice pronouncing long and short vowel sounds in different words (a, e, i, o, u). | Peer Assessment/ Show of Hands | SNC page # 25<br>Textbook page # 78 |

Academic Calendar

Multigrade

# GRADE 4 AND GRADE 5

# MATHEMATICS

| Month: 1 (December – 2021) | | | Number of Periods: 19 | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **Grade** | **Chapter/Unit Name** | **Topic/Sub-topic** | **SLOs** | **Proposed Formative Assessment Strategies** | **Curriculum/ Textbook Page #** |
| Grade 4 | Unit 5: Measurement | Length | • Use standard metric units to measure the length of different objects. | Fist to Five | SNC page # 57<br>Textbook page# 95 |
| Grade 5 | Unit 5: Distance & Time | Distance | • Convert measures given in:<br>○ kilometers to meters and vice versa.<br>○ meters to centimeters and vice versa.<br>○ Centimeters to millimeters and vice versa. | Hand it in pass it on/Think-Pair-Share/ Fist to five | SNC page # 64<br>Textbook page #87-92, 94 |
| Grade 4 | Unit 5: Measurement | Length | • Convert larger to smaller metric units (2 - digit numbers with one decimal place)<br>○ kilometers into meters.<br>○ meters into centimeters.<br>○ centimeters into millimeters. | Role play | SNC page # 57<br>Textbook page #95-98 |
| Grade 5 | Unit 5: Distance & Time | Distance | • Solve real life situations involving conversion, addition and subtraction of measures of distance. | Which Mathematician is right?/Thumbs up thumbs down | SNC page # 64<br>Textbook page #93-95 |
| Grade 4 | Unit 5: Measurement | Length | • Add and subtract measures of length in same units. | Math Maze | SNC page # 57<br>Textbook page #98-100 |
| Grade 5 | Unit 5: Distance & Time | Time | • Convert<br>○ hours to minutes and vice versa<br>○ minutes to seconds and vice versa. | Hand it in pass it on/Think-Pair-Share/ Fist to five | SNC page # 64<br>Textbook page #95-98, 104 |
| Grade 4 | Unit 5: Measurement | Mass | • Use standard metric units to measure the mass of different objects. | Fist to Five | SNC page # 57<br>Textbook page # 101 |
| | | Mass | • Convert larger to smaller metric units (2 - digit numbers with one decimal place)<br>○ kilograms into grams.<br>○ grams into milligrams. | Role play | SNC page # 57<br>Textbook page #102-103, 105 |
| Grade 5 | Unit 5: Distance & Time | Time | • Convert:<br>○ years to months and vice versa.<br>○ months to days and vice versa.<br>○ weeks to days and vice versa. | Hand it in pass it on/Think-Pair-Share/ Fist to five | SNC page # 64<br>Textbook page #99-104 |
| Grade 4 | Unit 5: Measurement | Mass | • Add and subtract measures of mass in same units. | Math Maze | SNC page # 57<br>Textbook page #104-106 |
| Grade 5 | Unit 5: Distance & Time | Time | • Add and subtract intervals of time in hours and minutes with carrying and borrowing. | Math Maze | SNC page # 64<br>Textbook page #105-106 |
| Grade 4 | Unit 5: Measurement | Capacity | • Use standard metric units to measure the capacity of different containers. | Thumbs up thumbs down | SNC page # 57<br>Textbook page #106-107 |
| Grade 5 | Unit 5: Distance & Time | Time | • Solve real life situations involving conversion, addition and subtraction of intervals of time. | Which Mathematician is right?/Thumbs up thumbs down | SNC page # 64<br>Textbook page #106-107 |
| Grade 4 | Unit 5: Measurement | Capacity | • Convert larger to smaller metric units (2 - digit numbers with one decimal place) liters into milliliters. | Role play | SNC page # 57<br>Textbook page #107-108 |
| | | | • Add and subtract measure of capacity in same units | Math Maze | SNC page # 57<br>Textbook page #109-110 |
| | Unit 5: | Capacity | • Solve real life situations involving conversion, addition | Which mathematician | SNC page # 57 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | **Measurement** | | and subtraction of measures of length, mass and capacity. | is right? | Textbook page #100, 106, 108, 110 |
| | | Time | • Read and write the time using digital and analogue clocks on 12-hour and 24- hour format. | Self-evaluation | SNC page # 58<br>Textbook page #114-119 |
| | | | • Convert hours to minutes and minutes to seconds. | Jigsaw | SNC page # 58<br>Textbook page #119-121 |
| | | | • Convert years to months, months to days, and weeks to days. | Partner quiz | SNC page # 58<br>Textbook page #121-124 |
| | | | • Add and subtract measures of time without carrying and borrowing. | Hand it in, pass it out | SNC page # 58<br>Textbook page #124-126 |
| | | | • Solve simple real-life situations involving conversion, addition and subtraction of measures of time. | Which mathematician is right?/Countdown | SNC page # 58<br>Textbook page #125-126 |

Academic Calendar

Multigrade

# GRADE 4 AND GRADE 5

# SCIENCE

| Month: 1 (December – 2021) | | Number of Periods: | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **Grade** | **Chapter/Unit Name** | **Topic/Sub-topic** | **SLOs** | **Proposed Formative Assessment Strategies** | **Curriculum/ Textbook Page #** |
| Grade 4 | **Chapter 5**<br>**Forms of energy and energy transfer** | Common sources and uses of energy | • Identify sources of energy (e.g., the Sun, flowing water, wind, coal, oil, gas). | Questionnaire/choral response. | SNC page # 31<br>Textbook page # 59 |
| | | | • Recognize that energy is needed to do work (e.g., for moving objects), heating and lighting. | Exit cards/ fist of five. | SNC page # 31<br>Textbook page # 60 |
| Grade 5 | **Chapter 6**<br>**Light and sound** | Sources of light | • Identify natural and artificial sources of light. | Questionnaire | SNC page #40<br>Textbook # 73 |
| | | | • Justify that light emerges from a source and travels in a straight line. | Discussion | SNC page # 40<br>Textbook page #77 |
| Grade 4 | **Chapter 5**<br>**Forms of energy and energy transfer** | Common sources and uses of energy | • Describe and demonstrate the transformation of energy. | Muddiest point/ questioning/one minute essay. | SNC page # 31<br>Textbook page #60-61 |
| | | | • Understand the importance of energy conservation. | Open Ended Questions/ One Minute Essay. | SNC page # 31<br>Textbook page # 61 |
| Grade 5 | **Chapter No:7**<br>**Properties and behaviour of light** | Light Travels in Straight Lines | • Investigate that light travels in a straight line. | Questioning / Demonstration Stations | SNC page # 34 Textbook page #77 |
| Grade 4 | **Chapter 5**<br>**Forms of energy and energy transfer** | Common sources and uses of energy | • Recognize the role and responsibility of humans to conserve energy resources. | Discussion/ Placemats. | SNC page # 31<br>Textbook page #61 |
| Grade 5 | **Chapter No:7**<br>**Properties and behaviour of light** | Luminous and Non-Luminous Objects | • Investigate luminous and non-luminous objects in daily life. | Examples/Non-Examples / Matching Activities | SNC page #34 Textbook page #74 |
| | | Transparent, opaque & translucent objects | • Identify and differentiate between transparent, opaque and translucent objects in their surroundings. | Questioning / Think-Pair Share / Demonstration Stations | SNC page # 34 Textbook page # 75,76 |
| Grade 4 | **Chapter 5**<br>**Forms of energy and energy transfer** | Light and sound in everyday life | • Relate familiar physical phenomena (i.e., shadows, reflections, and rainbows) to the behaviour of light. | Think-pair-share/ Questioning. | SNC page # 31<br>Textbook page #61-62 |
| Grade 5 | **Chapter No:7**<br>**Properties and behaviour of light** | Formation of shadows<br>Reflection of light | • Explain the formation of shadows. | Explain the Term / Demonstration Stations / One-Minute Essays | SNC page # 34 Textbook page#77-79 |
| | | | • Predict the location, size and shape of a shadow from a light source relative to the position of objects. | | |
| | | | • Demonstrate that shiny surfaces reflect light better than dull surfaces. | Demonstration station | SNC page# 42<br>Textbook page #79 |
| Grade 4 | **Chapter 5**<br>**Forms of energy and energy transfer** | Light and sound in everyday life | • Relate familiar physical phenomena (i.e., vibrating objects, echoes) to the production and behaviour of sound. | Matching activities/ questionnaire. | SNC page # 31<br>Textbook page #63 |
| Grade 5 | **Chapter 6**<br>**Light and sound** | Sound | • Describe and demonstrate how sound is produced by a vibrating body. | Demonstration station | SNC page #42<br>Textbook page #79-80 |
| | | Propagation of sound | • Identify variety of materials through which sound can travel. | Questioning | SNC page# 42<br>Textbook page #80-82 |
| Grade 4 | **Chapter 5** | Light and sound in everyday life | • Relate familiar physical phenomena (i.e., vibrating objects, echoes) to the | Matching activities/ questionnaire. | SNC page # 31<br>Textbook page #63 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | **Forms of energy and energy transfer** | | production and behavior of sound (Quiz/Project) | | |
| **Grade 5** | **Chapter 6**<br>**Light and sound** | Intensity of sound (high/low) | • Identify that speed of sound differs in solids, liquids and gaseous medium. | Demonstration station | SNC page#42<br>Textbook page#82 |
| | | | • Define and describe the intensity of sound with examples. | One minute essay | SNC page #42<br>Textbook page# 83-84 |
| **Grade 4** | **Chapter 5**<br>**Forms of energy and energy transfer** | Heat transfer | • Recognize that warmer objects have a higher temperature than cooler objects<br>• Investigate the changes that occur when a hot object is brought in contact with a cold object<br>• Identify ways to measure temperature and understand its unit | Questioning/ choral response<br>Demonstration station<br>Demonstration station | SNC page#32<br>Textbook page#64<br>SNC page#32<br>Textbook page#64<br>SNC page#32<br>Textbook page#64 |
| **Grade 5** | **Chapter 6**<br>**Light and sound** | Noise and its effects on human health | • Define noise and its harmful effects on human health. | One minute essay | SNC page# 42<br>Textbook page# 84-85 |
| | | Controlling noise pollution | • Appreciate the role of human beings in reducing noise pollution. | Discussion | SNC page# 42<br>Textbook page# 85-86 |

# ماڈیول
# 5

## منصوبہ سازی کی اہمیت، طریقہ تدریس اور سبق کی منصوبہ بندی



# چوتھا دن

## ماڈیول 5: منصوبہ سازی کی اہمیت، طریقہ تدریس اور سبق کی منصوبہ بندی

### مقاصد

شرکا اس قابل ہو جائیں گے کہ:

1. ملٹی گریڈ کے لیے منصوبہ سازی کی اہمیت سمجھ سکیں۔
2. روزمرہ کے معمولات/ڈیلی روٹین کے مطابق منصوبہ سازی کے لیے سرگرمیاں بنانے کے اہم نکات سے آگاہ ہو سکیں۔
3. ملٹی گریڈ میں استعمال ہونے والی مختلف ٹیچنگ کی حکمت عملیوں کو سمجھ کر بیان کر سکیں۔
4. سبق کی منصوبہ سازی کے اہم اجزا کی نشاندہی کر سکیں۔

### تدریسی مواد

چارٹ پیپرز، مارکرز، ٹیپ، ملٹی میڈیا، سپیکرز، ہینڈ آؤٹس، گروپ کی اقسام کا چارٹ/پریزنٹیشن، گروپ ورک کیسے کرائیں کا چارٹ/پریزنٹیشن، 50 پلاسٹک کے گلاس، 5 ربڑ بینڈز اور رسی کے ایک سے دو فٹ تک کے 20 ٹکڑے، ملٹی گریڈ تدریس کے بنیادی اصولوں کی پرچیوں کی باسکٹ

### سرگرمی 1: | 09:00 – 09:30 | تلاوت اور پچھلے دن کا اعادہ

**شرکا کے تاثرات**

درج ذیل سوالات پر گفتگو کریں:

1. کل میں نے کیا نئی بات سیکھی؟
2. کل کے سیشن میں کیئے گئے طریقہ تدریس کو ملٹی گریڈ درس و تدریس میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے؟
3. کس موضوع پر ہمیں مزید گفتگو کرنے کی ضرورت ہے؟

## سرگرمی 2: | 09:30 – 10:15 | منصوبہ سازی کی اہمیت

1. شرکا میں سے کسی کا بھی نام لے کر کہیں کہ آج کا سیشن آپ کروائیں۔
2. متوقع ردعمل: میں نے کوئی تیاری نہیں کی۔ آپ مجھے تھوڑا وقت دیں۔
3. آپ کا جواب: بہت سارے اساتذہ کہتے ہیں کہ ہم اتنے عرصے سے پڑھا رہے ہیں تو ہم فوراً پڑھا دیں گے۔ کیوں ٹھیک کہا نا؟
4. باقی شرکا سے اپنے جواب کی تائید کروائیں۔ زیادہ تر لوگ کہیں گے کہ انھیں وقت دیں، شاید کوئی ایک یا دو اپنی خدمات دینے کے لیے تیار ہو جائیں۔
5. انھی نکات کو بنیاد بناتے ہوئے پلاننگ کی اہمیت پر گفتگو کا آغاز کریں۔
6. "ہم میں سے جو اساتذہ جب ملٹی گریڈ میں طلبہ کو پڑھانے جاتے ہیں تو کتنا وقت اپنی پلاننگ کو دیتے ہیں؟"
7. اور کس طرح پلان کرتے ہیں؟
8. چند منتخب شرکا سے جوابات لیں۔
9. شرکا کے گروپس بنا کر **ہینڈ آؤٹ 1** کو جگ سا ریڈنگ کے طریقے کے تحت پڑھوائیں۔
10. دوسرا راؤنڈ مکمل ہونے پر ہر گروپ سے ہینڈ آؤٹ کے مختلف عنوانات کے اہم نکات پر باری باری گفتگو کریں۔

## سرگرمی 3: | 10:15 – 10:45 | روزمرہ کے معمولات اور منصوبہ بندی

1. بورڈ پر لکھیں: "ملٹی گریڈ کلاس کے ایک دن کے معمولات"
2. شرکا کے گروپس بنائیں اور ہر گروپ کو دو روٹین بنانے کو کہیں: پہلی روٹین گریڈ 1، 2 اور 3 کے لیے اور دوسری روٹین گریڈ 3، 4 اور 5 کیلئے۔
3. شرکا سے پوچھ کر پورے دن کی روٹین بورڈ پر لکھتے جائیں۔
4. ہر روٹین کا ایک دوسرے سے تعلق یا پروگریشن بھی پوچھیں۔
5. **ہینڈ آؤٹ 2** کی مدد سے کلاس روٹین کی اہمیت پر تفصیل سے گفتگو کریں۔

## چائے کا وقفہ | 10:45 – 11:00

## سرگرمی 3: | 11:00 – 11:30 | گروپ ورک کا تعارف اور اقسام

1. بورڈ پر درج ذیل سوالات لکھیں:
2. گروپ ورک کسے کہتے ہیں؟
3. ہمیں گروپ ورک کیوں کروانا چاہیے؟
4. آپ کے خیال میں گروپ ورک کا کیا فائدہ ہے؟

5. شرکا سے کہیں کہ وہ سوچ کر جوابات اپنی نوٹ بک پر لکھیں۔ اس کام کے لیے ان کو 8 منٹ دیجیے۔
6. اب شرکا سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے پوائنٹس اپنے برابر والے شخص سے ڈسکس کریں اور ایک مشترکہ جواب بنائیں۔ اس گفتگو کے لیے انھیں 5 منٹ دیجیے۔
7. اب شرکا کے 5 یا 6 گروپس بنائیں۔ انھیں ہدایت دیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے نکات پورے گروپ کے ساتھ ڈسکس کر کے ایک چارٹ پر مشترکہ جوابات تحریر کریں۔
8. ہر گروپ سے منتخب نمائندہ سے پیشکش کروائیں۔
9. شرکا کو **ہینڈ آؤٹ 3** پڑھنے کا موقع دیں اور اہم نکات دہرائیں۔
10. شرکا سے پوچھیں کہ اس پوری سرگرمی میں انھوں نے کون کون سی حکمت عملیاں strategies استعمال کیں؟
11. انفرادی کام (Individual work)
12. جوڑوں میں کام (Pair work)
13. گروہی کام (Group work)
14. پیش کش (Presentation)
15. بات چیت (Discussion)
16. انھیں بتائیں کہ کس طرح ایک سرگرمی میں مختلف حکمت عملیاں استعمال کی جاسکتی ہیں۔
17. شرکا کو ہینڈ آؤٹ 4 دے کر pair میں مکمل کرنے کی ہدایت دیں۔

## سرگرمی 4: 11:30 – 12:00 گروپ کی اقسام

1. شرکا کو ہینڈ آؤٹ 5 کی مدد سے گروپ کے سائز اور گروپ میں بچوں کی تعداد کے ساتھ ساتھ گروپ کی مختلف اقسام کی وضاحت کریں۔
2. دورانِ وضاحت شرکا کی رائے لیتے رہیں اور اہم نکات بورڈ یا چارٹ پر لکھیں۔
3. شرکا کو چار یا پانچ مناسب گروپس میں تقسیم کریں۔
4. شرکا کو ہینڈ آؤٹ 6 پڑھنے کے لیے ۱۰ منٹ کا وقت دیں۔
5. ان سے کہیں کہ وہ اپنے گروپ میں درج ذیل ذمہ داریاں تقسیم کریں اور ہر ذمہ داری کے رول پر تبصرہ کریں۔

| | |
|---|---|
| Time keeper | وقت کا خیال رکھنے والا۔ سب کی توجہ وقت پر بار بار دلانا۔ |
| Facilitator | سب کے خیالات سننا اور متفقہ فیصلہ پر لے کر آنا۔ |
| Note taker | سب کی گفتگو کے اہم نکات نوٹ کر کے اس کا خلاصہ بنانا۔ |
| Artist | کوئی چارٹ یا پریزنٹیشن بنانا۔ تصویر یا کوئی ڈیزائن |
| Presenter | گروپ کے پوائنٹس سب کے سامنے پیش کرنا۔ |
| Reporter | پیشکش کے بعد فیڈبیک کے ساتھ رپورٹ لکھنا، |

6. مزید شرکا سے درج ذیل ذمہ داریوں کا چارٹ شئیر کریں۔ اور واضح کریں کہ اب وہ آئندہ آنے والے گروپ ورکس کو ان ذمہ داریوں کے ذریعے کریں گے۔

## سرگرمی 5: | 12:00 – 01:00 | سبق کی منصوبہ بندی/لیسن پلان

**بورڈ پر "سبق کی منصوبہ بندی/لیسن پلان" لکھ کر شرکا سے پوچھیں:**

1. کسی بھی لیسن پلان میں کیا کیا لکھا جانا چاہیے؟
2. ان کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں۔
3. اب ان سے پوچھیں کہ "کیا ملٹی گریڈ میں بھی اسی طرح کا لیسن پلان بننا چاہیے؟"
4. ان کے جوابات سنیں۔

**متوقع جواب:** اس میں ایک سے زیادہ جماعتوں کے لیے پلان بنے گا۔

5. شرکا کے چار یا پانچ گروپس بنائیں۔ گروپ بنانے کے بعد پچھلے دن کے سیشن کے مطابق گروپ ممبرز کو ذمہ داریاں بھی سونپیں:

| | |
|---|---|
| Time keeper | وقت کا خیال رکھنے والا۔ سب کی توجہ وقت کی جانب بار بار دلانا۔ |
| Facilitator | سب کے خیالات سننا اور متفقہ فیصلہ پر لے کر آنا۔ |
| Note taker | سب کی گفتگو کے اہم نکات نوٹ کر کے اس کا خلاصہ بنانا۔ |
| Artist | کوئی چارٹ یا پریزنٹیشن بنانا۔ تصویر یا کوئی ڈیزائن |
| Presenter | گروپ کے پوائنٹس سب کے سامنے پیش کرنا۔ |
| Reporter | پیشکش کے بعد فیڈبیک کے ساتھ رپورٹ لکھنا۔ |

6. شرکا سے کہیں کہ وہ گروپس میں ملٹی گریڈ کلاس روم کے لیے لیسن پلان کا فارمیٹ تفویض کریں۔
7. 10 منٹ بعد ہر گروپ کی پیشکش کروائیں۔
8. **ہینڈ آؤٹ 7** کی مدد سے لیسن پلان کے اہم اجزا متعارف کروائیں۔
9. **ہینڈ آؤٹ 8** کی مدد سے لیسن پلان بنانے کے لیے ضروری ہدایت شئیر کریں تاکہ شرکا لیسن پلان لکھنے کی مشق کر سکیں۔

## نماز اور کھانے کا وقفہ | 01:00 – 02:00

## سرگرمی 6: 02:00 – 03:00 طریقہ تدریس-چند حکمت عملیاں

1. شرکا سے پوچھیں کہ وہ پڑھانے کے لیے کون کون سے طریقے استعمال کرتے ہیں یا کر سکتے ہیں؟
2. ان کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں۔ جیسے:

Gallery walk, Role play, Jig saw reading, Presentation, Cooperative Learning, Inquiry, based, Problem Solving method, Demonstration, Project work, Discussion and Field Trip etc.

درج ذیل تدریسی طریقوں کو ان کے سبجیکٹ گروپ میں تفویض کریں۔

| Subject | Teaching Methods |
|---|---|
| English | LASACAWAC |
| Urdu | Field trip |
| Science | Problem Based Learning |
| Islamiat | Role play |
| Mathematics | Practical work approach |
| Social Studies | Inquiry/Investigation |

3. اب ہر گروپ سے کہیں کہ وہ اس طریقے کو **ہینڈ آؤٹ ۹** میں سے پڑھ کر سمجھیں۔ مزید رہنمائی کے لیے یکساں قومی نصاب کے حوالے میں دیے گئے صفحات بھی پڑھے جا سکتے ہیں۔
4. کسی ایک موضوع پر ملٹی گریڈ کے لیے اس طریقے کے مطابق سرگرمی پلان کریں۔
5. پلاننگ کے بعد ہر گروپ سے باری باری پریزنٹیشن کرائیں اور ان کے طریقہ کار پر بحث کریں۔
6. ہر مضمون کے نصاب میں تدریسی حکمت عملیوں کے سیکشن پر بھی گفتگو کریں۔

## سرگرمی 7: 03:00 – 04:45 لیسن پلان گروپ ورک

1. شرکا کے 5 گروپس بنائیں۔
2. ہر گروپ کو ایک مضمون (سائنس، اردو، انگریزی، ریاضی اور معلومات عامہ) پر چارٹ کے اوپر لیسن پلان فارمٹ کا استعمال کرتے ہوئے، کسی بھی ایک موضوع پر لیسن پلاننگ کا ہدف دیں۔
3. شرکا اپنی مرضی سے کسی بھی ملٹی گریڈ کے لیے سبق کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔
7. شرکا کو سرگرمی کے لیے ۳۰ منٹ کا وقت دیں۔ ہر گروپ سے کہیں کہ وہ اس لیسن پلان پر پریزینٹیشن بھی تیار کریں گے۔
8. وقت مکمل ہو جانے پر سب گروپس کے چارٹ دیوار پر چسپاں کریں۔
9. اب ہر گروپ سے باری باری پریزنٹیشن کرائیں اور دوسرے گروپوں کو فیڈ بیک دینے کو کہیں۔
10. آخر میں شرکا سے مجموعی طور پر تمام گروپس کے منصوبوں پر بحث کریں تا کہ اگلے دن ہر کوئی خود سے لیسن پلان لکھنے کے قابل ہو جائے۔

## سرگرمی 8: 04:45 – 05:00

دن کے اختتام پر تمام تبادلہ خیال کیے گئے موضوعات کو دہرائیں، شرکا کی شمولیت پر ان کا شکریہ ادا کریں۔

# ہینڈ آؤٹس

## ہینڈ آؤٹ نمبر 1: منصوبہ بندی

موثر منصوبہ سازی اور مکمل تیاری ایک منظم کمرۂ جماعت کے اہم ستون ہیں اور ملٹی گریڈ صورت حال میں منصوبہ سازی کا پہلو نہایت اہمیت کا حامل ہے جس میں ہر جماعت کے نفسِ مضمون کا علم، کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی، حوالہ جات کا مواد، سر گرمیاں اور ضرورت کے لیے سامان کی منصوبہ سازی جیسے تمام عناصر شامل ہیں۔

یہ بہت ضروری ہے کہ نہ صرف پورے دن بلکہ پورے سال کی تمام سر گرمیاں اُستاد کے ذہن میں واضح طور پر ہوں۔ منصوبہ سازی کا بہت اچھا/ قابل عمل ہونا بہت ضروری ہے۔ اس کے لیے نصاب اور بچوں کے بارے میں تفصیلی معلومات درکار ہوتی ہیں۔ استاد کو چاہیے کہ ابتدائی طور پر وہ موضوعات پڑھائیں جن سے وہ اچھی طرح واقف ہوں اور طلبہ کی بھی مختلف صلاحیتوں اور دلچسپی کو کام میں لا سکیں۔

### منصوبہ بندی کے اجزاء:

- تعلیمی مقاصد کے بارے میں فیصلہ کرتے وقت سبق کی پلاننگ ایسے کی جائے کہ جس سے سیکھنے کے عمل میں مدد فراہم ہو۔
- سبق کا انتخاب کرنے کے بعد جب اس کی تحریری منصوبہ سازی کی جائے تو وہ بچوں کو کروائی جانے والی سر گرمیوں (پڑھائی، گروپ میں کام اور لیکچر وغیرہ) اور ان کے اوقات پر مبنی ہونی چاہیے اور سبق پڑھانے کے دوران جس قسم کا مواد استعمال ہو گا اس کی تیاری بھی پہلے سے ہونی چاہیے۔
- سر گرمیوں میں استعمال ہونے والے تمام سامان بشمول مواد، کام کے لیے مثالیں، تجربات کے لیے استعمال ہونے والے آلات / سامان کی چیکنگ اور ترتیب، گروپس میں ان کی تقسیم اور کام کرنے کا تسلسل، کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی کے لیے اس کا خاکہ حتیٰ کہ کوئی نیا تجربہ یا عملی کام کرنے سے پہلے اس کی ریہرسل کی تیاری بھی قبل از وقت ہونی چاہیے۔
- طلبہ کی کارکردگی اور ان کے حاصلات کی نگرانی اور جائزہ کیسے ہو گا؟ نیز سبق پڑھانے کے دوران اور بعد میں جانچنا کہ ان کے سیکھنے کے عمل میں کس حد تک بہتری آئی ہے/انھوں نے کتنا سیکھا؟ اس کا فیصلہ بھی پہلے سے ہو جانا ضروری ہے۔

### منصوبہ سازی کی مہارتیں:

- یہ شناخت کرنا کہ واضح تدریسی مقاصد اور مواد طلبہ کو پڑھائے جانے والے مواد کے لئے موزوں ہوں اور خصوصاً اس بات کو واضح کرنا کہ ان پڑھائے ہوئے موضوعات کا جائزہ کیسے لیا جائے گا؟
- کل جماعتی گروپس، انفرادی اور گروپ میں کام کے لیے طلبہ سمیت ایسی سر گرمیوں کا تعین کرنا جو طلبہ کے لئے چیلنجنگ ہوں۔ نیز ان کی دلچسپی کی سطح کو بھی بڑھانے کا باعث بنیں۔
- طلبہ کے سیکھنے کے عمل، دلچسپی/ تحریک اور کام کی نمائش کے حوالے سے ان سے وابستہ توقعات اور مطالبات کا تعین کرنا۔

- طلبہ کے سیکھنے کے واضح مقاصد متعین کرنا، سابقہ واقفیت نیز جو بھی کام کرنے کے لیے انھیں ہدایات دی گئیں انھیں باور کروانا کہ وہ استعمال ہونے والے مواد اور مقاصد سے واقف ہیں۔
- مخصوص تعلیمی ضروریات کے حامل طلبہ کی شناخت بشمول ایسے طلبہ جنھیں تعلیمی مشکلات درپیش ہیں، حتیٰ کہ اُردو بھی روانی سے نہیں پڑھ سکتے۔ ان کے ذہن کو مثبت انداز میں مدد کے لیے تیار کیا جائے۔

## منصوبہ بندی درج ذیل مراحل کے مطابق کی جاتی ہے:

1. طویل المیعاد منصوبہ سازی
2. بلاک منصوبہ سازی یا سہ ماہی منصوبہ سازی
3. ہفتہ وار منصوبہ بندی

### 1. طویل المیعاد منصوبہ سازی:

سالانہ منصوبہ سازی میں مختلف لیولز (درجات) کے لیے یکساں موضوعات:

آئیڈیلی/مثالی طور پر ایک ملٹی گریڈ جماعت میں اُستاد کو گریڈ لیول سے قطعِ نظر تمام طلبہ کے ساتھ ایک جیسے موضوعات کا احاطہ کرنا چاہیے تاہم کچھ موضوعات ہر گریڈ لیول کے لیے مختلف ہوتے ہیں۔ اس لیے پورے سال کے لیے ان تمام گریڈز کے لیے یکساں موضوعات کو اکٹھا کرنا مشکل ہے۔ عنوانات کی ترتیب میں ردوبدل کرتے ہوئے مختلف گریڈز اور درجوں کو ایک جیسے مطابقت رکھتے ہوئے عنوانات کو اکٹھا کر کے پڑھایا جا سکتا ہے۔

یوں متبادل، باہمی تعاون کے نمونے، ماڈل کو بھی زیر غور لایا جا سکتا ہے۔ یہ ممکن ہے کہ عنوانات کو ملایا جائے۔

**مثال:** **سالانہ منصوبہ سازی برائے واقفیت عامہ کے موضوعات جماعت دوم۔ سوم**

| اوقات کی تقسیم | عنوانات | عنوانات |
|---|---|---|
| **بلاک** | **جماعت دوم** | **جماعت سوم** |
| 1 | میرا گاؤں (1) | میرا اسکول (1) |
| 2 | انسانی جسم (2) | پرندے (5) |
| 3 | سبزیاں (4) | پھل (2) |
| 4 | موسم (3) | عمارتیں (3) |
| 5 | اوزار مشین (6) | ذرائع آمد و رفت (4) |
| 6 | جانور (5) | تہوار میلے (6) |

### نصاب کو دیکھیں:

دیکھیں کہ ہر گریڈ،درجے کے لیے نصاب میں کون سے تصورات ایک جیسے ہیں۔ایک مثال نیچے دی گئی ہے۔مثال میں اسباق کے نمبرز لکھے گئے ہیں۔

| جماعت اوّل تا پنجم | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سائنس | اوّل | دوم | سوم | چہارم | پنجم |
| جاندار اشیاء | - | - | - | 1 | 1 |
| مادہ اور توانائی | - | - | - | 4 | 5 |
| زمین اور کائنات | - | - | - | 7 | 8 |
| ریاضی | اوّل | دوم | سوم | چہارم | پنجم |
| اعداد پر عوامل (Number Operations) | 2 | 2 | 2 | 1 | 1 |
| وقت (Time) | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 |
| جیومیٹری (Geometry) | 6 | 6 | 6 | 6 | 7 |
| مواد داری (Data Handling) | - | - | 7 | 7 | 9 |
| واقفیت عامہ | اوّل | دوم | سوم | چہارم | پنجم |
| اہم شخصیات اور ان کے کارنامے | - | - | 4,5 | | |
| پودے اور جانور | 13 | 7,8 | - | - | - |
| وسائل | 10 | 5,10 | 2,3 | - | - |
| دیہات، قصبہ، شہر کے لوگ | 6 | 2 | 9 | - | - |
| ہمارا وطن پاکستان | 8 | 1 | - | - | - |

### 2. بلاک منصوبہ سازی یا سہ ماہی منصوبہ سازی:

اس قسم کی منصوبہ سازی آسان ہو گی اگر، معاشرتی علوم، سائنس، ریاضی وغیرہ کے پڑھنے کے مقاصد کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے یعنی خاص اور عام اور اُن کی تقسیم موضوعات کی اہمیت کے حوالے سے کی جائے اور ان پر ان کی اہمیت کی مد نظر رکھتے ہوئے وقت دیا جائے۔ہر جماعت کے مخصوص مقاصد ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوں۔انھیں بلاک میں تقسیم کیا جائے اور عام مقاصد کو ان میں ضم کیا جائے۔

مثال کے طور پر غور کریں:

- اسباق کے اوقات یا اسباق کے حصے
- مواد اور تدریسی معاونات کی ضرورت

- کس زبان میں پڑھایا جائے؟
- اُستاد کا گروپ سے رابطہ اور گروپ کے کام کا جائزہ
- جس سبق کو پڑھایا جائے اُس کے الفاظ کی فہرست
- اضافی، دیگر سرگرمیاں
- انفرادی طور پر بچے کے بارے میں تاثرات
- اپنی تدریس کے بارے میں تاثرات
- اگلے دن کے لیے تبدیلیاں

### 3. ہفتہ وار منصوبہ بندی

اُستاد کو اپنی **ہفتہ وار منصوبہ بندی** بہت احتیاط سے تیار کرنی چاہیے۔ منصوبہ سازی کرتے وقت سکول کی صورت حال پر لازماً غور کرنا چاہیے۔ اُستاد اور کمرۂ جماعت کی تعداد کتنی ہے؟ ہر کمرۂ جماعت میں بچوں کی تعداد کتنی ہے؟ ہر گریڈ/درجے کے لیے مذہبی تعلیم نصاب میں کیسے شامل کی جا سکتی ہے اور ہر مضمون کو روزانہ پروگرام میں کیسے شامل کیا جائے گا؟ ایک بہترین منصوبہ باقاعدہ سرگرمیوں کے لیے دستیاب وسائل کا بہترین استعمال کرنے اور اس کا انحصار پڑھائی جانے والی سرگرمیوں کے مقاصد پر ہے۔ اُستاد کو اس کے لیے درج ذیل مختلف طریقوں کے مطابق منصوبہ تشکیل دینا ہوگا:

- پوری جماعت
- گروپس (قابلیتی، سماجی وغیرہ)
- انفرادی یا جوڑے

ایک اُستاد مندرجہ ذیل طریقے سے موضوعات اور مقاصد کے دائرہ کار کا احاطہ بھی کر سکتا ہے۔

- جب مقاصد اور موضوعات تمام گریڈ لیولز کے لیے ایک جیسے ہوں۔
- جب موضوعات ایک جیسے ہوں لیکن مقاصد ہر گریڈ کے ایک دوسرے سے مختلف ہوں۔
- جب ہر گریڈ کے لیے موضوعات اور مقاصد ایک دوسرے سے الگ ہوں۔

اُستاد کو چاہیے کہ وہ پڑھائے جانے والے موضوع کے بارے میں سوچیں اور فیصلہ کرے کہ وسائل کہاں ہیں اور اس کو کیا کرنا چاہیے۔ اپنے دیگر سٹاف ممبران/ساتھیوں سے بھی گفتگو کرے پھر اپنی کمیونٹی سے ذرائع کے متعلق بات کرے اور طلبہ سے بھی بات کرے۔ یوں طلبہ بخوبی طور پر ان تصورات اور اس کے مقاصد کے بارے میں جان اور سمجھ لیں گے۔

**روزانہ کی منصوبہ سازی کو سادہ رکھا جائے** خصوصاً سال کے آغاز پر جب بچے آزادانہ کام کرنے کے عادی نہیں ہوتے ہیں۔ اُس وقت گروپس میں گھومنا اور سرگرمیوں کے لیے بہت تھوڑا وقت دینا اُستاد کے کام کے بوجھ کو زیادہ بڑھا دیتا ہے۔ مختلف سرگرمیوں کے لیے وقت کا تعین کرنا بہت اہم ہے۔ بچوں کو اپنا کام ختم کرنے میں بہت زیادہ جلدی نہیں کرنی چاہیے۔

یہ بہت بہتر ہوگا کہ انھیں چند سادہ سرگرمیاں کروائیں۔ جب بچے اپنا کام کر لیں تو انھیں پڑھائی کی مہارتوں میں شامل کریں۔ اُستاد کو یہ فیصلہ کرنا ہے کہ ہر سبق میں کس کس کو شامل کرنا ہے (یعنی کون سے گروپ استعمال کیے جائیں گے اور وہ کہاں کام کریں گے)۔

# ہینڈ آؤٹ نمبر 2: کلاس روم روٹین / روزمرہ کے معمولات

ملٹی گریڈ ٹیچنگ کے لیے جماعت کے روزمرہ معمولات کا تعین کرنا بہت مفید اور کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ جب یہ روٹین سیٹ ہو جاتی ہے تو بچے اس کے عادی ہو جاتے ہیں۔ اس طرح استاد کو جماعت منظم رکھنے میں کم سے کم دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سب سے اہم بات یہ کہ اسے بار بار ہدایات نہیں دینی پڑتیں۔ جب جماعت کے قوانین پوری طرح لاگو ہو جاتے ہیں تو اس سے بچوں کے رویوں اور ان کے افعال کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ شروع میں کچھ وقت درکار ہوتا ہے لیکن پابندی سے جماعت کے اصول و قوانین پر اگر عمل کیا جاتا رہے تو اس سے کمرۂ جماعت کا انتظام بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ اُستاد اور بچوں کو لازماً روٹین برقرار رکھنی ہے۔

**روٹین ایک ایسا طریقہ کار یا سرگرمی ہے جس کا مظاہرہ باقاعدگی سے کمرۂ جماعت میں ہوتا ہے۔**

استاد کو چاہیے کہ پہلے دن سے ہی طلبہ کے سامنے جماعت کی روٹین اور اپنی توقعات پیش کر دے۔ روٹین بناتے وقت نہایت سمجھ سے کام لینا ہوگا اور اس کی منصوبہ بندی محتاط طریقے سے کرنی ہوگی۔ اُستاد کے ذہن میں پورے دن کے معمولات ہوں تاکہ وہ وقت کے حساب سے روٹین طے کر سکے۔

### روٹین قائم کرنے میں یہ ضروری ہے کہ:

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبا اس روٹین کی وجہ سمجھ سکیں
- استاد کو چاہیے کہ پہلے وہ خود اس پر عمل پیرا ہو
- روٹین کے نفاذ سے پہلے طلبا کو ریہرسل کروا کے مشق کروائیں
- روٹین کے عملی نفاذ میں اکثر کئی دن لگ جاتے ہیں اور وقت بھی درکار ہوتا ہے۔
- روٹین کو ان کے معمولات کا حصہ بنانے کے لیے بار بار مشق کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ذیل میں دی گئی فہرست آپ کو یہ سوچنے میں مددگار ثابت ہوگی کہ پورے دن کے دوران کس وقت آپ کو روٹین کے طریقہ کار کو قائم کرنا ہے۔

| کمرۂ جماعت میں داخل ہونا | باہر یا دوسری جگہوں پر جانا/میٹنگ |
|---|---|
| ▪ کام کا آغاز کرنا | سرخی کیسے بنائی جائے |
| ▪ حاضری لگانا | گھر کے کام |
| ▪ غیر حاضری/طریقہ کار کی تیاری | کاغذات کا تبادلہ |
| ▪ اُستاد کی توجہ کا اشارہ | سوالات پوچھنا |
| ▪ اپنی سیٹوں یا جگھوں سے باہر آنا | مدد حاصل کرنا/مدد لینا |

| | |
|---|---|
| ▪ کام | جلدی کام ختم کرنا |
| ▪ متعلقہ اشیاء دینا | کمرۂ جماعت کا چکر لگانا |
| ▪ پنسل تراشنا | قدرتی آفات سے بچاؤ/آگ سے بچنے کی مشق کرنا۔اس کے لیے مقرر کیے گئے کوڈز کا خیال رکھنا |
| ▪ استعمال،اُٹھانے، پکڑنے کے لیے طریقہ کار | اچانک بیمار ہونا |
| ▪ سامان | کمرۂ جماعت کے مواد کو چیک کرنا |
| ▪ گروپس میں جانا | دن کے اختتام پر کمرۂ جماعت کی صفائی |
| ▪ گروپس میں کام کرنا | |
| ▪ خود مختار کام | مواد کو منظم کرنا |
| ▪ کمرے سے باہر جانے کے لیے قطار بنانا | اختتام |
| ▪ کھانے کی ہلکی اشیاء/پانی | |

### آپ کو کون سی روٹین قائم کرنے کی ضروری ہے؟

| اساتذہ کی روٹین | طلبہ کی روٹین |
|---|---|
| ▪ ٹائم ٹیبل کی روٹین | ▪ طلبہ جانتے ہیں کہ انھیں کیا کام کرنا ہے؟ |
| ▪ مضامین پڑھانے کی روٹین | ▪ کمرۂ جماعت کے وسائل کو منظم کرنا۔ |
| ▪ کمرۂ جماعت کی تنظیم سازی اور نظم وضبط | ▪ طلبہ جانتے ہیں کہ مدد کیسے حاصل کرنی ہے۔ |
| ▪ | ▪ طلبہ کو جاننا چاہیے کہ کام کیسے چیک کرنا ہے؟ |
| | ▪ طلبہ یہ جانتے ہیں کہ ایک کام کو ختم کرنے کے بعد انھیں کیا کرنا ہے؟ |
| | ▪ طلبہ کو ذمہ داریاں دینے کی ضرورت ہے۔ |

### موئثر روٹین:

اگر طلبا اس بات سے واقف ہوں کہ ان کا استاد بہت منظم اور روٹین پر ہر حال میں عمل پیرا ہو گا تو وہ جماعت میں آکر فوراً اپنے کام کا بامقصد آغاز کریں گے۔یہ موثر روٹین کا سب سے بڑا فائدہ ہے۔اسی لیے استاد کو چاہیے کہ وہ پورے دن کی روٹین بنائیں

اسی طرح اُستاد کے پاس طلبہ کی انفرادی مدد (بات چیت کرنا، پڑھنا وغیرہ) کے لئے وقت ہوتا ہے پورے دن میں اُستاد مختلف طلبہ کے مختلف گروپس میں یہ کام کرتا ہے۔

### اُستاد اور طلبہ کو یہ جاننا ضروری ہے کہ:

1. کہ کوئی بھی کام کرنے کا طریقہ کار کیا ہو گا؟۔ استاد کی منصوبہ بندی میں اس بات کی وضاحت ہو کہ یہ کام انفرادی ہے یا گروپ میں کیا جائے گا۔ اس کے لیے تختہ سیاہ، زبانی یا تحریری ہدایات، ورک شیٹس وغیرہ کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔
2. تمام تر تدریسی مواد جن میں کتابوں کو اکٹھا کرنا یا ورک شیٹس کی تقسیم اور پھر انھیں حفاظت سے رکھنا یہ اساتذہ اور طلبا دونوں کی ذمہ داری ہے۔ انھیں پتا ہونا چاہیے کہ انھیں استعمال کے بعد متعلقہ جگہ پر واپس رکھنا ہے
3. ضرورت کے وقت اور اُستاد کے پاس جانے سے پہلے طلبہ کس لیڈر یا ساتھی وغیرہ سے مدد لے۔
4. طلبا کے کام کی چیکنگ ایک اہم مرحلہ ہے۔ طلبا کو چاہیے کہ انتظار کرنے میں وقت ضائع کرنے سے بہتر ہے کہ وہ خود مختلف سرگرمیوں کو جاری رکھیں۔ جبکہ اُستاد کمرۂ جماعت میں چکر لگاتے ہوئے طلبہ کے کام کو چیک کرے۔ اُستاد طلبہ کے گروپ کا حصہ بنتے ہوئے ان کی مدد کریں اور ان کے کام کو چیک کریں۔ ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ طلبہ کو اپنا کام خود چیک کریں یا جوابی شیٹ کو استعمال کرتے ہوئے طلبہ ورک کارڈ کی خود اصلاح کریں۔ اس کے علاوہ بڑے طلبہ کو بھی سکھانے کی ضرورت ہے کہ کام کو کیسے چیک کرنا ہے؟ اس طرح اُستاد کو زیادہ وقت دیگر سرگرمیوں کے لیے مل جائے گا۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ ہر روز دن کے اختتام پر انھیں کاپیاں چیک کرنی پڑیں۔ اس ضمن میں ایک بات یہ بھی سمجھنے کی ہے کہ ہر کام طلبا کے کرنے کا نہیں ہے کچھ کام اُستاد نے خود بھی کرنے ہیں۔
5. **کہ طلبہ اپنا کام ختم کرنے کے بعد کیا کریں۔** یہ ایک اہم غور طلب بات ہے کہ جب طلبا کام کر لیں تو اس کے بعد کیا کریں؟ استاد کی روٹین اور منصوبہ بندی اتنی واضح اور موثر ہو کہ طلبا اپنا کام مکمل کرنے کے بعد دیگر سرگرمیوں میں خود مصروف ہو جائیں۔ انھیں پتا ہو کہ اس کے بعد کیا کرنا ہے۔ اس طرح وہ اُستاد اور دوسرے بچوں کو تنگ نہیں کرینگے۔ جو طلبہ اپنا کام جلدی ختم کر لیتے ہیں۔ انھیں معلوم ہو کہ اُستاد کی مدد کے بغیر اس فرصت کے اوقات میں اسے کیا کام کرنا ہے؟ اور انھیں اس کی وجہ بھی پتا ہونی چاہیے۔ اضافی سرگرمیوں کی ایک فہرست بورڈ پر لگی ہوئی ہو، یعنی پڑھائی وغیرہ۔ اگر طلبہ پر یہ سب کچھ واضح ہو تو کہ انھوں نے کیا کرنا ہے تو وہ اُستاد اور دیگر طلبہ کے لئے باعثِ زحمت نہیں ہوں گے۔ اور یوں وہ اپنے اضافی وقت کا بہترین استعمال کر سکیں گے۔
6. **مختلف طلبہ کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟**

جماعت کو منظم رکھنے اور اس کی بہتر روٹین پر عمل پیرا ہونے کے لیے استاد کو چاہیے کہ وہ طلبا کو مختلف ذمہ داریاں سونپے۔ اس طرح طلبا میں نہ صرف احساس ذمہ داری پیدا ہو گا بلکہ ان کی قائدانہ صلاحیتیں بھی سامنے آئیں گی۔ استاد مختلف طلبا کو مختلف ذمہ داریاں مختص کرے اور پھر کچھ دنوں میں دوسرے طلبا کو یہ کام تفویض کر دے تا کہ ہر طالب علم کو موقع ملے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کا استعمال کر سکے۔

# ہینڈ آوٹ نمبر 3: گروپ ورک

گروپ ورک تدریسی عمل کی ایک اہم حکمت عملی ہے جس کی مدد سے طلبہ میں مختلف قسم کی مہارتوں کو پروان چڑھایا جاسکتا ہے۔ اس کا سب سے اہم مقصد طلبہ کو معاشرے میں ایک ساتھ رہنے اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر سیکھنے کا طریقہ سکھانا ہے تاکہ وہ اپنے سیکھنے کے عمل کو بلا جھجک آگے بڑھا سکیں۔

گروپ ورک کے ذریعے طلبہ:

1. میں تنقیدی انداز میں سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔
2. دوسرے کی بات سنتے وران کی رائے کا احترام کرنا سیکھتے ہیں۔
3. اپنی بات مہذب انداز میں دوسروں تک پہنچانے کا طریقہ سیکھتے ہیں
4. میں تعمیری تنقید کی مہارت پروان چڑھتی ہے۔
5. ٹیم ورک اور لیڈر شپ جیسی صلاحیت پیدا ہوتی ہیں۔
6. ایک دوسرے کی صلاحیتوں کو پہچان کر اس پر بھروسہ کرنا سیکھتے ہیں۔
7. ایک مقصد حاصل کرنے کے لیے مقررہ وقت کا مل جل کر استعمال کرنا سیکھتے ہیں۔

## چند اساتذہ کے تبصرے:

- طلبہ چھوٹے گروپس میں اپنے کام پر توجہ دیتے ہیں اور اس کام کو کرنے کے لیے انھیں اُستاد کی تھوڑی سی رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے جس کے بعد وہ تصورات کو سمجھنے کے لیے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ بچوں کے کام کرنے کا یہ انداز بذات خود ان کے سیکھنے کے عمل کو دیرپا بناتا ہے۔
- طلبہ کمرہ جماعت میں ایک دوسرے کے ساتھ ملتے اور ان کے ساتھ کام کرتے ہیں اور اس کے لئے ضروری نہیں کہ تمام بچے ایک دوسرے کے دوست ہوں۔ مختلف عمروں، جماعتوں، دوستوں اور نسلی و ثقافتی اقدار سے تعلق رکھنے والے بچے جب گروپس میں مل جل کر ایک کام کریں گے تو ان کے مابین ہم آہنگی اور ایک دوسرے کو سراہنے کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔
- گروپ ورک میں نظم وضبط کے حوالے سے کچھ مسائل پیش آسکتے ہیں۔ جیسے کہ طلبہ کی آپس میں ایک دوسرے سے توقعات وابستہ ہو سکتی ہیں۔ جھجک محسوس کرنے والے بچے چھوٹے گروپس میں کام کرتے وقت آسانی محسوس کرتے ہوئے سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیتے ہیں۔
- ایسے طلبہ جو سرگرمیاں کرتے وقت دیگر بچوں کی توجہ کو منتشر کرتے ہیں۔ اگر انھیں چھوٹے گروپس میں کام کرنے کے لیے مخصوص ذمہ داری دی جائے تو ایسا کرنے سے وہ اپنی صلاحیتوں کا کھل کر اظہار بھی کر سکتے ہیں اور ذمہ داری کو قبول کرتے ہوئے نہ صرف دوسروں کو اپنے ساتھ کام مکمل کرنے کے لیے اکٹھا کرتے ہیں بلکہ خود بھی مصروف ہو جاتے ہیں۔
- اُستاد کو اپنے طلبہ کا مشاہدہ کرنے اور انھیں جاننے کے لیے مناسب وقت حاصل ہوتا ہے اس طرح وہ درس و تدریس کے بارے میں سوچ سکتے ہیں۔

## ہینڈآؤٹ نمبر 4: ورک شیٹ

| **Activities** | **Group Strategy** |
|---|---|
| Book shared reading | |
| Reading aloud | |
| Art activity. | |
| Math activity covering different levels of objectives. | |
| Story writing. | |
| Role play of a story | |
| Word building/vocabulary activities | |
| Problem solving in Mathematics. | |
| Making a poster | |
| Science experiment | |
| Paragraph writing | |
| Addition | |
| Sentence making | |
| Painting | |
| Map making | |
| Opposites | |

# ہینڈآوٹ نمبر 5: گروپ کی اقسام

گروپ کی تقسیم کے لیے ملٹی گریڈ کلاس میں پڑھایا جانے والا مضمون، عنوان اور طلبا کی خصوصیات سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہیں کیوں کہ اُن کی مدد سے گروپ کی تشکیل کی جاتی ہے۔ ہمیشہ ایک جیسا گروپ نہیں رہتا بلکہ اس میں طلبا کی ضروریات کو مدِ نظر رکھ کر مستقل ترمیم کی جاتی رہتی ہے۔ اس کا مقصد طے کی گئی مختلف سرگرمیوں کی تکمیل ہے۔

## گروپس کا سائز، گروپ میں بچوں کی تعداد:

ایک گروپ کا مناسب سائز 3 سے 4 طلبہ ہیں۔ یہ ایک مثالی گروپ ہے جس میں ہر بچے کو نہ صرف اظہار رائے کا موقع ملتا ہے بلکہ وہ سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کر سکتا ہے۔ لیکن اگر جماعت میں بچوں کی تعداد زیادہ ہے تو گروپ کی تعداد کم ہو جائے گی اور طلبا کی تعداد بڑھ جائے گی۔ کبھی کبھی بہت سارے چھوٹے گروپس بھی بنائے جا سکتے ہیں۔ کچھ سرگرمیوں کے لیے اگر دو بچوں پر مشتمل گروپ بنایا جائے تو اس سے بھی موثر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

کچھ مختلف قسم کے گروپس یہ بھی ہو سکتے ہیں۔

- بے ترتیب گروپ بندی
- دلچسپی پر مبنی گروپ بندی
- قابلیتی گروپ
- گریڈ پر مبنی گروپ
- مختلف عمر کے بچوں کے گروپ جس میں بڑے بچے چھوٹے بچوں کو سیکھنے میں مدد دیں۔
- مختلف عمروں کے گروپ
- دوستی پر مبنی گروپ
- مجھے کس قسم کی گروپ بندی استعمال کرنی چاہیے؟

## بے ترتیب گروہ بندی:

**بے ترتیب گروپ بندی ایک فوری اور قابل عمل گروپ بنانے کا سادہ سا طریقہ ہے۔ اس میں** مختلف عمروں اور قابلیتوں کے حامل طلبہ مل جل کر کام کرتے ہیں۔ عمومی موضوعات پر تبادلہ خیال کرنے، معلومات کو شیئر کرنے اور کام کی تکمیل میں اس نوعیت کی گروپ بندی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر صحت کے موضوع پر کوئی سرگرمی تیار کی گئی ہے تو اس میں جماعت میں موجود ہر عمر کے بچے شامل ہو سکتے ہیں۔ فرض کریں کہ آپ اپنی جماعت کے بچوں کو یہ ہدایت دیں" چلیں سب اب پانچ پانچ کے گروپ میں تقسیم ہو جائیں "آپ کا کیا خیال ہے کہ کیا ہو گا؟؟ ایک دفعہ ایسا کر کے دیکھتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے۔

ایک گروپ میں بچوں کی تعداد کا فیصلہ کرنے کے بعد اگر اُستاد کو 24 طلبہ کو ایک سے چھے تک کے نمبرز کو غیر رسمی طور پر بچوں پر مقسوم کر دیں جس کے نتیجے میں آپ کو اچھے گروپس حاصل ہوں گے جس میں بچوں کی تعداد چار ہو گی۔

## بچوں کے گروپ بنانے کے سادہ طریقے:

بچوں کو اُن کی تاریخ پیدائش کے مطابق ایک قطار میں کھڑا کریں یا اُن کے ناموں کے پہلے حرف کے مطابق کھڑا کریں اور پھر اُن کو اپنی مرضی کے گروپ کی تعداد کے مطابق تفویض شدہ جگہ کی جانب بھیج دیں۔

اس طریقہ کار سے گروپ بنانے سے بچوں کے اندر ایسے احساسات جنم نہیں لیں گے جس سے وہ مخصوص بچوں کے ساتھ گروپ میں کام کرنا پسند کرتے ہوں۔ کیونکہ اس طرح کی گروپ بندی میں گروپ کا سائز اور تعداد وقتاً فوقتاً تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ جس سے بچوں کے اندر اپنے پسندیدہ افراد کے ساتھ کام کرنے کی خواہش نہیں رہتی۔

## دلچسپی پر مبنی گروپ:

اگر آپ کسی ایک موضوع کو تدریس کے لیے منتخب کرتے ہیں اور پھر اسے مختلف عنوانات میں تقسیم کر کے آپ یہ چاہیں کہ طلبا اپنی مرضی کا عنوان چنیں تو اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ جماعت کے بچوں کو چھوٹے گروپ میں تقسیم کر دیں اور ان عنوانات کو جماعت میں ایسی جگہوں پر آویزاں کریں کہ طلبا جب اس سرگرمی کو کرنا چاہیں تو وہ اپنی مرضی کا عنوان منتخب کر سکیں۔ ایک بات کا خیال رکھیں کہ طلبا سے ان کی پہلی اور دوسری پسند ضرور پوچھیں۔ کیوں کہ ہو سکتا ہے کہ کسی ایک عنوان پر زیادہ بچے کام کرنا چاہیں تو انھیں ان کی دوسری پسند/چوائس پر بھیجا جا سکتا ہے اسی طرح جس عنوان پر بچوں کی تعداد کم ہو تو انھیں دوسری پسند کی جانب موڑ دیں۔

## قابلیت پر مبنی گروپ:

زبان اور ریاضی کے مضامین سے متعلق سرگرمیاں کرواتے ہوئے بہت منظم انداز میں گروپ کی تشکیل کی جاتی ہے۔ یہ قابلیتی گروپ کہلاتا ہے۔ اس گروپ میں طلبا ان سرگرمیوں پر کام کرتے ہیں جو اُن کی سیکھنے کی ضرورت کو پورا کرتی ہیں۔ ایک ملٹی گریڈ جو کہ چوتھی اور پانچویں جماعتوں کے طلبہ پر مشتمل ہے۔ دونوں کو ملا کر ہر ایک میں تینوں قابلیتوں کے طلبہ اپنی سمجھ بوجھ کے اعتبار سے شامل ہیں آپ کے پاس چوتھی جماعت سے تعلق رکھنے والے طلبہ ریاضی کے مشکل گروپ میں شامل ہوں یا پانچوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ قدرے آسان حاصلات تعلم کے لیے ریاضی کے گروپ میں کام کر رہے ہوں۔

## قابلیتی گروپ میں طلبہ کی شمولیت:

یہ گروپ استاد خود تشکیل دیتا ہے کیوں کہ وہ ان مخصوص مضامین میں طلبا کی انفرادی قابلیتوں کو جانتا اور سمجھتا ہے۔ اُستاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے کمرۂ جماعت میں موجود تمام طلبہ کی مختلف مضامین میں قابلیت کے بارے میں معلومات اکٹھی کرے۔ اُستاد اپنے مشاہدہ سے بچوں کے گزشتہ ٹیسٹوں کے نتائج، تجزیہ کے لیے کچھ مثالی کام کی مدد سے بچوں کو صحیح گروپ میں رکھ سکتا ہے۔ اگر استاد نے تعلیمی سال کے آغاز میں تمام طلبا کا ڈیٹا اپنے پاس محفوظ کیا ہوا ہے تو شروع میں یہ بہتر ہوگا کہ طلبہ کے گروپس بنانے کے لیے جماعتی گروپس بنائے جائیں۔ اس طرح اُستاد کو بہتر طریقے سے اندازہ ہو جائے گا کہ کون سا بچہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے اور کسے مزید کسی رہنمائی کی ضرورت ہے۔

## گریڈ کی ترتیب سے گروپ بندی/ گریڈ گروپس/ جماعتی گروپ:

ملٹی گریڈ میں کبھی کبھار جماعت لیول پر بھی گروپ بنانے پڑتے ہیں۔ کیوں کہ کچھ سرگرمیاں ایسی ہوتی ہے جو کسی مخصوص کلاس کے لیے ہی مناسب ہوتی ہیں۔۔ مثال کے طور پر آپ جماعت اوّل، دوم اور سوم کو پڑھا رہے ہیں اور آپ ایسی سرگرمی کروا رہے ہیں جو الگ الگ جماعتوں کے بچوں کو کرنا ہی مقصود ہے۔ اس کے لیے آپ کو تین گروپ بنانے ہوں گے۔

ہر گریڈ میں بچوں کی تعداد کے باعث گروپ کی یہ تعداد یکساں نہیں ہو سکتی ہے۔ اگر آپ مخصوص مقاصد کے حصول کے لیے گریڈز میں خاص سرگرمی کرواتے ہیں تو آپ کو اوپر دیے گئے گروپ بندی کے طریقہ کار کو اپنانا ہو گا۔

# ہینڈ آؤٹ نمبر 6: گروپ ورک کیسے کروائیں؟

کسی بھی گروپ میں کامیابی اور ناکامی کا دار و مدار گروپ کی ساخت پر ہے۔ اگر اسے بغیر سوچے سمجھے تیار کیا جائے تو وہ منظم نہیں ہو سکیں گے اور گروپ ورک کی ناکامی سے مطلوبہ مقاصد حاصل نہیں ہو سکیں گے۔

گروپس کی ساخت کے دو اہم حصّے ہیں۔

1. گروپ بنانے کے طریقہ کار کا منظّم ہونا/ گروپس بنانے کے طریقہ کار کی بنیاد۔
2. گروپس میں دیے جانے والے کام کو منظّم ہونا/ گروپس میں دیے جانے والے کام کی ترتیب و تنظیم

**گروپ بنانے کے طریقہ کار کا منظّم ہونا: گروپس میں طلبہ کا کردار**

چھوٹے گروپس میں طلبا کو انفرادی کام دینے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے ؟

اس کی بہت سی وجوہات ہو سکتی ہیں۔

- گروپس کو منظّم رکھنے کے لیے
- اعلیٰ سطح پر سوچنے کی مہارت کو استعمال کرنے کے مواقع فراہم کرنا۔
- گروپس سے باہر نکلنے والے ممبرز کو گروپ پر غالب ہونے سے روکنا۔
- جھجکنے والے طلبہ کو کام کرنے میں شریک ہونے کے لیے مدد فراہم کرنا۔

جو سبق پڑھایا جا رہا ہے اس میں طلبا کے کرداروں کی تقسیم اسی صورت ممکن ہے جب اس مخصوص سبق کے حوالے سے گروپ میں کام کی تفویض اور کس طرح اسے بحیثیت ٹیم انجام دینا ہے، درست انداز میں طے کر لیا جائے۔

ذیل میں دیے گئے جدول میں بچوں کی ذمہ داریوں اور ان ذمہ داریوں کے تحت کروائے جانے والے کاموں کی فہرست دی گئی ہے جو کہ اساتذہ کے لیے بہت سود مند ثابت ہو سکتی ہے۔ یہ سرگرمیاں بیک وقت بچوں میں تقسیم نہیں کی جا سکتیں بلکہ جو سبق پڑھایا جا رہا ہے، اس کے مقاصد کو مدِ نظر رکھ کر ان مخصوص ذمہ داریوں کو منتخب کیا جائے۔

| کردار/ذمہ داری | تعریف |
|---|---|
| اندراج کرنے والے، ریکارڈ کرنے والا، محفوظ کرنے والا | نکات لکھنا اور ریکارڈ/ محفوظ رکھنا۔ |
| کوآرڈینیٹر/ معاون/ رابطہ کرنے والے | وقت کا خیال رکھنا، گروپس میں طلبہ کو کام پر مرکوز رکھنا، اس بات کی یقین دہانی کرنا کہ گروپس میں طلبہ ہدایات کے مطابق کام کر رہے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| تحقیق کرنے والا | نوٹس اور مواد کے برعکس تجاویز کو چیک کرنا۔ |
| رپورٹر | سبق کے اختتام پر جماعت کو تشریح فراہم کرنے والا۔ |
| سوال کرنے والا | سوالات کے دعوے اور اندازے بے شمار رائے کو جنم دیتے ہیں۔ |
| واضح کرنے والا | اس بات کی یقین دہانی کرنا کہ تمام گروپس دیے گئے کام کرنے کی ہدایات کو سمجھ گئے ہیں۔ اگر کچھ واضح نہیں ہے تو اس کی وجوہات تلاش کرنا۔ |
| حوصلہ افزائی کرنے والا | دوسرے افراد کی رائے لینا اور اچھا خیال پیش کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کرنا۔ |
| نگراں | گروپس کی جانب سے متعلقہ طور پر کیے گئے سوالات اُستاد کو بتانا۔ گروپس سے مواد حاصل کرنا، فولڈرز/ فائل اور دیے جانے والے کام کو واپس لینا۔ |
| خلاصہ کرنے والا | کام مکمل ہونے پر اس کا خلاصہ بیان کرنا۔ |
| جانچنے والا | عنوانات کا تنقیدی جائزہ لینا اور شمولیات کو فروغ دینا جس سے گروپ کے اندر گفتگو بڑھتی ہے۔ |

## گروپ کی تشکیل میں ایسے طلبہ کی شمولیت جو اپنی ذمہ داریوں/کردار سے واقف ہوں

اُستاد کو چاہیے کہ سبق کی سر گرمی شروع کرنے سے پہلے، طلبہ میں ذمہ داریوں کی تقسیم سے متعلق آگاہی پیدا کرے۔

اُستاد کو طلبہ کے ساتھ اس بات پر تبادلہ خیال کرنے کی ضرورت ہے کہ ایک رپورٹر، کوآرڈینیٹر، حوصلہ افزائی کرنے والا کو کیا کرنا چاہیے؟

ان کے جوابات تختہ سیاہ یا چارٹ پیپر پر لکھوا کر آویزاں کریں۔

یوں سیشن کے اختتام پر اُستاد طلبہ کو ہدایات دے کہ وہ ٹیم میں بیٹھ کر تبادلہ خیال کریں کہ جو ذمہ داریاں/کردار طلبہ کو دیے گئے تھے۔

انھوں نے ان کے درجات کا کیا مشاہدہ کیا۔ نیز گروپس میں کام کرنے کے لیے یہ افراد کیسے مددگار ثابت ہوئے؟

ایک اور ذریعہ ذمہ داریوں کی آگاہی پیدا کرنے کا یہ ہے کہ ہر ایک سے اُس کے کردار کے بارے میں پوچھیں۔ مثلاً سیشن کے اختتام پر تمام کوآرڈینیٹر ایک دوسرے سے اپنے تجربات شیئر کریں کہ انھوں نے اپنا کردار کیسے نبھایا۔

## گروپس کو منظّم کرنا: بولنے کے لیے/بات کرنے کے لیے اپنی باری کا انتظار کرنا

اس سر گرمی کا مقصد طلبا میں نہ صرف اظہار رائے کے لیے اعتماد پیدا کرنا ہے بلکہ انھیں ایک دوسرے کی رائے سن کر اس کا احترام کرنا بھی سکھانا ہے۔ طلبا کو ایک دائرے میں بٹھائیں اور بات چیت کا آغاز کریں۔ ان کے ابتدائی خیالات سنیں۔ ہر ایک ممبر کو بولنے کا موقع فراہم کریں۔ لیکن انھیں اس اُصول پر سختی سے کاربند کروائیں کہ جب ایک طالب علم بات کر رہا ہو سب اسے غور سے سنیں اور اپنی باری پر ہی بولیں۔ استاد اس دوران دائرے کا چکر لاتے ہوئے سر گرمی کا جائزہ لیتے رہیں۔

ذیل میں بچوں کو اپنی باری پر بولنا سکھانے کے لیے کچھ تجاویز دی گئی ہیں۔

گروپس کو ایک گیند یا کوئی اور بے ضرر چیز دیں جس کو آسانی سے وہ ایک دوسرے کی طرف پھینک سکیں۔(کاغذ کے ٹکڑوں کو اکٹھا کر کے گیند بنا کر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔)ذیل میں دیے گئے اُصول بچوں کو بتائے جائیں:

- آپ صرف اُس وقت بول سکتے ہیں جب گیند آپ کے ہاتھ میں ہو۔
- جب آپ اپنی بات ختم کر چکے تو گیند اُس فرد کی طرف پھینکیں جس نے آپ کو کوئی اشارہ کیا ہو کہ اب وہ بات کرنا چاہتا/چاہتی ہے۔ یا
- گیند اُس فرد کی طرف پھینکیں جس کی بات/رائے آپ سُننا چاہتے ہیں۔

## کام/سرگرمی کی تیاری یا منصوبہ بندی

باہمی تعاون کے عمل کی کامیابی کے لیے محض ذمہ داریاں تقسیم کرنا اور بات چیت کے لیے مواقع فراہم کرنا کافی نہیں بلکہ اس سرگرمی کے دوران پیش آنے والے مسائل، معلومات کی ترسیل اور شراکت اور مقاصد کے حصول کے لیے حاصلات تعلم کے واضح تصور کو طلبا تک پہنچانا، گروپس میں کام کی اہم ضرورت ہے۔ سرگرمی کی نوعیت کے مطابق ان تینوں پہلوؤں کی اہمیت مختلف ہوتی ہے۔

## ٹیم/گروپس کی پیشکش:

گروپس میں دیے جانے والے کام کو دیکھنے کے لیے کہ جو سرگرمی انھیں دی گئی تھی کیا اُنھوں نے ہدایات کے مطابق مکمل کی ہے یا نہیں؟

اس کے لیے اُستاد گروپ سے پیشکش لے یا پوری جماعت سے سرگرمی کے خاص خاص نکات/پوائنٹس کا خلاصہ بیان کرنے کو کہے۔

اکثر اوقات پیشکش سبق کے آخر میں، موضوعاتی یونٹ کی پڑھائی کے اختتام پر یا سمسٹر کے آخر میں لی جاتی ہے۔ چھوٹے گروپس واضح اور سادہ لیکن دلچسپ انداز میں اپنے کام کا خلاصہ پوری جماعت کے سامنے زبانی پیش کریں۔

ذیل میں اپنے کام کی پیشکش کے لیے مزید تجاویز دی گئی ہیں:

- زبانی پیشکش: جس کے لیے گروپ کو تصاویر فراہم کی جائیں
- ڈرائنگ، کارٹون، نظم یا کہانی کی صورت میں پیشکش۔ جماعت کے سامنے بیان کرنا جس پر جماعت تبادلہ خیال کر سکے۔
- خاکہ یا ڈرامے کی صورت میں پیشکش۔
- نیم رسمی بحث یا گروہی گفتگو اُس وقت موثر ہوں گے جب کسی ایک نقطے پر خیالات میں اختلاف پایا جائے یا اُسی نقطے کے بارے میں بہت سے ممکنہ خیالات کے حامی افراد ہوں۔
- گروپ باقی جماعت کے ممبر کو ان کے عنوان سے مختلف سوالات کرنے کے لیے باقاعدہ مدعو کرے۔

## اختتام

گروپ ورک کے اختتام میں طلبہ کو بامعنی طریقے سے غور و فکر کرنے کی دعوت دیں انھوں نے جو کام کیا ہے وہ کس نوعیت کا ہے تا کہ اس سے گروپ میں کام کرنے کے مطلوبہ نتائج کو سمجھنے میں مدد مل سکے۔

اپنے خیالات / تصورات / ادراک کا تبادلۂ خیال دوسروں کے ساتھ کرنے کے لیے تختہ سیاہ کو استعمال کرتے ہوئے اس پر اس کی فہرست تیاری کی جائے۔اس سرگرمی کو کرنے کے لیے طلبہ دائرے میں بیٹھیں۔اُستاد دائرے میں کھڑا ہو اور طلبہ کو ہدایات دے کہ وہ ان لکھے ہوئے جملوں میں سے ایک کا انتخاب کرے۔

کسی طالب علم کا انتخاب کریں اور اُسے جملہ شروع کرنے کو کہیں اور پھر اُسے کسی طریقے سے مکمل کروائیں۔یعنی

- آج میں نے سیکھا ________________
- مجھے سب سے زیادہ دلچسپ وہ کام لگا جب ________________
- میں اس کے بارے میں مزید جاننا چاہتا ہوں ________________
- مجھے یہ جان کر حیرت ہوئی جب ________________
- مجھے اس کام کو سمجھنے میں دشواری ہوئی جب ________________

# ہینڈآوٹ نمبر 7: سبق کی منصوبہ بندی (لیسن پلان)

| پہلا دن | PNC (قومی نصاب) کے مطابق | | کثیر الجماعتی سبق: | |
|---|---|---|---|---|
| مہینہ: دسمبر 2021 | حاصلاتِ تعلم | | یونٹ/سبق | موضوع |
| جماعت | | ▪ | ▪ | ▪ |
| | | ▪ | | |
| درکار اشیا/وسائل/ذرائع | ▪ | | | |
| معلومات برائے اساتذہ | ▪ | | | |
| وقت: | | | | |

| تدریسی اشارے | | پہلا دن |
|---|---|---|
| سرگرمی 1 : | ملٹی گریڈ | |
| ▪ | | |
| سرگرمی 2 : | ملٹی گریڈ | |
| ▪ | | |
| گھر کا کام: | | |
| ▪ | | |
| سرگرمی : جائزہ | ملٹی گریڈ | |
| ▪ | | |
| گھر کا کام: (2منٹ) | | |
| ▪ | | |

# ہینڈآؤٹ نمبر 8: ملٹی گریڈ سبق کی منصوبہ بندی کے لیے رہنمائی

اس ہینڈ آوٹ میں شرکا کے لیے ہدایات ہیں، جس میں ملٹی گریڈ لیسن پلان ڈویلپمنٹ اور ریویو چیک لسٹ پر ہر آئٹم کے لیے مصنفین اور جائزہ لینے والوں کے لیے رہنمائی شامل ہے۔

1. ملٹی گریڈ سبق میں سب سے پہلے جن گریڈز کے لیے سبق کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے اُس کا نام لکھنا ضروری ہے، پھر دونوں گریڈز کے لیے انتخاب کیے گئے سبق کے عنوان یا موضوع کو واضح کیا جائے۔
2. **حاصلاتِ تعلّم:** تعلیمی کیلنڈر/قومی نصاب کے مطابق SLOs واضح طور پر بیان کیے گئے ہوں۔
   - تعلیمی کیلنڈر کے مطابق دونوں گریڈز کا ایک ایک یا ملتا جلتا SLO لیں جس کے لیے کم از کم ایک سبق تیار کیا جانا چاہیے۔
   - اگر SLOs کی تکمیل کے لیے، ایک سے زیادہ پیریڈز درکار ہیں تو مقصد کو پورا کرنے کے لیے دو یا تین لیسن پلان بنائیں۔
3. **وقت کی پابندی اور انتظام:** سبق کی منصوبہ بندی کرتے وقت، سرگرمیوں کی ساخت اور مواد اور دیگر عناصر کے لیے سوچ سمجھ کر وقت تقسیم کیا جائے تاکہ ایک بہترین لیسن پلان بنایا جاسکے جو کہ وقت کی انتظام کاری کا واضح ثبوت فراہم کرے۔
4. **اساتذہ کے لیے معلومات:** اساتذہ کے لیے تمام ضروری معلومات واضح اور آسان الفاظ میں فراہم کی جائیں جس سے انہیں سبق پڑھانے سے پہلے رہنمائی مل سکے۔ سبق کی منصوبہ بندی کے اس حصے کو واضح طور پر بیان کرنا چاہیے تاکہ درج ذیل نکات کا احاطہ کیا جاسکے:
   - سبق میں کون سے بنیادی تصورات کو پڑھایا جانا ضروری ہے۔
   - سبق یا سرگرمی کیسے کروائی جائے گی عمل اور یہ سب کروانے کے لیے ہدایات کیسے دی جائیں۔
   - طلباء کو متحرک اور سبق میں بنائے رکھنے کے لئے کیا کرنا ہوگا۔
5. **تدریسی اشارے (سرگرمیوں کی تفصیل) :** ملٹی گریڈ سبق کی منصوبہ بندی میں سرگرمیوں کا ایک واضح مقصد ہے جو کے دونوں گریڈز کے مجموعی مقاصد سے منسلک ہوتا ہے۔ ان کی وضاحت ایسی زبان میں کی جائے جو دونوں گریڈز کے طلبہ کو سمجھنے اور پیروی کرنے میں آسان ہو اور مقاصد کو پورا کرنے میں مددگار بھی ہو۔

ملٹی گریڈ کے لیے سرگرمیاں لکھنے کا انداز ہر کسی کا مختلف ہوسکتا ہے۔ تاہم، یہاں کچھ ایسی تجاویز ہیں جن پر اساتذہ عمل کرکے مناسب انداز میں سبق پلان کرسکتے ہیں۔

- یقینی بنائیں کہ اس سرگرمی کا سبق کے آغاز میں بیان کردہ SLOs کے ساتھ براہ راست تعلق ہو۔ سرگرمی کے سیکھنے کے مقاصد کو ان مجموعی SLOs کا حصہ ہونا چاہیے۔

- سرگرمی کو نافذ کرنے کے لیے درکار وسائل کو واضح طور پر بیان کریں۔ سرگرمیوں کے لیے کم قیمت یا بغیر قیمت ایسے مواد کا انتخاب کریں جو سکول میں آسانی سے دستیاب ہوں۔
- زیادہ تر سرگرمیوں میں، براہ کرم اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کریں کہ بچے اپنے ردعمل کو دوسروں کے ساتھ شیئر کریں۔ بات چیت کے لیے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ سرگرمی میں بچوں کی زیادہ سے زیادہ شرکت ممکن ہو۔ جس میں سوالات اور بچوں کی متعلقہ تصور کے حوالے سے رائے شامل ہو۔
- سرگرمی کے ذریعے حاصل کردہ علم اور مہارت کو مزید بڑھانے کے لیے کچھ مناسب اشارے فراہم کریں۔ جیسے شاباش! بہت اچھا وغیرہ نتیجہ: سبق کے اختتام نے اسباق کے دوران سکھائے گئے SLOs کی تقویت کو یقینی بنایا ہے۔

6. **خلاصہ:** سبق کے اس حصے کو واضح طور پر تقویت دینی چاہیے کہ ہم نے آج کیا سیکھا ہے اور اگر ضرورت ہو تو آگے کیا ہوگا۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ سبق اچانک ختم نہ ہو۔ سبق کے تصورات کے دہرائی کے لیے چند منٹ نکالیں۔

7. **جائزہ:** سبق کی منصوبہ بندی میں دورانِ تدریس جائزہ مختلف طریقوں سے لیا جانا چاہیے۔ جسے SLO اور ہدایات کے ساتھ منسلک کیا جانا چاہئے۔
   - تشخیصی سرگرمیاں واضح طور پر لکھی جانی چاہئیں اور یہ زبانی سوالات، تحریری سوالات، نصابی کتاب میں سبق کے آخر میں واضح حوالہ (صفحہ نمبر اور ایڈیشن) کے ساتھ دی گئی مشق، یا پروجیکٹ وغیرہ ہو سکتی ہیں۔ (شرکا کے لیے مزید تفصیلات آگے جائزہ سے متعلقہ ہینڈ آوٹ میں دی گئی ہیں)

8. **ہوم ورک:** جہاں مناسب ہو ہوم ورک درسی کتاب یا سبق کی ضرورت کے مطابق دیا جائے۔

## ہینڈآوٹ نمبر 9: طریقۂ تدریس

| Subject | Teaching Technique |
|---|---|
| English | LASACAWAC |
| Urdu | Field trip |
| Science | Problem Based Learning |
| Islamiat | Role play |
| Mathematics | Practical work approach |
| Social Studies | Inquiry/Investigation |

### 1. LASACAWAC

*Look–say-cover–write–check*’ is a positive strategy for teaching spelling. It is a technique that helps students to acquire and extend their visual perception of words. It is recommended that teachers use this strategy regularly in their classrooms.

I. Write the word on a piece of paper – an A4 sheet divided into four is ideal.

II. The student **looks** at the word as you say it in a normal speaking voice – that is with no distortion of the pronunciation.

III. The student **says** the word while still looking at it.

IV. The paper is **covered** or turned face down.

V. The student **writes** the word from memory.

VI. The student **checks** to see if the spelling is correct. If it is, it can be entered into the student’s wordbook (a book maintained all year round of words the student can spell).

If not, the error should be discussed and stages (ii) to (vi) repeated.

**Reference:** SNC 2021 – English Page # 66 – 67

### 2. FIELD TRIP

#### مطالعاتی دورہ

اس طریقہ کار کے تحت، مشاہدے اور معلومات کو اکٹھا کرنے کے لیے طلبہ کو کے اندر اور باہر مختلف مقامات پر لے جایا جا سکتا ہے۔ اس سے بچوں کو مختص کردہ موضوع کے بارے میں حقیقی زندگی اور اپنے ماحول سے مشاہدے کے بعد معلومات اکٹھا کرنے کا موقع ملتا ہے جیسے پرندوں، پھلوں، کیڑوں مکوڑوں، معاشرتی مسائل یا اہم تاریخی عمارات سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے فیلڈ ٹرپ کا انعقاد کیا جائے۔ اس کے اختتام پر طلبہ کو بولنے اور لکھنے کی سرگرمیاں دی جائیں۔

حوالہ: یکساں قومی نصاب برائے اردو 2020۔اول تا پنجم — صفحہ نمبر 66

### 3. PROBLEM-BASED LEARNING

Problem-based learning (PBL) is the type of classroom organization that supports a constructivist approach to teaching and learning. Guided by teachers acting as cognitive coaches, learners develop critical thinking, problem solving, and collaborative skills as they identify problems, formulate hypotheses, conduct data searches, perform experiments, formulate solutions and determine the "best fit" of solutions to the conditions of the problem. Problem-based learning will enable learners to embrace complexity, find relevance and enjoyment in their learning, and enhance their capacity for creative and responsible real-world problem solving. Teachers will assume the role of cognitive coach rather than knowledge-holder and disseminator and learners will be the active problem-solvers, decision-makers, and meaning-makers rather than passive listeners. To design a problem- based learning experience for the learners various sequential steps are required such as:

- Identify a problem suitable for the learners.
- Connect the problem with the context of the learners world so that it presents real/authentic opportunities.
- Organize the subject matter around the problem, not the discipline.
- Give learners the responsibility for defining their learning experience and planning to present among peers.

**Reference:** Single National Curriculum 2020 for General Science – Page Number 51 – 52

### 4. Role Play

#### کردار کاری اور تمثیل کاری

کردار کاری اور تمثیل کاری کے ذریعے طلبہ کو اعتماد سے بات کرنے، مکالمہ تیار کرنے اور پیش کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر پیش کرنے میں شرکت کا احساس پیدا ہوتا ہے اور تخلیقی اور تخیلاتی صلاحیتوں کی نشو و نما ہوتی ہے۔ اساتذہ موضوع کے انتخاب میں اور مختلف کرداروں کے چناؤ میں طلبہ کی مدد کریں اور مختلف طرح کے مکالمے لکھنے، بولنے اور عملی طور پر پیش کرنے میں ان کی راہ نمائی کریں۔ کردار کاری اور تمثیل کاری کے موضوعات کا انتخاب طلبہ کے ماحول سے ان کے مشاہدے اور تجربے کو مدنظر رکھ کر کیا جائے۔

Role-playing is a teaching strategy in which students learn by acting and observing, where some students act out a scenario in front of the class. Students learn the content being presented and also develop problem solving, communication, initiative and social skills. As students examine their own and others' feelings, attitudes and perspectives, they develop an understanding of themselves and others. If students are asked to write the content of role-plays themselves rather than simply enacting roles handed to them it will enable them to connect and process information, and be creative. However, for early grades students, teachers have to facilitate them in conducting role-plays.

**Conducting Role-Plays**

i. Determine the purpose of role-play, appropriateness to the objectives, and its suitability for the age group.

ii. Write a role-play

iii. Teacher or students develop a realistic situation and decide how to portray it (newscast, courtroom scene, press conference, puppet show, talk show, panel discussion, drama).

iv. Define the problem or issue in the situation that the role-players have to deal with.

v. Determine the number of role-players needed.

vi. Develop short, specific roles for each person.

vii. Determine the time for each role play.

viii. Develop a set of questions for the post role-play discussion.

While students are acting, ensure that the rest of the students are attentive and observe the role-play. Teachers must allow students enough time to read and understand their role and prepare to enact it. Also, teachers may involve the rest of the class by having them suggest questions for the discussion to follow.

After the role-play, teacher reviews it with the class then opens the discussion of the class ensuring they discuss only the role-play's content. If discussing a problem, students can explore alternative solutions to it. Summarize the role-play, focusing on student's understanding of the problem/issue that was being dramatized and/or attempt to solve the problem.

The teacher can assess concept understanding, ability to communicate an issue/ problem, etc. through observation and asking questions. The social skills, developed while preparing and conducting the role-play, can be assessed through a checklist.

Reference:

یکساں قومی نصاب برائے اردو 2020۔اول تا پنجم–صفحہ نمبر 67

یکساں قومی نصاب برائے اسلامیات 2020۔اول تا پنجم–صفحہ نمبر 51

Single National Curriculum 2020 for General Knowledge – Page Number 56 – 57

## 5. PRACTICAL WORK APPROACH

In this approach, learners manipulate concrete objects and/or perform activities to arrive at a conceptual understanding of phenomena, situation, or concept. Activities can be done in the garden, in the yard, in the field, in the school grounds, or anywhere as long as the safety of the learners is assured.

**Reference:** Single National Curriculum 2020 for Mathematics – Page Number 70

## 6. Inquiry/Investigation

Inquiry/ investigation is a process of framing questions, gathering information, analyzing it and drawing conclusions. An inquiry classroom is one where students take responsibility for their learning and are required to be active participants, searching for knowledge, thinking critically and solving problems. The inquiry approach develops students' knowledge of the topic, enhance

investigative /inquiry techniques, skills of questioning, hypothesizing, information gathering, critical thinking, analyzing the situations, reporting and presentation skills.

The outcome of an inquiry can be assessed through:

- Observation: students' abilities and skills can be observed during each stage of the inquiry/investigation. For example, you can observe a student conducting an interview, looking for relevant information in the library or making a graph. Teachers can provide detailed descriptive feedback to the students on their abilities and skills observed.
- Documents' analysis: Teacher can ask students to share anything they have documented during the process of inquiry, including notes made from material read, analysis of findings, etc. Teachers can give marks on the relevance of material accessed, and analysis of information etc.
- Written or oral presentations: written or oral presentations can be marked in terms of the quality of content, creativity in the presentations, ability to answer questions.

**Reference:** Single National Curriculum 2020 for Social Studies – Page Number 36

# ماڈیول
# 6

## سبق کی منصوبہ بندی اور جائزہ کی حکمتِ عملیاں



# پانچواں دن

## ماڈیول 6: سبق کی منصوبہ بندی اور جائزہ کی حکمتِ عملیاں

### مقاصد

شرکا اس قابل ہو جائیں گے کہ:

1. لیسن پلان کے اہم جُزا سیسمنٹ اور اس کی مختلف اقسام سے آگاہ ہو سکیں۔
2. فارمیٹیو اسیسمنٹ کی مختلف حکمت عملیوں کو استعمال اپنے لیسن پلان کر سکیں۔
3. فیڈ بیک اور تدریسی ہدایات میں ایڈ جسٹمنٹ کے طریقوں سے واقف ہو سکیں۔
4. لیسن پلان چیک لسٹ کا استعمال اپنے بنائے ہوئے سبق کی جانچ کے لیے کر سکیں۔

### تدریسی مواد

چارٹ پیپرز، مارکرز، ٹیپ، ملٹی میڈیا، تمام مضامین کے یکساں قومی نصاب، فارمیٹیو اسیسمنٹ ریسورس بکس، سبقی منصوبہ بندی/لیسن پلان کا چارٹ، لیسن پلان/سبقی اشارے فارمیٹس

### سرگرمی 1: 09:00 – 09:30 تلاوت اور پچھلے دن کا اعادہ

**شرکا کے تاثرات**

درج ذیل سوالات پر گفتگو کریں:

1. کل میں نے کیا نئی بات سیکھی؟
2. کل کے سیشن میں زیرِ بحث لائے گئے موضوع میرے طریقہ تدریس سے کس طرح مختلف ہیں؟
3. کس موضوع پر ہمیں مزید گفتگو کرنے کی ضرورت ہے؟

## سرگرمی 2: | 09:30 – 10:45 | جائزہ اور اس کی اقسام

**Brain storming**

1. Assessment کا لفظ بورڈ پر لکھیں اور شرکا سے پوچھیں "لفظ اسیسمنٹ سن کر یا پڑھ کر سب سے پہلے آپ کے دماغ میں کیا آتا ہے؟"
2. شرکا کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں۔ **ہینڈ آؤٹ 1** کی مدد سے جائزہ کے تصور، مقاصد اور اس کی اقسام کا تعارف کروائیں اور ان کی افادیت پر گفتگو کریں۔
3. شرکا کو بتائیں کہ ملٹی گریڈ میں ہم طلبہ کی زیادہ تر اسیسمنٹ دورانِ تدریس (Fomative Assessment) کرتے ہیں۔ اس لیے ہمیں یہ فرق واضح ہونا چاہیے کہ ہم سرگرمی کو کس مقصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔
4. فارمیٹیو اسیسمنٹ تدریس کی بنیادی مہارتوں میں سے ایک ہے۔ یہ جائزہ اساتذہ طلبہ کو پڑھاتے ہوئے کرتے ہیں تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ انھیں پڑھایا گیا تصور سمجھ آگیا ہے یا نہیں۔ اگر طلبہ کو سمجھ نہ آئے تو اساتذہ اسے مختلف طریقوں سے دوبارہ پڑھاتے ہیں۔ ایک مکمل تدریسی عمل درج ذیل بنیادی مہارتوں پر مبنی ہوتا ہے:
   - پلاننگ کرنا
   - توقعات بتانا
   - تدریسی ہدایات پر عمل کرنا
   - طلبا کو سیکھنے کے عمل میں سپورٹ کرنا
   - طلبا کی تفہیم کا جائزہ لینا
   - فیڈبیک دینا
   - تدریسی ہدایات کو ایڈجسٹ کرنا
5. اب ہم اسٹیپ 5 پر ہیں اور اگلی سرگرمی میں ہم فارمیٹیو اسیسمنٹ کے دیگر عوامل زیرِ بحث لائیں گے۔

## چائے کا وقفہ | 10:45 – 11:00

## سرگرمی 3: | 11:00 – 12:15 | دورانِ تدریس جائزہ کی حکمتِ عملیاں

**شرکا کے 6 گروپس بنائیں۔**

1. فارمیٹیو اسیسمنٹ کی حکمتِ عملیوں پر مبنی ریاضی، سائنس اور انگریزی کے کتابچے اس طرح دیں کے دو گروپس کے پاس سائنس، دو کے پاس ریاضی اور دو گروپس کے پاس انگریزی کے کتابچے ہوں۔
2. کتابچوں کے عنوان ایک ایک کرکے شرکا کے ساتھ شیئر کریں (عنوان کے لیے **ہینڈ آوٹ 2** پڑھیں)۔

3. 20 منٹ کا وقت دیں تاکہ ہر گروپ فارمیٹیو اسیسمنٹ کی حکمتِ عملیوں کو بغور پڑھ سکیں۔
4. دیے گئے قت کے بعد ہر گروپ کو ۱۰ منٹ مزید دیں اور مضمون کے لحاظ سے کوئی تین حکمتِ عملیوں پر گروپ میں ڈسکشن کروائیں۔ یہاں جگ سا ریڈنگ کے ذریعے بھی سرگرمی کروائی جاسکتی ہے۔
5. 10 منٹ کے بعد ہر گروپ کو اپنی حکمتِ عملیوں کو تمام شرکا کو پریزنٹ کرنے کا موقع دیں۔

**نوٹ:** یہاں شرکا کو یہ بات واضح کریں کے سبق کی منصوبہ بندی کے دوارن وہ ان حکمتِ عملیوں کو سبق میں شامل کریں گے، جس کی بنیاد پر ان کے سبق کی جانچ کی جائے گی۔

## سرگرمی 4: | 12:15 – 01:00 | فیڈبیک اور ٹیچنگ ایڈجسٹمنٹ

1. اب ہر گروپ سے کہیں کہ وہ کسی بھی ایک حکمتِ عملی کو منتخب کریں اور اس کی مدد سے کسی بھی مضمون کے لیے سرگرمی پلان کریں۔
2. 15 منٹ کے بعد وہ سرگرمی تمام شرکا کو demonstrate کرکے دکھائیں۔
3. ہر سرگرمی کے اختتام درج ذیل نکات پر بحث کریں:
   - آپ طلبہ کو فیڈبیک کیسے دیں گے؟
   - اگر چند طلبہ نہ کرپائے تو آپ کیا کریں گے؟
   - اگر زیادہ تر طلبہ نہ کرپائے تو آپ کیا کریں گے؟
   - اپنی تدریسی ہدایات کو کس طرح ایڈجسٹ کریں گے؟
   - ضرورت پڑنے پر آپ کس سے مدد حاصل کرسکتے ہیں؟
4. ہینڈ آؤٹ 3 اور 4 کی مدد سے فیڈبیک اور تدریسی ہدایات کو ایڈجسٹ کرنے کے اہم نکات پر گفتگو کریں۔

## نماز اور کھانے کا وقفہ | 01:00 – 02:00

## سرگرمی 5: | 02:00 – 04:20 | سبق کی منصوبہ بندی کی مشق

1. شرکا کے جوڑے بنائیں اور ہر جوڑے کو ایک ECCE-Grade 1, Grade 2-Grade 3, Garde 4-Grade 5 کے لیے مضمون منتخب کرنے کہیں جس پر ہر ملٹی گریڈ کے لیے ایک ایک لیسن پلان بنایا جائے گا۔
2. شرکا کو پہلے سے بنائے گئے ملٹی گریڈ کے تعلیمی کیلنڈر میں سے حاصلات تعلم کے مطابق موضوع سلیکٹ کرنے کی ہدایت دیں۔
3. انھیں وقت دیں کہ وہ اچھی طرح سمجھ کر اپنے لیسن کے لیے موضوع اور اس کے حاصلات تعلم منتخب کرسکیں۔
4. شرکا کو لیسن پلان فارمیٹ دیں اور انھیں اس کے مطابق پلاننگ کی ہدایت دیں۔

5. ہر جوڑے کو رہنمائی کے لیے منتخب کیے ہوئے لیسن پلان **ہینڈ آؤٹ 5** پڑھنے کے لیے وقت دیں۔
6. پہلے ایک ملٹی گریڈ کے لیسن پلان کے لیے ۱۵ منٹ کا وقت دیں۔ اور کم سے کم سائنس، انگریزی، ریاضی اور اردو کے ایک لیسن پلان کو لے کر تمام کلاس کے ساتھ شئیر کریں۔
7. اس دوران جہاں لیسن پلان کے کسی بھی حصے میں بہتری کی ضرورت ہو تو شرکا کی رہنمائی کریں۔
8. اسی طرح Grade 2-Grade 3 اور Garde 4-Grade 5 ملٹی گریڈ کے لیسن پلان کے لیے ۳۰ منٹ کا وقت دیں۔

**نوٹ:** سہولت کار اس سرگرمی کی مشق کرواتے ہوئے یہ بات یقینی بنائے کہ ہر جوڑے، ہر مضمون اور ہر ملٹی گریڈ کا لیسن پلان زیر بحث لایا جائے تاکہ شرکا تدریسی مشق کے لیے تیار ہو جائیں۔ مزید یہ کہ شرکا کو یہ واضح کر دیا جائے کہ وہ گھر سے Multigrade Demo Lesson کی تیاری کر کے آئیں۔ شرکا کو بتائیں کہ وہ اگلے دن تدریس کے لیے اپنا تدریسی مواد بھی بنا کر لے جائیں یا گھر سے ہی تدریسی مواد بنا کر لائیں گے۔

## سرگرمی 6: | 04:20 – 04:45 | سبقی منصوبہ بندی چیک لسٹ

1. اس سرگرمی میں شرکا انہی جوڑوں میں کام کریں گے اور ساتھی شرکا کے بنائے ہوئے لیسن پلان کی جانچ لیسن پلان چیک لسٹ کے ذریعے کریں گے۔
2. شرکا کو لیسن پلان چیک لسٹ فراہم کریں۔
3. **ہینڈ آؤٹ 6** کی مدد سے چیک لسٹ پر مختصر گفتگو کریں۔
4. سبق کی جانچ کے بعد اگر پلان کیے ہوئے لیسن میں بہتری کی ضرورت ہو تو ساتھی شرکا کی رہنمائی کریں۔
5. فیڈبیک کی روشنی میں اپنا لیسن پلان بہتر بنائیں اور خود کو ان لیسن پلان کے مطابق اگلے دن کے ٹیچنگ Demos کے لیے تیار کریں۔

## سرگرمی 7: | 04:45 – 05:00

دن کے اختتام پر تمام تبادلہ خیال کیے گئے موضوعات کو دہرائیں، شرکا کی شمولیت پر ان کا شکریہ ادا کریں۔

# ہینڈ آؤٹس

## ہینڈ آؤٹ نمبر 1: جائزہ اور اس کی اقسام

### جائزہ کا تصور

1. جائزہ کو تدریس میں بہتری لانے اور طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
2. جائزہ معلومات اکٹھا کرنے اور ان پر تبادلہ خیال کرنے کا عمل ہے تاکہ طلبہ کے تعلیمی تجربات اور علم کے بارے میں معلوم کیا جا سکے کہ وہ کیا سمجھے اور کیا کر سکتے ہیں۔ اس کے نتائج کو سیکھنے کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے مختلف حکمت عملیوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔
3. یہ طلبہ کے سیکھنے اور پراگریس کرنے کے بارے میں منظم طور معلومات لینے کے بعد فیصلہ کرنے کا ایک نظام ہے اور یہ طلبہ کے سیکھنے کی مہارت، معلومات کی وضاحت، انتخاب، تجزیہ، تشریح، اور معلومات کے استعمال کرنے کا عمل ہے۔

### جائزہ کے مقاصد

1. طلبہ کی نشوونما کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینا۔
2. نصاب میں دیے گئے مقاصد کے حصول کو یقینی بنانا۔
3. طلبہ کی جماعت میں سیکھنے کی صلاحیت میں بہتری لانا۔
4. طلبہ کی کارکردگی کی بنیاد پر اساتذہ کے تدریسی طریقوں میں بہتری لانا۔
5. والدین کو ان کے بچوں کی تعلیمی کارکردگی کے بارے میں آگاہ کرنا۔

### جائزہ کی اقسام

#### تشخیصی/تدریس سے پہلے جائزہ Diagnostic Assessment

اکثر کسی طالب علم یا پورے گروپ کی صلاحیتوں، قابلیتوں، تجربات، کامیابی کی سطح یا مشکلات کا اندازہ لگانے کے لیے عنوان یا سبق یا ہفتہ وار منصوبہ بندی یا مہینہ وار منصوبہ بندی یا سال کے آغاز میں ہی معلومات جمع کر کے ان کا تجزیہ کیا جاتا ہے جسے تشخیصی جائزہ کہتے ہیں۔ اس کے بعد تدریس کی منصوبہ بندی طلبہ کے علم، صلاحیت اور مہارت کے مطابق کی جاتی ہے۔

## تشکیلی/دورانِ تدریس جائزہ Formative Assessment

یہ اسیسمنٹ اساتذہ طلبہ کو پڑھاتے ہوئے کرتے ہیں تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ انھیں پڑھایا گیا تصور سمجھ آ گیا ہے یا نہیں۔ اگر طلبہ کو سمجھ نہ آئے تو اساتذہ اسے مختلف طریقوں سے دوبارہ پڑھاتے ہیں۔ یہ اسیسمنٹ سارا سال ہوتی رہتی ہے۔ اس کا بنیادی مرکز طلبہ کی پیشرفت پر فوری بامعنی رائے مہیا کرنا ہے۔ انھیں اس بات پر غور کرنے کے قابل بنانا کہ وہ کہاں غلط کر رہے ہیں، اور ان میں بہتری لانے کے لیے کیا کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ بہت اہم ہے کہ طلبہ کو پورے کورس کے دوران اسیسمنٹ کی بنیاد پر معاونت فراہم کی جائے اور اساتذہ اس کے مطابق اپنی تدریس کو ایڈجسٹ کریں۔

## تکمیلی/تدریس کے بعد جائزہ Summative Assessment

یہ اسیسمنٹ اساتذہ ایک سبق ختم کرنے کے بعد یا پھر ایک مخصوص مدت یا دورانیہ کے اختتام پر لیتے ہیں تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ اساتذہ اپنے تدریسی مقاصد حاصل کرنے میں کس حد تک کامیاب رہے ہیں۔ اس میں خاص طور پر کسی پروجیکٹ، یونٹ، کورس، سمسٹر، پروگرام، یا تعلیمی سال کے اختتام پر طلبہ کو حاصلات تعلم کی بنیاد پر پرکھا جاتا ہے کہ وہ کس حد تک ان کے حصول میں کامیاب رہے ہیں۔ اس اسیسمنٹ میں اساتذہ طلبہ کی کارکردگی کے بارے میں طلبہ اور ان کے والدین کو آگاہ کرتے ہیں اور ان کے تعلیمی عمل میں بہتری لانے کے لیے مشاورت بھی کرتے ہیں۔

## ہینڈ آوٹ نمبر 2: دورانِ تدریس جائزہ کی حکمتِ عملیاں

ہینڈ آوٹ ۵ میں دورانِ تدریس جائزہ کی حکمتِ عملیاں کے مضمون سائنس، انگریزی اور ریاضی کے عنوان کی فہرست ہے۔ سرگرمی کے لیے شرکا کو ان حکمت عملیوں کے الگ سے کتابچے فراہم کیے جائیں گے۔

## Formative Assessment Strategies (Math)

### TABLE OF CONTENTS


| S. No | Strategies | Page No. |
|---|---|---|
| 1. | Introduction | 1 |
| 2. | Formative assessment strategies | 3 |
| 3. | Four Corners | 4 |
| 4. | Hand It In, Pass It Out | 6 |
| 5. | Self-Evaluation | 8 |
| 6. | Think-Pair-Share | 10 |
| 7. | Jigsaw | 12 |
| 8. | Stop and Go | 14 |
| 9. | Entry and Exit Tickets | 16 |
| 10. | Concept Map | 19 |
| 11. | Role play | 21 |
| 12. | Fist of five | 23 |
| 13. | Explain in to fellow | 25 |
| 14. | One-Minute Papers | 26 |
| 15. | Metacognition Sheet | 27 |
| 16. | Thumbs up thumbs down | 29 |
| 17. | Questioning | 31 |
| 18. | Repeat Pre-assessment | 34 |
| 19. | Three Minutes Pause | 37 |
| 20. | Which mathematician is right? | 39 |
| 21. | Math maze | 43 |
| 22. | Graffiti Wall | 45 |

| | | |
|---|---|---|
| 23. | Peer Assessment | 48 |
| 24. | Hiding Assessment | 50 |
| 25. | Popsicle Stick | 52 |
| 26. | Individual Whiteboards | 54 |
| 27. | Keep the Question Going | 57 |
| 28. | Sequential and Non-Sequential Ordering | 58 |
| 29. | Roll and Build | 61 |
| 30. | Giving Constructive Feedback | 62 |
| 31. | References | 70 |


## Formative Assessment Strategies (English)

### TABLE OF CONTENTS


| S.No. | Strategies | Page No. |
|---|---|---|
| 1. | Introduction | 1 |
| 2. | Formative assessment strategies for teachers | 3 |
| 3. | Choral Response | 4 |
| 4. | Cloze Procedure | 6 |
| 5. | Concept Maps/Graphic Organisers | 9 |
| 6. | Discussions | 12 |
| 7. | Examples/Non-Examples | 14 |
| 8. | Exit Cards/Exit Tickets | 16 |
| 9. | Fist to Five | 18 |
| 10. | Four Corners | 20 |
| 11. | Frayer's Model | 22 |
| 12. | Gallery Walk | 24 |
| 13. | Hot Seat | 26 |
| 14. | Individual Whiteboards | 28 |

| | | |
|---|---|---|
| 15. | Jigsaw Reading | 30 |
| 16. | KWL Charts | 32 |
| 17. | I can, I cannot | 35 |
| 18. | Matching Activities | 37 |
| 19. | Observations | 39 |
| 20. | One Minute Fluency | 41 |
| 21. | One-Sentence Summaries | 43 |
| 22. | Open-Ended Questions | 45 |
| 23. | Paper Pass | 47 |
| 24. | Peer-Assessments | 49 |
| 25. | Placemats | 51 |
| 26. | PMI | 54 |
| 27. | Questionnaires | 56 |
| 28. | Role Play | 58 |
| 29. | Sentence Prompts | 60 |
| 30. | Show of Hands | 62 |
| 31. | Teach a Friend | 64 |
| 32. | Think-Pair-Share | 66 |
| 33. | Venn Diagrams | 68 |
| 34. | Y chart | 70 |
| 35. | Giving Constructive Feedback | 73 |
| 36. | References | 83 |

# Formative Assessment Strategies (Science)

## TABLE OF CONTENTS


| Sr. No | Strategies | Page No. |
|---|---|---|
| 1. | Introduction | 1 |
| 2. | Formative assessment strategies for teachers | 3 |
| 3. | Analogy | 4 |
| 4. | Choral Response | 6 |
| 5. | Concept Maps/Graphic Organizer | 8 |
| 6. | Demonstration Stations | 10 |
| 7. | Drawings/Labelling | 13 |
| 8. | Examples/Non-Examples | 15 |
| 9. | Exit Cards/Exit Tickets | 17 |
| 10. | Fist to Five | 19 |
| 11. | Individual Whiteboards | 21 |
| 12. | Matching Activities | 23 |
| 13. | Observations | 26 |
| 14. | One Minute Essays | 30 |
| 15. | Open-Ended Questions | 32 |
| 16. | Paper Pass | 34 |
| 17. | Peer-Assessments | 37 |
| 18. | Problem Solving | 41 |
| 19. | Questionnaires | 43 |
| 20. | Questioning | 46 |
| 21. | Repeat Pre-assessments | 48 |
| 22. | Think-Pair-Share | 50 |
| 23. | Thumbs Up, Thumbs Down | 52 |
| 24. | Turn and Talk | 54 |
| 25. | Whip Around | 56 |
| 26. | Response Cards | 58 |

| | | |
|---|---|---|
| 27. | Question Shells | 60 |
| 28. | Muddiest Point | 62 |
| 29. | P-O-E (Predict- Observe-Explain) | 64 |
| 30. | Project-based assessment | 66 |
| 31. | Give me five | 68 |
| 32. | Explain a term | 70 |
| 33. | Dominoes | 72 |
| 34. | Just a minute | 74 |
| 35. | Giving Constructive Feedback | 76 |
| 36. | References | 84 |

## ہینڈ آؤٹ نمبر 3: فیڈ بیک کیسے دیں؟

ذیل میں فیڈبیک کی چار مختلف اقسام ہیں۔ آپ طالب علم کی ضرورت کی بنیاد پر ان مختلف قسم کے تاثرات کو یکجا کر سکتے ہیں۔

### 1. وضاحت:

اگر آپ کسی طالب علم کے سوچنے کے عمل کے بارے میں الجھن کا شکار ہیں یا اگر طالب علم نے ایسی غلطیاں کی ہیں جو وہ خود ہی وضاحت کرتے وقت اسے سمجھ سکتا ہے، تو پہلے خود بتانے کے بجائے طالب علم سے واضح سوالات پوچھیں جیسے:

- ______ سے آپ کا کیا مطلب ہے؟
- آپ کو وہ جواب کیسے ملا؟
- براہ کرم اپنی سوچ کی وضاحت کریں۔

### 2. تعریف:

اگر طالب علم نے کچھ اچھا کیا، تو اس کے بارے میں مخصوص فیڈبیک دیں کہ وہ کیا تھا۔ صرف "اچھا کام" نہ کہیں۔

بلکہ کہیں، 'ج' سے بہت سارے الفاظ بتانا بہت اچھی بات ہے۔" اسی طرح اگر کسی طالب علم نے جزوی طور پر درست جواب دیا تو طالب علم کو بتائیں کہ کون سا حصہ درست تھا۔

### 3. غلطی کی نشاندہی کریں:

اگر کسی طالب علم نے غلطی کی ہے، تو صحیح جواب کو ظاہر کیے بغیر اس کی نشاندہی کریں۔ طالب علم کو فوراً صحیح جواب بتانے سے گریز کرنے کی کوشش کریں تاکہ اس کی غلطی کی نشاندہی کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاسکے۔ مثال کے طور پر، " 'ج' سے ایک اور لفظ بھی آتا ہے جو آپ نے یاد کیا ہے۔"

### 4. دلچسپی برقرار رکھیں:

طالب علموں کو ان کے کام کو بہتر بنانے یا اچھا کام جاری رکھنے کے لیے کوئی اور ٹارگٹ بھی دیں۔ مثال کے طور پر، 'ج' سے کوئی 10 لفظ تلاش کرنے کی کوشش کریں!

یہ ضروری ہے کہ رائے ہمیشہ مثبت لہجے میں دی جائے اور حوصلہ افزا زبان استعمال کی جائے۔ مثالیں: "کوشش کرتے رہیں! "آپ جتنی زیادہ مشق کریں گے، اتنا ہی بہتر آپ کو سمجھ میں آئے گا!" جب طلبا اپنی غلطیوں کو درست کرتے ہیں تو اس کی حوصلہ افزائی بھی کریں۔

## ہینڈ آؤٹ نمبر 4: تدریسی ہدایات میں ایڈجسمنٹ

کسی بھی سبق کا مقصد طلباء کو زیادہ سے زیادہ سیکھنے میں مدد کرنا ہے۔اس کا ایک طریقہ طلباء کی سمجھنے کی سطح کے لیول کو دیکھتے ہوئے اس کی ضرورت کے مطابق تدریسی ہدایات میں تبدیلیاں کرنا ہے۔

اگرچہ سبق میں فوراً تبدیلی کرنا مشکل ہو سکتا ہے لیکن ایسا کرنے سے طلبہ کے علم میں اضافہ ہو گا۔اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ ہدایات کو ایڈجسٹ کرنے اور اس کے لیے حکمت عملی کا انتخاب کرنے کے طریقہ سے آگاہ ہوں۔

### تدریسی ہدایات میں ایڈجسٹمنٹ کی ضرورت کب پڑتی ہے؟

اگر آپ دیکھتے ہیں:

1۔آپ کے پاس کم وقت ہے تو آپ کو ٹیچنگ ایڈجسٹ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

50 فیصد سے زیادہ طلبا اپنا کام آپ کی منصوبہ بندی سے زیادہ آہستہ یا زیادہ تیزی سے ختم کر رہے ہیں۔

2۔ طلباء الجھن کا شکار ہیں/ طلبا کنفیوز ہیں۔

آپ ایک سوال پوچھتے ہیں،اور آدھے سے زیادہ طلبا اسے غلط سمجھتے ہیں۔

آپ سوالات کا ایک سلسلہ شروع کرتے ہیں،اور آدھے سے زیادہ طلبا اسے غلط سمجھتے ہیں،جواب نہیں دے سکتے،یا الجھن کی وجہ سے توجہ نہیں دے رہے ہیں۔

### تدریسی ہدایات میں ایڈجسٹمنٹ کے لیے کون سا طریقہ اختیار کریں؟

- **اگر آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے---<**
- کام کرنے کے لئے زیادہ یا کم وقت دیں۔
- اگر طلبا اس کام کو سمجھتے ہیں لیکن آہستہ آہستہ کام کر رہے ہیں تو انہیں کام کرنے کے لئے زیادہ وقت دیں۔
- اگر بہت سے طلبا جلدی ختم کر رہے ہیں،تو اگلی سرگرمی کی طرف زیادہ تیزی سے آگے بڑھیں۔

**اگر طلباء ایک سوال پر الجھن میں ہیں---<**

1. آسان سوالات پوچھیں۔

اگر طلبا آپ کے سوال کا جواب نہیں دے سکتے تو سوال کو آسان سوالات کے سلسلے میں توڑ دیں جو طلبا کو اصل جواب کی طرف لے جائیں گے۔

2. دوسرے طلبا سے بات کریں۔

اگر کچھ طلبا کو اس کا جواب معلوم ہے اور دوسرے نہیں جانتے تو طلبا سے کہیں کہ وہ ایک دوسرے سے بات کریں اور اپنے ساتھی کو جواب کی وضاحت کریں۔ دوسرے طلباء سے صحیح جوابات سننے سے الجھے ہوئے طلباء کے لئے واضح کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

3. فوراً دوبارہ سکھائیں.

اگر زیادہ تر طلبا ایک سوال کے بارے میں الجھن کا شکار ہیں تو اس سوال کے مواد کو دوبارہ سکھائیں، چاہے وہ پچھلے سبق سے ہی ہو۔ آخر میں تفہیم کے لیے پھر چیک کریں۔

**اگر طلبا کو ایک سے زیادہ سوالات پر الجھن میں ہیں<---**

دوبارہ تفصیل سے پڑھانے کے لیے دی گئی کسی بھی حکمت عملی کا انتخاب کریں۔

1. اپنے سبق میں اس حد تک واپس جائیں جہاں آپ کو لگتا ہے کہ طلبا آخری تصور سمجھتے تھے۔ آہستگی سے بولتے ہوئے دوبارہ شروع کریں۔ مثال کے طور پر ایک مختلف وضاحت دیں جو طلباء کو مواد کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد دے سکتی ہے۔ معلومات کے ہر نئے ٹکڑے کے بعد سمجھنے والے سوالات پوچھیں۔ اس لمحے آپ کو نئے سوالات کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ طلباء کو سوچنے کے لئے کافی وقت دیں۔

2. فیڈ بیک اور زیادہ مشق. کلاس کو یہ فیڈ بیک دیں کہ انھیں کس عنوان/تصور پر کام کرنا ہے اور پھر طلبا کو اپنے طور پر یا گروپ میں مکمل کرنے کے لیے اضافی سوالات یا کام دیں۔

# ہینڈآؤٹ نمبر5: Lesson Plans

## ENGLISH

LESSON PLAN ■■■ MULTIGRADE

| Lesson Plan 1 | | In accordance with SNC (Single National Curriculum) | Multigrade Planner | |
|---|---|---|---|---|
| **Month: December 2021** | | **SLOs** | **Unit / Chapter** | **Topic** |
| **Grade /Class** | **Grade 4** | • Use pre-reading strategies to:<br>○ predict the content/ vocabulary of a text from pictures and title etc., by using prior knowledge. | Unit 7 | Colours of Pakistan |
| | **Grade 5** | • Use pre-reading strategies to:<br>○ predict the content of a text from topic / picture, title / headings etc. by using prior knowledge.<br>○ guess the meaning of difficult words through context.<br>○ scan a simple text for specific information. | Unit 5 | Amazing Planet |
| **Resources Required** | Grade 4 & 5 Textbook | | | |
| **Essential Points** | Predictions can be made by observing pictures and by looking at the titles. | | | |
| **Time Duration** | 40 minutes | | | |

**TEACHING ACTIVITIES**

**Activity 1: Introduction – (5 min)** **Multigrade – G 4 & 5**

- Greet the students and ask them how they are doing. Wait for the students to respond.
- Ask them the name of our planet. Let them respond.
  - Expected Answer: Earth
- Write it down on the writing board.
- Elicit responses by asking them what they know about the Earth.
- Ask the students if they think Earth is an amazing place to live in. Discuss why they think Earth is an amazing place to live in.
- Show the title and let them predict what the content will be. Steer the discussion from our Earth to Pakistan being our homeland. Next, ask the students if they can guess what today's lesson will be about. Wait for responses.
- Write the closest ones on the writing board.

**Activity 2: Picture Activity – (17 min)** **Multigrade – G 4 & 5**

- Instruct the students to sit in multigrade groups: two students of Grade 4 and three students of Grade 5 in each group. (The group size and ratio can vary depending upon the class size.)
- Ask them to turn to **page no. 46** in their **Grade 5 English Textbook.**
- Instruct students to share the textbook with Grade 4 students.
- Ask them to look at the picture. Point out how all of them seem to be happy in the picture.
- In their groups, ask students to discuss what makes them happy.

- Give them 5 minutes to look at the picture and discuss.



- Ask each group to share their points.
    - Expected Answers: they can talk about the weather being pleasant, the park, greenery, animals enjoying, flowers, etc.
- Ask students how we are harming our surroundings and the planet.
- Give them 5 minutes to discuss it in their groups. Once they have discussed, have a whole class discussion on the ways in which we are harming the planet: pollution, gases and smoke, noise pollution, littering, cutting down trees and spitting on the floor.
- Move the discussion to global warming and climate change.

**Activity 3: Making predictions – (12 min)** **Multigrade – G 4 & 5**

- Students remain seated in their multigrade groups.
- Instruct them to open their **Grade 4 Textbook** to **page no. 67**. Share the textbook with Grade 5 students.
- Ask them to look at the picture on **page no. 67**
- Let them observe the picture for two minutes.
- Then ask them to share what they have noticed.



- Expected answers: boys and girls dressed up in cultural clothes, role play, fancy dress show, holding books with greetings and polite words written on them.
- Next, write the title of the unit on the writing board: Colours of Pakistan.
- Ask students to predict what the unit will be about by looking at the title and the picture on **Grade 4 Textbook page no. 67**.
- Ask groups to discuss for 5 minutes amongst the members.
- Each group will then share their response(s) and will also explain what makes them think so.
- Note down their responses on the writing board.

**Activity 4: Formative Assessment – Fist to Five – (5 min)** **Multigrade – G 4 & 5**

- Once each group has shared their responses and the reason behind, the teacher will then share what the lessons are all about.
- Ask the others to use Fist to Five to tell how close their responses are.
    - If they are correct, they will show a complete fist of five.
    - If they completely disagree, they will show a closed fist.
    - If they are in between, they will show fingers accordingly.

## MATHEMATICS

